(مذہب شیعہ کی کتاب ہے حضرات اہل سنت احتیاطاً ملاحظہ نہ فرمائیں)

إِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا

الحمد للہ کہ یہ نسخۂ لاجواب وصحیفۂ انتخاب جامع مسائل حرام وحلال حاوی وظائف واعمال مطلوب مومنین کرام یعنی

تحفۃ العوام

حسب فتاوائے سرکار شریعت مدار سید العلماء الاعلام سند الفقہاء العظام مجتہد العصر جناب مولانا ومقتدانا مفتی سید احمد علی صاحب قبلہ دام ظلہ العالی ابن حضرت حجۃ الاسلام آیۃ اللہ فی الانام مجتہد العصر والزمان جناب مفتی سید محمد عباس صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہ

بتصحیح

وتنقیح واضافہ بعض مطالب ضروریہ جناب مولانا مولوی سید مظفر حسین صاحب قبلہ

وباہتمام

کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

بار دہم

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں طبع ہوا

(اعلان) حق تالیف وتحشی اس کتاب کا بحق مطبع ہذا محفوظ ہے کوئی صاحب بلا اجازت مالک مطبع اسکے کل یا جزو کے چھاپنے کا قصد نہ فرمائیں

Marfat.com

3117

ذخیرہ
احمد شرقپوری نقشبندی ... لاہور پاکستان

تقریظ

باسمہ سبحانہ

برادران ایمانی و اخلائے روحانی! یہ کتاب مستطاب اس نامی گرامی مطبع مین چند بار بہ ترمیم و تصحیح بعض افاضل طبع ہو چکی ہو۔ فی الحال بحکم محکم جناب مالک مطبع دام اقبالہم و ضاعف اجلالہم مین نے اس صحیفہ سامیہ کو من اوّلہ الی آخرہ دیکھا ہو اور تاریخہائے ولادت و وفات حضرات ائمہ معصومین علیہم السلام و تاریخہائے سعد و نحس دوازدہ ماہ بالاختصار حسب مختار سرکار شریعتمدار سید المتکلمین آیۃ اللہ فی العالمین و حجۃ علی الجاحدین جناب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر والزمان حضرت مولانا و مقتدانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ مدظلہ العالی بدوام الایام واللیالی مندرج کیگئی ہین اور چونکہ مسائل دین مین تقلید مجتہد حی لازم ہو لہذا بمقصد تکمیل کتاب جناب سرکار شریعتمدار سید العلما الاعلام سند الفقہاء العظام سباح عباب التدقیق سیاح عوالم التحقیق حضرت مجتہد العصر جناب مولانا مفتی سید احمد علی صاحب قبلہ متع اللہ المومنین بطول بقائہ ابن حضرت حجۃ الاسلام آیۃ اللہ فی الانام مجتہد العصر والزمان جناب مفتی سید محمد عباس صاحب قبلہ رفع اللہ درجاتہ فی فرادیس الجنان کی خدمت فیضدرجت مین ملاحظہ ابواب مسائل کیلیے التماس کیا اور جناب موصوف نے کل مسائل مندرجہ کو حسب فتاوی اپنے درست فرما دیا بقیۂ اعمال و ادعیہ کو لفظ بہ لفظ مین نے کتب معتبرہ علماء اعلام نور اللہ ضرائحہم سے بہ تحقیق و تدقیق مطابق کردیا ہے اور جو چیزین عند التحقیق موضوع یا غیر معتبر تھین اُنھین خارج کر کے بجائے اُنکے بعض معتبرات کو لکھدیا ہے بلکہ بالاختصار بعض اضافات بھی کیے گئے ہین تاکہ اہل علم و فضل کے لیے محل تامل نہ رہے اور مومنین متقین باطمینان خاطر عمل فرماکے ماجور و مثاب ہون۔ واللہ ولی التوفیق۔

حررہ الآثم سید مظفر حسین احسن اللہ الیہ

Marfat.com

فہرست ابواب ومطالب تحفۃ العوام

حصۂ اول

مطالب	صفحہ
دیباچہ	۲
باب ۱ اصول دین مین	۳
صفات ثبوتیہ	〃
صفات سلبیہ وبیان عدل	۴
بیان نبوت وامامت	۵
بیان رجعت وقیامت	۶
باب ۲ فروع دین مین	۷
باب ۳ نجاسات ومطہرات مین	۸
نجاسات دس ہین	〃
مطہرات بارہ ہین	〃
طریق طہارت آب قلیل	۱۰
وزن آب کر وغسلہائے واجب	۱۲
احکام زنان وایام حیض	۱۴
احکام استحاضہ	۱۶
احکام وضو وفوائد مسواک	۱۷
ادعیۂ وضو -	۱۸
بیان مسح ودعائے مسح	۱۹
ثواب عابد از وضو وغسل	۲۰
نواقض وضو	〃
بیان تیمم -	۲۱
باب ۴ ثواب نماز وعذاب ترک نماز مین	۲۳
چالیس فائدے نماز کے -	۲۴
عذاب ترک نماز نظم مین	۲۵
باب ۵ بیان نماز وغیرہ مین	〃
فضیلت تسبیح وسجدہ گاہ اور بیان اُن چیزون کا جنپر سجدہ جائز ہے -	۲۶
حال نماز سفر مین	〃
کیفیت نماز	۲۸
بیان اذان	〃
نیت نماز ودعا ابتدائے نماز	۲۹
طریق پڑھنے نماز پنجگانہ کا	۳۰
بیان قنوت وتشہد	۳۲
مسائل متفرقہ متعلق نماز	〃
بیان مکروہات مکان مصلی	۳۴
باب ۶ ثواب تسبیح وتعقیبات	۳۵
تعقیب ہر نماز وغیرہ	〃
واجبات وارکان ومبطلات نماز	۴۰
باب ۷ شکیات نماز وغیرہ مین	۴۲
ترکیب نماز شک وبیان سجدہ سہو	۴۴
تدارک سہو -	۴۵
باب ۸ نوافل شب وروز مین	۴۶
بیان نماز غفیلہ	۴۸
فضائل نماز شب مع وقت	۴۹
باب ۹ بیان نماز جعفر طیار مین	۵۱
باب ۱۰ حکم آب چاہ مین -	۵۳
باب ۱۱ دعائے ہلال ونماز وتاریخہائے نحس اکبر وغیرہ مین	۵۵
باب ۱۲ تاریخہای نیک وبد ہر ماہ کے بیان مین -	۵۷
باب ۱۳ بیان ایام ہفتہ کے نیک وبد کا	۶۲
باب ۱۴ بارہ مہینون کی سعد ونحس تاریخون کے بیان مین	۶۴
نقشہ ولادت ووفات حضرات معصومین علیہم السلام	۷۰
باب ۱۵ اعمال ماہ رجب مین	۷۱
ثواب وطریق نماز جناب سلمانؓ	۷۴
اعمال پندرھوین رجب کے	۷۵
عمل اُمّ داؤد -	۷۶
اعمال شب وروز مبعث	۸۱
باب ۱۶ اعمال ماہ شعبان مین	۸۲
اعمال پندرھوین شب شعبان کے	۸۴
عمل سورۂ یٰس	۹۳
باب ۱۷ بیان ماہ رمضان مین	۹۵
مبطلات روزہ مع دیگر مسائل	۹۶
آداب روزہ ودعائے ہلال ماہ رمضان -	۹۹
اعمال شب اول	۱۰۰
اعمال روز اول بیان فضائل دعا	۱۰۲

Marfat.com

مطالب	صفحہ	مطالب	صفحہ	مطالب	صفحہ
ادعیہ ہر شب	۱۰۳	دعائے آخر روز عاشورا	۱۸۰	دعائے حفاظت تا سال آئندہ	۲۰۸
فضیلت سحر خوردن مع دعا سحر	۱۰۷	باب ۲۱ زیارت اربعین مین	۱۸۲	باب ۲۹ دعائے توبہ و وصیت وغیرہ مین	〃
دعائے سحر مختصر	۱۰۸	باب ۲۲ بیان مین زکوٰۃ کے	۱۸۴	دعائے توبہ و بیان وصیت	۲۰۹
اعمال ہر روز ماہ رمضان	۱۱۰	باب ۲۳ خمس کے بیان مین	۱۸۶	دعائے شہادت نامہ	۲۱۱
تیس دعائین تیس دن کی	۱۱۲	باب ۲۴ ادعیہ و اعمال ماہ صفر مین	۱۸۷	دعائے عدیلہ	۲۱۴
بیان شبہائے قدر مع اعمال	۱۱۵	باب ۲۵ بیان اعمال شب و روز جمعہ مین	۱۹۰	باب ۳۰ واجبات غسل و کفن مین	۲۱۷
دعائے مکارم الاخلاق	۱۱۸	اعمال شب جمعہ مع دعائے حجاج	〃	طریق غسل دینے میت کا	۲۱۸
دعائے توبہ	۱۲۲	اعمال روز جمعہ	۱۹۳	احکام جنین و تیمم دینے میت کا	۲۲۰
ادعیہ آخر دہہ و شب روز	۱۲۴	باب ۲۶ تولد و وفات و زیارت		کفن پنہلانے کی ترکیب	۲۲۱
ادعیہ مخصوصۂ شبہا۔ دہہ آخر۔	۱۲۶	چہاردہ معصومین علیہم السلام مین	۱۹۹	ترکیب نماز میت	۲۲۳
دعائے جوشن کبیر	۱۳۱	زیارت حضرت رسولخدا صلعم	〃	ثواب جنازہ اٹھانے اور طریق	
دعائے جوشن صغیر	۱۵۱	زیارت جناب فاطمہؑ۔	〃	کندھا دینے کا	۲۲۵
باب ۱۸ بیان شب عید و فطرہ و		زیارت جناب امیر علیہ السلام	۱۹۷	تلقین برائے مرد	۲۲۶
نماز و قنوت۔	۱۶۰	زیارت حضرت امام حسنؑ	۱۹۹	تلقین برائے عورت	۲۲۸
بیان فطرہ و وزن صاع	۱۶۱	زیارت حضرت امام حسینؑ	〃	ابیات دوازدہ امام برو فاتحہ	
نماز عید مع دعائے قنوت	۱۶۲	زیارت حضرت علی اکبرؑ	۲۰۱	سوم اموات	۲۳۲
باب ۱۹ اعمال ماہ ذیحجہ مین	۱۶۳	زیارت شہداء کربلا و زیارت جامعہ	۲۰۲	باب ۳۱ بیان اعمال خیر برائے	
بیان عید قربان	۱۶۵	زیارت امام موسی کاظمؑ	۲۰۳	میّت	۲۳۳
دعائے قربانی	۱۶۶	زیارت حضرت امام رضاؑ	۲۰۴	نماز ہدیہ برائے والدین۔	۲۳۴
بیان عید غدیر۔	۱۶۸	زیارت حضرت امام محمد تقیؑ	〃	باب ۳۲ ادعیہ وقت خواب و در	
دعائے اخوت بروز عید غدیر	۱۷۰	زیارت حضرت امام علی نقیؑ و امام		صبح ایام ہفتہ مین۔	۲۳۵
بیان عید مباہلہ۔	〃	حسن عسکری و حضرت صاحب الامر		نقوش واسطے دیکھنے ہر روز کے	۲۳۷
باب ۲۰ بیان ماہ محرم مین	〃	علیہم السلام	۲۰۵	دعائے روز یکشنبہ	۲۴۰
اعمال شب و روز عاشورا	۱۷۱	باب ۲۷ بیان نماز آیات مین	۲۰۶	دعائے روز دوشنبہ	۲۴۱
اعمال بطریق دوم روز عاشورا	۱۷۶	باب ۲۸ اعمال نوروز مین	۲۰۷	دعائے روز سہ شنبہ و چہار شنبہ	۲۴۲

Marfat.com

مطالب	صفحہ	مطالب	صفحہ	مطالب	صفحہ
دعائے روز پنجشنبہ	۲۴۳	دفع بواسیر وکثرۃ ملالہ وبول بخواب	۲۶۹	امور باعث فقیری	۲۸۲
دعائے روز جمعہ وشنبہ	۲۴۴	دفع حبس بول وقئے وہچکی	۲۷۰	امور باعث توانگری	۲۸۳
دعائے حاجت ہر روز پڑھے	۲۴۵	دفع درد نیم سر وتپ	〃	باب ۱۰ حقوق والدین وغیرہ	〃
حصۂ دوم		دفع صرع ودرد تمام سر ودرد وبا	۲۷۱	ثواب نیکی کرنے کا اقربا سے	〃
		باب ۶ فوائد آب نیسان مین	〃	حقوق والدین	۲۸۴
باب ۱ بیان نجس وحرام چیز مین	۲۴۷	برائے دفع ہر مرض دعائے نور	۲۷۲	باب ۱۱ بیان حمل حدیث مین	〃
ذکر وسعت رزق وعمل یا وہاب	〃	دفع تپ غب وتپ لرزہ	۲۷۳	باب ۱۲ ثواب مباشرت ومتعہ مین	۲۸۸
اعمال برائے وسعت رزق	۲۴۸	طریق کھانے خاک شفا کا	〃	باب ۱۳ بیان نکاح مین۔	۲۹۰
باب ۲ بیان حاجات ومہمات وغیرہ مین	۲۵۰	عمل گوسفند وگندم وکبوتر	۲۷۴	حقوق شوہر کے زوجہ پر	۲۹۴
دعائے جلیلہ سابسب۔	۲۵۲	عمل گوسفند برائے وبا۔	۲۷۵	حقوق زوجہ کے شوہر پر	〃
دعائے مبارکہ مشلول۔	۲۵۸	دعائے عریضہ جناب صاحب الامر	۲۷۶	باب ۱۴ بیان نکاح نامہ مین	۲۹۵
اعمال ادائے قرض	۲۶۱	باب ۷ تولد فرزند وطلب اولاد مین	۲۷۷	باب ۱۵ بیان صحبت وغیرہ مین	〃
باب ۳ بیان تسخیر ومحبت مین	۲۶۲	برائے حفاظت حمل	〃	باب ۱۶ بیان نفقہ وغیرہ مین	۲۹۹
حساب حیات وموافقت زن وشوہر	۲۶۳	لھہنے حمل وآسانی وضع حمل کیلیے	۲۷۸	بیان تقسیم راتون کا	〃
برائے دفع نسیان وزبان بندی و		دفع ام الصبیان وگریہ طفل	〃	احکام دودھ پلانے کے	۳۰۰
ادائے قرض ورہائی قیدی	۲۶۴	برائے چیچک اور کھانے خاک کے	۲۷۹	باب ۱۷ بیان طلاق وغیرہ مین	۳۰۱
باب ۴ دفع ظالم وآمدن گم شدہ وغیرہ	〃	دودھ زیادہ ہو اور آسانی سے		اقسام طلاق	۳۰۲
اعمال سلامتی سفر وجانا پاس حاکم کے	۲۶۵	دانت نکلین	〃	احکام طلاق رجعی	〃
دفع خوف ونظر بد ودفع جن و		احکام وقت تولد وعقیقہ		بیان عدت کا	۳۰۳
ردسحر ودفع ظالم	۲۶۶	دعائے عقیقہ برائے پسر ودختر	۲۸۰	بیان خلع کا	۳۰۴
نماز رد مظالم	۲۶۷	بیان ختنہ	〃	بیان ظہار کا	۳۰۵
دعائے رد مظالم وقوت حافظہ	۲۶۸	احکام دودھ پلانے فرزند کے	۲۸۱	بیان ان عورتون کا جو بسبب	
باب ۵ دفع امراض مین	〃	باب ۸ بیان استخارہ وغیرہ مین	〃	نسب یا کسی سبب کے حرام ہین	۳۰۶
دفع ضعف چشم وجذام	۲۶۹	احکام سر تراشیدن وفصد وشاخ	۲۸۲	باب ۱۸ علم قرائت مین	۳۰۶
برائے صحت ودفع آزار چشم	〃	باب ۹ بیان اشیا وفقیری وتوانگری	〃		

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہے سزاوار حمد وہ معبود | جسکی طاعت مین سب ہین مسجود | شکر اُسکا ہو کس زبان سے ادا
اُسنے کیا کیا نہ کچھ کیا پیدا | لے ملائک سے تا جن و بشر | آسمان و زمین قضا و قدر
ہے صلوٰۃ و سلام کے لائق | وہ جو سب انبیا پہ ہے فائق | مرشد و فخر ہر نبی و ولی
یعنی حضرت محمد عربی | ہو درود و سلام اُسپہ سدا | وہ جو تھا ناصر رسول خدا
مرتضیٰ وہ امام برحق ہے | مصطفیٰ کا وصی مطلق ہے | آل احمد پہ ہو درود و سلام
ہین جو ہر اک امام ابن امام | ایک کے بعد ایک تا مہدی | سب ہین حجت خدا کے بعد نبی

پس معلوم کرنا چاہیے کہ ہر مکلف پر واجب و لازم ہے کہ اپنے عقائد کو درست کرے یعنی اصول دین اور فروع دین اور نماز و روزہ دریافت کرے اور کتابین اس مقدمہ مین عربی و فارسی بہت ہین اُن مین سے یہ خلاصہ بزبان اُردو اس احقر حاجی حسن علی نے تالیف کیا کہ مردم عوام کو فائدہ ہو اور اعمال سال مع ضروریات کہ جسکی حاجت ہوتی ہے لکھے کہ مومنین کو آسانی ہو اور نام اس خلاصہ کا تحفۃ العوام رکھا اب خدمت برادران ایمانی مین یہ اردأ الخلائق اذل الکونین سید تصدق حسین رضوی عرض کرتا ہے کہ بموجب حکم مالک مطبع دام اقبالہ مین نے اس کتاب کو بہت وسعت دی اور صدہا چیزین ضروری اضافہ کین چنانچہ ناظرین فہرست کتاب سے

Marfat.com

اور نیز بروقت مطالعہ خود معلوم فرمالین گے کہ کسقدر اضافہ ہوا ہے اور کیا کیا بکار آمد چیزین درج کی گئی ہین اگرچہ اسکی صحت مین احقر نے بڑا اہتمام کیا ہے تاہم عرض ہے کہ سہو و خطا پر عفو فرمادین

مقدمہ حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہے کہ اپنے تابعین کو معرفت تعلیم کرو پس والدین واسطے اولاد کے اس باب مین اولی ہین کہ جب لڑکا سن تمیز کو پہونچے اسکو نام خدا اور رسول اور ائمہ ہدی صلوٰۃ اللہ علیہم کے سکھادین اور جب سات برس کا ہو تب نماز تعلیم کرین اور جب نو برس گذرین اور نماز نہ پڑھے تو مارنا لازم ہے واضح ہو کہ مکلف کے معنی ہین تکلیف دیا گیا اور تکلیف شرع بعد بلوغ کے ہوتی ہے پس بلوغ مرد کی نشانی یہ ہے سوتے مین احتلام کا ہونا یا ناف کے نیچے بالون کا نکل آنا یا پورے پندرہ برس کا سن ہونا انمین سے جو بات پہلے ظاہر ہو جائے مرد بالغ ہو گیا اور عورت کے بلوغ کی نشانی یہ ہے خون حیض کا آنا یا ناف کے نیچے بالون کا نکل آنا یا پورے نو برس کا سن ہونا انمین سے جو بات پہلے ظاہر ہو جائے عورت بالغہ ہو گئی پس اول چاہیے مکلف کو کہ اصول دین دریافت کرے بعد اسکے نماز اس لیے کہ پہلے ایمان حاصل ہو لے تب عبادت مین مصروف ہو اسواسطے ابتدا اصول دین سے کیجاتی ہے

باب پہلا اصول دین مین

وہ پانچ ہین توحید اور عدل اور نبوت اور امامت اور قیامت اور اس مین پانچ فصلین مین

فصل پہلی توحید مین اسمین دو مطلب ہین **مطلب اول** بیان مین صفات ثبوتیہ کے وہ آٹھ ہین کہ جو خدا کی ذات کے لائق ہین اول قدیم یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا دوم قادر ہے ہر چیز پر یعنی قدرت رکھتا ہے جیسے ایک اس عالم کو پیدا کیا ہے چاہے تو دوسرا اور پیدا کرے تیسرے عالم ہے یعنی جاننے والا ہے ہر چیز کا چوتھے حی یعنی ہمیشہ سے زندہ ہے اور ہمیشہ زندہ رہیگا پانچوین مرید ہے یعنی صاحب ارادہ ہے اور جو چیز واقع ہوتی ہے اسکے اختیار سے ہوتی ہے نہ از روئے اضطرار کے جیسے کہ آگ جلانے کے وقت بے قابو ہوتی ہے چھٹے مدرک ہے یعنی دریافت کرنے والا ہے ہر چیز کے ظاہر و باطن کا باوجودیکہ آنکھ اور کان نہین رکھتا ساتوین متکلم ہے

Marfat.com

یعنی پیدا کرنے والا کلام کا ہے جس چیز سے چاہے چنانچہ درخت کو قدرت دی تھی کہ موسیٰ علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام سے باتین کرتا تھا آٹھوین صادق ہے یعنی کلام خدا کا درست اور سچ ہے **مطلب دوسرا** صفات سلبیہ مین کہ یہ خدا کی ذات پر لائق نہین ہین اول یہ کہ خداوند تعالے شریک اور مثل اپنی ذات مین نہین رکھتا دوسرے مرکب نہین یعنی جسم اور عرض و جوہر سے نہین بنا ہے مانند آدمی کے کہ آب وگل سے ترکیب پایا ہے تیسرے متحیز نہین ہے یعنی ایک جگہ اور ایک مقام مین نہین ہے وہ اپنی قدرت کاملہ سے ہر جگہ حاضر و موجود ہے مخصوص کوئی مقام و مکان نہین رکھتا وہ لامکان ہے چوتھے اسکی ذات پر حلول روا نہین ہے اور حلول اسے کہتے ہین کہ ایک چیز دوسری مین سما جاوے جسطرح کہ آدمی کے بدن مین روح حلول کرتی ہے جب روح نکل جاتی ہے تب آدمی مرجاتا ہے پس حق تعالیٰ کے لیے یہ بات روا نہین ہے پانچوین خدا محل حوادث نہین ہے کہ احوال مختلف رکھتا ہووے کہ پہلے اور طرح تھا بعد اسکے اور طرح کا ہو گیا جیسے کہ جوان تھا بڈھا ہو گیا جاگتا تھا سو گیا اسکو حدوث کہتے ہین کہ ایک حال سے دوسرا حال ہو جاوے پس حق تعالیٰ اس عیب سے بری ہے چھٹے مرئی نہین ہے یعنی خدا دیکھنے مین نہین آتا ہے نہ آئے گا نہ دنیا مین نہ عقبیٰ مین، ساتوین محتاج دوسرے کا ذات اور صفات مین نہین ہے مثل مخلوق کے آٹھوین صفات زائد اسکی ذات پر نہین ہین سب صفات عین ذات اسکی ہین مثل اسکے کہ آدمی جب لکھنے لگا تب کاتب ہوا کتابت کا فن اسکی ذات سے زائد ہے پس خدا ایسا نہین ہے **فصل دوسری** عدل مین یعنی خدا عادل ہے اور عدل کا حکم دیا ہے پس جو شخص جیسا فعل کریگا ویسا بدلا اور نتیجہ پاویگا جو اعمال نیک کریگا ثواب اور درجات بہشت پاویگا اور جو اعمال بد عمل مین لائیگا تو داخل دوزخ ہوگا اور فعل خدا تعالیٰ کا سب موافق مصلحت اور حکمت کے ہے دروغ اور خلاف وعدہ کے اس سے واقع نہین ہوتا ہے اور ظلم اور فعل بد اس سے صادر نہین ہوتا اسنے خود ظالمون پر لعنت کی ہے اور جو آپ ہی آدمی سے فعل بد کراوے بعد اسکے دوزخ مین ڈالے تو عین ظلم اسکی

صفات سلبیہ

بیان عدل

Marfat.com

طرف عائد ہوتا ہے معاذ اللہ پھر لعنت ظالمون پر کسواسطے کرتا پس جاننا چاہیے کہ بندہ اپنے فعل کا آپ مختار ہے بدی بندہ ہی کی ذات سے ہے **فصل تیسری** بیان مین نبوت کے مکلف اعتقاد کرے کہ سب انبیا خدا کی طرف سے خلق پر مبعوث اور مامور ہوے ہین اور سب برحق ہین اور جو کتابین انپر نازل ہوئی ہین وہ سب خدا کی طرف سے ہین اور جو معجزات انکے ہاتھون سے واقع ہوے ہین سب صحیح اور درست ہین اور وہ سب انبیا معصوم ہین یعنی اول عمر سے آخر عمر تک گناہ صغیرہ اور کبیرہ سے عمداً اور سہواً پاک اور منزہ ہین اور کوئی صفت بد انکی ذات مین نہین ہے مثل بغض و کینہ اور کج خلقی وغیرہ کے اور ایسے مرضون سے بھی وہ سب بری ہین کہ جو موجب نفرت خلائق ہون مانند کوڑھ و داغ سفید کے بدن مین اور اندھا بہرا گونگا ہونا اور جو پیشہ برا رذالت کا ہے مانند حجامی و جولاہہ پن اور حمامی وغیرہ کے وہ سب نہین کرتے اور کسی نبی سے کوئی خطا عمداً اور سہواً نہین ہوئی جو فرقے کہ خطا کے قائل ہین وہ ایمان سے بہرہ نہین رکھتے ہین اور جنکے پاس کتاب ہے وہ رسول ہین اور جنکے پاس کتاب نہین ہے وہ نبی ہین انھین رسولونکی کتابون پر انکا عمل ہوا ان سب کے بعد جناب خاتم النبیین محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ اجمعین بیٹے حضرت عبد اللہ بیٹے حضرت عبد المطلب بیٹے حضرت ہاشم بیٹے حضرت عبد مناف کے افضل و اعلیٰ ہین سب پیغمبرون سے دین اور قرآن ان کا باطل اور منسوخ کرنے والا ہے اور ادیان اور کتابونکا یعنی دین حضرت کا ناسخ ہے سب نبیون کا اور تا قیامت یہ دین ایک حال پر برقرار رہیگا **فصل چوتھی** بیان مین امامت کے جاننا چاہیے کہ انبیا کی طرح امام بھی منصوص من اللہ ہین یعنے خدا کی جانب سے مقرر ہوے ہین پس بعد جناب محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بے فاصلہ جناب علی ابن ابیطالب علیہ السلام بحکم خدا وصی اور جانشین ہوے اور امام ہوے اور پر تمام مخلوقات کے بعد انکے بیٹے انکے حضرت امام حسن علیہ السلام امام ہین بعد انکے بھائی انکے حضرت امام حسین علیہ السلام امام ہین بعد انکے بیٹے انکے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام امام ہین بعد انکے بیٹے انکے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام امام ہین بعد انکے بیٹے انکے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

Marfat.com

امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت
امام موسی رضا علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام امام ہین
بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام علی نقی علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام
حسن عسکری علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام امام ہین
پس یہ بارہ امام معصوم ہین اور جناب رسالت مآب اور جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا بھی دو
معصوم ہین انھین کو چہاردہ معصوم کہتے ہین امامون مین سے گیارہ معصوم شہید ہوے اور جناب
امام محمد مہدی علیہ السلام بارھوین امام بسبب ظلم ظالمون کے بامر خدا غائب ہوے اور زندہ ہین
جب مصلحت ہوگی خدا کی تب ظاہر ہونگے تمام عالم کو عدل سے معمور کرینگے بعد اسکے کہ ظلم سے
بھر گیا ہوگا اور سب امام مثل انبیا کے پاک معصوم اور منزہ ہین عمداً اور سہواً کوئی خطا انسے صادر
نہین ہوئی اول عمر سے آخر تک اور تمام انبیا اور رسولون اور اوصیا کے مان باپ مومن اور
مومنہ ہین پس جس نبی اور وصی کے مان باپ مومن نہونگے وہ نبی اور وصی نہوگا جیسا کہ حضرت
ابراہیم خلیل اللہ کے باپ تارخ تھے آذر بت تراش نہ تھا بلکہ یہ آپ کا چچا تھا چونکہ آذر نے حضرت
ابراہیم کو پالا تھا اور عرب لوگ چچا کو بھی باپ کہتے ہین اس سبب سے کلام اللہ مین لفظ
اب آیا ہے اور اسی طرح جو نبی اور وصی عاصی اور خاطی ہوگا وہ نبی اور وصی نہوگا اور اسیطرح وصی
بھی چاہیے کہ معصوم ہو اگر عاصی مقام نبی پر حکمرانی کرے وہ ظالم اور غادر ہوگا اور ایمان لانا
رجعت پر بھی واجب ہے یعنی جناب صاحب الامر علیہ السلام ظہور اور خروج فرمائینگے اسوقت مومن
خاص اور کافر و منافق مخصوص سب زندہ ہونگے عالم کو پر از عدل و داد کرینگے ہر ایک اپنی
داد و انصاف کو پہونچے گا اور ظالم سزا پائینگے

فصل پانچوین بیان مین قیامت کے بیان قیامت

مراد قیامت سے یہ ہے کہ خداے تعالی خاک سے جسمون کو پیدا کریگا اور روحون کو انمین داخل کرکے
زندہ کریگا مومن دیندار داخل بہشت ہونگے اور جو کافر و بدکار ہے اسے دوزخ مین جگہ ملے گی
اور پہلی صور کی آواز سے مردے قبر سے زندہ ہوکر نکلین گے دوسری آواز مین سب جاندار

Marfat.com

مرجائینگے سوائے ذات خدا کے کوئی باقی نرہیگا اور تیسری آواز مین صور کی پھر سب زندہ ہونگے حساب وکتاب سب کا ہوگا اور بعد اسکے کبھی نہ مرینگے جو قابل بہشت ہے جنت مین رہیگا اور جو قابل دوزخ ہے جہنم مین جلا کریگا اور جناب رسول خدا و ائمہ ہدیٰ صلوات اللہ علیہم وقت موت اور بنابر مشہور قبر مین ہر شخص کی تشریف لاتے ہین مومن کو بشارت آسانی موت کی دیتے ہین اور کافر و منافق کو شدت عذاب و عقاب کی خبر دیتے ہین اور اسی طرح قیامت مین اپنے دوستون کی شفاعت کرینگے اور دشمنون کو دوزخ مین ڈالینگے ؛

باب دوسرا فروع دین کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ فروع دین چھ ہین اول نماز دوم روزہ ماہ مبارک رمضان سوم زکوۃ ۔ چہارم خمس پنجم حج ششم جہاد اول چار چیزون کا بیان اس مختصر مین اپنی اپنی جگہ برآویگا اور حج کے اعمال بہت طولانی تھے اسو جہسے نہین لکھے گئے مگر حکم اسکا یہ ہے کہ مرد[1] بالغ ہو اور عاقل ہو یعنی دیوانہ وغیرہ نہوا اور آزاد ہو یعنی کسی کا غلام نہوا اور قرضدار[2] بھی کسی کا نہو اور مستطیع بھی ہو یعنی اسقدر مقدور رکھتا ہو کہ سواری پر جاوے اور آوے اور راہ کی آمد و رفت کا خرچ رکھتا ہو اور اہل و عیال کے خرچ کو بھی اسقدر دے جاوے کہ اسکے واپس آنے تک وہ خرچ کفایت کرے اسوقت حج واجب ہوتا ہے اور جہاد اس زمانہ مین مفقود ہے کیونکہ اسمین شرط ہی کہ امام کے ہمراہ یا امام کے حکم سے کافرون سے لڑے یا لڑنے جاوے اور تین شرطین اور بھی ہین یعنی بالغ اور عاقل اور آزاد ہو واضح ہو کہ عراق کے مجتہدون خصوصًا جناب سرکار میرزا محمد حسن شیرازی نور اللہ مرقدہ کے نزدیک فروع دین[3] دس ہین چھ تو یہی جو مذکور ہوے اور چار یہ ہین ہفتم امر بالمعروف یعنی حتی الامکان لوگون کو اچھی باتون کا حکم کرے اور احکام خدا کی جسقدر اسکے معلوم ہون تعلیم دے

[1] وجوب حج کی چار شرطین ہین بلوغ عقل حریت استطاعت آخری شرط مین بہت سی چیزین داخل ہین جنکی تفصیل کا یہ محل نہین ۱۲ منہ [2] شرائط وجوب حج مین سے یہ نہین ہے کہ قرضدار نہو البتہ مستطیع ہونا شرط ہے پس اگر اتنا مالدار ہے کہ زاد سفر اور نفقہ واجب اورادائے قرض پر قادر ہے یا قرضخواہ کو اسپر راضی کرسکتا ہے کہ وہ ابھی اپنا قرض نہ دے یا قرضخواہ کی ابھی مدت ادائے قرض نہین آئی ہے تو اسپر بھی حج واجب ہوجائیگا ۱۲ منہ مدظلہ [3] فروع دین دس ہین جو متن مین مذکور ہین ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

اور پند و نصیحت کرے ہشتم نہی عن المنکر یعنی جہان تک ممکن ہو لوگون کو بُری باتون سے منع کرے اور عقاب خدا سے ڈراوے نہم تولا یعنی اہل بیت علیہم السلام سے اور اُنکے دوستون سے دوستی رکھے دہم تبرا یعنی اہل بیت علیہم السلام کے دشمنون سے اور اُنکے دشمنون کے دوستون سے بیزاری رکھے

باب تیسرا بیان مین نجاسات و مطہرات و غسل و وضو و تیمم کے

اسمین چار فصل ہین فصل پہلی بیان نجاسات و مطہرات مین معلوم ہو کہ نجاسات دس ہین اول پیشاب دوسرے گوہ بشرطیکہ یہ دونون اُن حیوانون کے ہون کہ گوشت انکا نہ کھاوین اور خون جہندہ رکھتے ہون تیسرے لہو یہ بھی اُن حیوانون کا کہ جو خون جہندہ رکھتے ہون یعنی جنکا خون اُچھل کے رگ سے نکلتا ہو خواہ گوشت انکا کھاوین خواہ نہ کھاوین لیکن لہو سوائے خون حیض و استحاضہ و نفاس اور خون نجس العین مثل کافر اور سگ و خوک کے بقدر درہم بغلی معاف ہے یعنی انگوٹھے کے اوپر کی پورے کے برابر اگر خون کپڑے یا بدن مین لگا ہو تو نماز پڑھ سکتا ہو مگر یہ خون بھی طاہر نہین ہے اور خون زخمون اور دمّل کا جبتک وہ موقوف نہو نماز مین معفو ہے فائدہ جو جانور حلال گوشت کہ بعد ذبح کے سرد ہو جائے پھر جو اسکے گوشت مین سے خون نکلے وہ پاک ہے چوتھے منی[لہ] نجس ہے پانچوین مردہ چھٹے مسکر یعنی جو چیز کہ مست کرنے والی ہو اور اصل مین روان ہو مانند شراب وغیرہ کے ساتوین جو چیز کہ مسکر کے حکم مین ہو وہ فقاع یعنی بوزہ ہے اور شیرۂ[لہ] انگور کہ جوش دیا ہو قبل اسکے کہ دو حصے اسکے کم ہون یا سرکہ ہو جاوے فائدہ بھنگ اور چرس اگرچہ کھانا پینا انکا حرام ہے مگر نجس نہین ہین آٹھوین کتا سوائے سگ آبی کے نوین سور سوائے سور آبی کے دسوین کافر خواہ حربی ہو خواہ ذمی خواہ اہل کتاب ہو اور مطہرات[لہ] یعنی جو پاک کرنے والے ہین نجس چیز کو وہ بارہ ہین اول پانی پاک و خالص دوسرے

(حربی: دشمن اہل سنت ۱۲ — ذمی: ہنود ۱۲ — اہل کتاب: یہود و نصاری ۱۲)

لہ منی اور مردار اُس حیوان کے نجس ہین جو خون جہندہ رکھتا ہو خواہ حلال گوشت ہو یا حرام گوشت ۱۲ منہ لہ شیرۂ انگور جو جوش دینے سے سخت ہو گیا ہو اور دو تہائی نہ جلا ہو اور سکر بھی اسمین نہ پیدا ہوا ہو علی الاحوط وہ نجس ہے ۱۲ منہ مدظلہ لہ بعض اوقات آب نجس بھی مطہر ہے جیسے آب قلیل بوقت ازالہ نجاست جب نجاست سے متصل ہوگا تو نجس ہو جائیگا اور محل نجاست کو پاک کر دیگا ۱۲ منہ

Marfat.com

زمین وہ پاک کرتی ہے تہ کفش و موزہ اور تلوار[1] اور نوک عصا کو بشرطیکہ عین نجاست چھوٹ گیا ہو
تیسرے[2] آفتاب وہ پاک کرتا ہے بوریا و حصیر و زمین نجس کو ہر گاہ انکو خشک کرے اور پاک کرتا ہی
اس چیز کو کہ قابل اٹھانے کے نہو مثل دیوار نجس اور درخت اور میوہ جو درخت پر ہو اسوقت کہ وہ
چیزین تر ہون اور آفتاب انکو خشک کرے اور عین نجاست انمین باقی نرہا ہو پاک ہونگی مثلاً
کسی چیز مین گوہ یا خون لگا ہو جبتک کہ وہ دفع نہووے آفتاب کیونکر پاک کریگا مثلاً لڑکے نے
حصیر یا زمین پر موتا ہو اور غوطہ کرنا امکان نہین اسپر پانی ڈالدے اور آفتاب اسکو خشک کرے
پاک ہوجایگا چوتھے آگ وہ[3] پاک کرتی ہے نجس چیز کو مگر جبکہ وہ چیز جل کر راکھ ہوجاوے پانچوین استحالہ
یعنی بدل جانا صورت اور نام نجس چیز کا مثل اسکے کہ منی سے جب بچہ پیدا ہوا وہ پاک ہوا اور خون
کہ وہ پیپ ہوگیا پاک ہے اور کتا نجس ہو جب نمک زار مین گرے اور نمک ہوجاوے پاک ہی
چھٹے انتقال[4] یعنی ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا رہے مانند لہو آدمی کے جبکہ کھٹمل اور جون کے
پیٹ مین جاوے اسوقت پاک ہو مگر جونک جو آدمی کا خون پیے اس خون کی طہارت ثابت
نہین ہے ساتوین انقلاب مانند اسکے کہ شراب سرکہ ہوجاوے آٹھوین نقص[5] مانند شیرہ انگور کے
جبکہ جوش کھاوے تب نجس ہوتا ہے اور جبکہ دو حصہ پکانے مین کم ہوجاوے پاک ہوتا ہے
نوین اسلام کہ وہ پاک کرتا ہو کافر کو نجاست کفر سے جبکہ وہ مسلمان ہوجاوے پاک ہے
دسوین زوال[6] عین یعنی برطرف ہونا نجاست کا مانند اسکے کہ گھوڑے کے منہ مین لہو لگا ہو

---

[1] تلوار اور مطلق عصا زمین سے نہین پاک ہوسکتے البتہ وہ لکڑی جو راہ چلنے مین پاؤن کی جگہ استعمال ہوتی ہو جیسے لنگڑے کی بیساکھی اسکا وہ حصہ جو بوقت راہ روی زمین سے متصل ہے راہ چلنے مین زمین کی رگڑ سے بعد دور ہوجانے نجاست کے پاک ہوجائیگا ۱۲ منہ مدظلہ [2] نجس لکڑی کا دھوان بھی پاک ہو کوئلہ مین اشکال ہی ۱۲ منہ [3] یعنی اس حیوان کا جزو ہوجاے جسکا خون پاک ہو اسکی مثال مچھر اور پسو بھی ہوسکتے ہین ۱۲ منہ [4] یعنی دو حصے پکانے سے جل جائین اور ایک حصہ باقی رہجائے ۱۲ منہ [5] اسیطرح بواطن انسان سے عین نجاست کا زائل ہوجانا بھی مطہر ہی جیسے کان کے اندر کا سوراخ یا منہ کا اندرونی حصہ وغیرہ یہ سب مقامات زوال عین نجاست سے پاک ہوجاتے ہین بلکہ بعض علماء جیسے صاحب جواہر اعلی اللہ مقامہ فرماتے ہین کہ حیوان اور بواطن انسانی دونون اتصال نجاست سے نجس ہی نہین ہوتے ۱۲ منہ مدظلہ

یا بعضے اعضا مین اسکے لگا ہو پس ایک دفعہ وہ خون برطرف ہو جاوے اثر اسکا نر ہے تو پاک رہتا ہے گیارھوین مسح بطاہر یعنی پاک چیز ناپاک جگہ پر لگنے سے پاک کرتی ہو جیسے جگہ براز کی ڈھیلے یا لتہ یا ردی یا پتھر کے تین مرتبہ پونچھنے سے پاک ہوتی ہو بشرطیکہ نجاست گرد و نواح مخرج کے بھری نہو لیکن وہ ڈھیلے یا لتہ یا ردی یا پتھر خشک و پاک ہون اور تین عدد ہون یہ نہین کہ ڈھیلہ تین کونے کا ہو کہ یہ کافی نہوگا اور موضع بول کو بجز آب خالص کے اور کسی شے سے مثل کلوخ وغیرہ کے پاک کرنا حرام ہے بارھوین[۱۲] تبعیت ہو مانند اسکے کہ ایک شخص مسلمان کافر حربی کے لڑکے کو قید کر کے لاوے وہ لڑکا متابعت سے اس مرد مسلمان کی پاک ہو جاتا ہے اور اسیطرح جب شیرہ انگور جوش کھاوے نجس ہو جاتا ہے جب دو ثلث اسکے پکنے مین کم ہو جاوین چمچہ اور دیگ اور رخت و بدن سب پکانے والے کا پاک ہو جاتا ہے **فائدہ** جھوٹا کل جانورون کا پاک ہے مگر شرط یہ ہے کہ انکے منہ مین نجاست خارجی نہ بھری ہو سواے کافر اور سگ اور خوک کے کہ انکا جھوٹا نجس ہو مگر چوہے کے جھوٹا کھانے سے نسیان کا عارضہ ہوتا ہے اور جو حیوان کہ حالت حیات مین خون جہندہ رکھتا ہو خواہ اسکا گوشت حلال ہو خواہ حرام مگر جب اپنی موت سے مر جاے تو جمیع اجزا اسکے نجس ہو جاتے ہین مگر جن اجزا مین کہ درحالت حیات حس نہو مثل بال اور استخوان اور شاخ اور سم کے کہ یہ پاک رہتے ہین مگر سگ و خوک و کافر کے اجزاے غیر حس بھی نجس رہتے ہین اسی طرح جانوران حلال گوشت کا بول و براز پاک ہے بشرطیکہ نجاست خارجی انسے ملحق نہو اور جانوران حرام گوشت کا بول و براز نجس ہو **فائدہ** چھوہارا[۱] اور کشمش کا حلوا مین پکتے وقت ڈالنا نزدیک جناب شیخ زین العابدین علیہ الرحمۃ کے جائز ہے **طریق طہارت بآب قلیل** جس ظرف کو کہ سگ یا خوک نے چاٹا ہو[۲] اور اسکو طاہر کرنا چاہین لازم ہے کہ اول اس ظرف کو خاک طاہر سے ملین بعدہ تین مرتبہ پانی سے دھوئین اور سات مرتبہ دھونا سنت مؤکدہ ہو اور اگر آب کثیر مثل آب روان یا حوض کے ہو تو بعد خاک طاہر ملنے کے ایک مرتبہ پانی مین اس ظرف کا ڈبونا کافی ہے

طریق طہارت بآب قلیل

---

[۱] انشاء اللہ تعالی کوئی مضائقہ نہین ہو ۱۲ [۲] یا اس ظرف مین پانی وغیرہ پیے تو جب بھی خاک سے مانجنا لازم ہو ۱۲ منہ مدظلہ

اور اگر کوئی کپڑا طفل شیرخوار کے بول سے نجس ہوگیا ہو بشرطیکہ وہ طفل پسر ہوا اور دو برس سے اسکا سن کم ہوا اور غذا اسکی اکثر دودھ ہو تو اس کپڑے پر ایک مرتبہ پانی ڈالنا کافی ہے اور کپڑے کو نچوڑنے کی بھی حاجت نہین ہے اور سوائے طفل شیرخوار موصوف کے دو بار پانی ڈالین اور ہر مرتبہ کپڑا نچوڑین اور اگر سوائے بول کے اور کسی نجاست سے نجس ہوا ہو تو بعد ازالہ نجاست کے ایک مرتبہ پانی ڈالین اور ایک مرتبہ نچوڑین اور آب روان و حوض مین بعد ازالہ نجاست کے ایک مرتبہ ڈبونا کافی ہے نچوڑنا لازم نہین ہے اور اگر مثل توشک و لحاف و تکیہ وغیرہ کے ہو کہ جنکا نچوڑنا مشکل ہو تو انپر پانی ڈالنا اور ملنا کافی ہے اور جان تو کہ جب کوئی کپڑا نجاست رنگدار سے نجس ہوجاے مثل خون اور براز زرد رنگ وغیرہ کے یا کچے رنگ مثل گیرو و نیل یا کسی جوہر وغیرہ کا رنگا ہوا کپڑا نجس ہوجاے تو اس کپڑے کو اسقدر دھوئین کہ اسکا رنگ چھٹنا اسوقت موقوف ہوجائے یعنی اسکا ازالہ نجاست یہی ہے بعدہ اسکو طاہر کرلین اب جو رنگ نجاست کا اس کپڑے مین باقی رہگیا وہ پاک ہے رنگ بالکل برطرف کرنے کی ضرورت نہین ہے اسیطرح نجاست کی بو باقی رہجانے مین بھی قباحت نہین ہے اگر دیگ یا خم وغیرہ کو چاہین کہ آب قلیل سے طاہر کرین تو قدرے پانی اسمین ڈالین اور اس ظرف کو حرکت دین تاکہ پانی اسکے سب طرف مین پہنچ جاوے پھر وہ پانی پھینک کر دوسرا پانی اور ڈالین اور حرکت دیکر پھینکدین تیسری دفعہ مین وہ ظرف پاک ہوجائیگا اور اگر دیگ یا خم زمین مین گڑا ہو تو اسمین پانی ڈال کر ہاتھ سے سب طرف پہونچا دین بعد اسکے دوسرے چھوٹے ظرف سے وہ پانی نکال ڈالین اور تین مرتبہ پانی ڈال کر یہی ترکیب کرین مگر اس چھوٹے ظرف کو ہر مرتبہ طاہر کرتا جائے اور اپنے ہاتھ کو بھی اور اگر کسی قدر پانی اسکی تہ مین رہجائے اسکو پاک لتہ سے اٹھالین اور اس لتہ کو بھی ہر مرتبہ طاہر کرلین یا بدل ڈالین اور اگر کپڑے متعدد نجس ہون اور چاہین کہ ایک ہی مرتبہ طاہر کرلین تو بعد ازالہ نجاست کے کسی ظرف مین مثل لگن یا کٹھرے کے ان کپڑون کو رکھکر پانی ڈالین اور مل کر اور نچوڑ کر پانی پھینکدین اسی طرح تین مرتبہ کرین طاہر ہوجائینگے مگر یہ شرط ہے کہ اول کپڑے رکھین بعد ازان پانی ڈالین

Marfat.com

نہ یہ کہ کٹھرے وغیرہ مین اول سے پانی بھرا ہو وزن آب کر واضح ہو کہ بحساب سیر انگریزی کے جو اسی روپیہ چہرہ دار کا ہوتا ہے آب کر کا وزن دس من ساڑھے چودہ سیر ہوتا ہے اور جو چالیس کا مگر خیال یہ ہے کہ پورے کر بھر پانی سے نجس چیز طاہر نہین ہوسکتی اسلیے کہ ضرور ہے کہ کسی قدر پانی اُس نجس چیز مین رہجائیگا اور باقی پانی کم از کر جو رہیگا وہ خود نجس ہوجائیگا تو وہ چیز طاہر کیونکر ہو گی ہان اگر کوئی نجاست رقیق کر بھر پانی مین گر جائیگی تو وہ پانی پاک رہیگا اسلیے کہ اسکی مقدار مین زیادتی ہوئی ہے نہ کمی پس چاہیے کہ پانی مقدار کر سے بہت زیادہ ہو تاکہ آب کثیر کا اسپر اطلاق ہوسکے۔

فصل دوسری بیان مین غسلون کے پس جاننا چاہیے کہ غسل واجب چھ ہین اول جنابت دوسرا حیض تیسرا نفاس چوتھا استحاضہ پانچوان مس میت چھٹا غسل میت پس غسل جنابت دو طرح سے حاصل ہوتا ہے ایک تو منی نکلنے سے جاگتے یا سوتے مین دوسرے جماع کرنا قبل مین یا دبر مین اگرچہ انزال نہو لیکن بقدر حشفہ سر ذکر داخل ہوا ہو پس جسوقت جنب ہووے اسی وقت غسل کرے اسواسطے کہ جبتک نجس رہتا ہے رحمت خدا سے دور رہتا ہے پس جبکہ ارادہ کرے غسل کا مکان مباح اور جاے پاک پر قرار لیوے اور آب پاک و مباح وخالص بہم پہونچاوے پہلے نجاست اور چکنائی بدن سے دور کرے اور یہ امور واجب ہین پھر ہاتھون کو کہنی تک تین مرتبہ دھوئے تین مرتبہ کلی کرے اور تین مرتبہ ناک مین پانی ڈالے اور یہ امور سنت ہین بعد اسکے نیت کرے کہ غسل جنابت کرتا ہون مین واسطے رفع ہونے حدث کے اور مباح ہونے نماز کے اور واسطے اُن چیزون کے کہ جو غسل سے مباح ہوتی ہین واجب قربۃً الی اللہ اور غسل جنابت مین اختلاف ہے بعضون نے لکھا ہے کہ واجب لنفسہ ہے یعنی جسوقت جنب ہو فوراً غسل کرے مگر فتوے اسپر ہے کہ واجب لغیرہ ہے یعنی واسطے نماز واجب کے واجب ہے مثل وضو کے پس اگر وقت نماز کا آگیا ہو

۵۱ کر ۱۱۲ رطل - رطل ۱۳۰ درہم - درہم ۱۹۰ رتی قدرے کم اس حساب سے کر کا وزن اسی روپیہ سیر کے حساب سے ۹ من ۲۵ سیر ۱۵ چھٹانک کے برابر ہوا ۱۲ منہ ۵۲ جہان جہان نیت معتبر ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ امور مذکورہ کا صرف دل مین قصد کرلیوے زبان سے کہنے کی حاجت نہین ۱۲ منہ مدظلہ۔

وزن آب کر

احکام غسل جنابت

Marfat.com

یا اسکے ذمہ کوئی نماز قضا ہو تو یہی نیت کرے جو ابھی مذکور ہوئی اور اگر ابھی وقت نماز نہ داخل ہوا ہو اور اُسکے ذمہ کوئی نماز قضا بھی نہو اور چاہے کہ مین غسل یا وضو کرلون تو یہ نیت کرے غسل جنابت یا وضو کرتا ہون مین واسطے رفع حدث کے قربۃً الی اللہ یعنی لفظ واجب کہے اور مباح ہونے نماز کا نام نہ لے پس یہ غسل اور وضو صحیح ہے سب کام اس سے کرسکتا ہے اور جب وقت نماز کا داخل ہو تو نماز بھی پڑھ سکتا ہے اور واضح ہو کہ بعد غسل جنابت کے نماز کے واسطے وضو کرنا حرام ہے اسی غسل سے نماز پڑھے ہان اگر بعد غسل جنابت کے کوئی نواقض وضو مین سے سرزد ہوگیا ہو مثلا اسکے کہ ریح نکل گئی یا سو گیا تو یہ غسل تو صحیح رہا مگر نماز کے لیے وضو کرنا لازم ہوگیا اکثر ناواقف لوگ اعتراض کرتے ہین کہ جب غسل جنابت واجب لغیرہ ہے یعنی واسطے نماز واجب کے واجب ہے تو جو شخص تارک الصلوۃ ہو یعنی نماز نہ پڑھتا ہو وہ چاہیے کہ غسل جنابت بھی نکرے اور اگر کرے تو نیت کیا کرے کیونکہ وہ نماز تو پڑھتا ہی نہین ہے جواب یہ ہے کہ جب نماز اسکے ذمہ قضا ہے تو اسکا ادا کرنا بھی اسکے ذمہ واجب ہے اور اس نماز کے ادا کرنے کے لیے غسل بھی واجب ہوا پس دونون امر یعنی غسل کرکے نماز کا پڑھنا اسپر واجب ہین اور نیت بھی غسل کی وہی ہے جو ذکر ہوئی اب اگر یہ غسل کرے اور نماز نہ پڑھے یا غسل بھی نکرے یا دین اسلام ہی کو چھوڑ دے یا مرتد ہو جائے تو وہ جانے اور اسکا خدا پس نیت کرتے ہی فوراً سر و گردن کو داہنے[1] ہاتھ سے تین مرتبہ دھوئے بعد اسکے بدن داہنی جانب کندھے سے سر انگلیون تک پانون کی تین مرتبہ دھوئے اسطرح کہ پانی سب اعضا پر جاری ہو پھر بائین طرف کندھے سے سر انگلیون تک پانون کی تین مرتبہ دھوئے ناف اور آگا پیچھا دونون طرف سے پانی ڈالنے مین دھوئے اور باقی بدن پر اس طور سے جاری کرے کہ سب اجزاے بدن پر پہونچے اور بالون اُٹھا دے کہ نیچے بھی انکے دلنے کے جاری ہو اور اگر انگوٹھی چھلا پہنے ہو تو ہلا دے کہ پانی نیچے اسکے پہونچے یا نکال رکھے اور اگر کان[2] یا ناک مین سوراخ ہون تو انمین بھی بذریعہ تنکے وغیرہ کے پانی پہونچا دین اور اس

[1] ایک ایک مرتبہ دھونا واجب ہے اور تین تین مرتبہ مستحب ہے داہنے کی خصوصیت نہین ہے ۱۲ [2] کان ناک کے سوراخ مین پانی پہونچانا احوط ہے ۱۲ منہ مدظلہ

ترتیب کے غسل کو غسل ترتیبی کہتے ہین اگر غسل ارتماسی کرے یعنی غوطہ لگا کے نہاوے پس بعد دور کرنے نجاست کے کنارے حوض یا نہر کے قرار لیوے اور ایک جزو اعضاے بدن سے مقدم رکھے مثلاً انگلی یا ایک پانوٗن پیش کرے اور نیت کر کے اس جزو کو داخل آب کرے اور باقی بدن کو بلا فاصلہ تابع اُس جزو کے کرے پانی کے اندر جاوے اور پانوٗن کو اٹھا لے زمین سے کہ پانی نیچے تلوون کے گذر جاوے بہتر ہے کہ غسل ترتیبی کو اختیار کرے کہ یہ سہل ہے اور اسمین خدشہ باقی نہین رہتا اور درمیان غسل کے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کا کہنا ترک نکرے کہ شیطان دور ہوتا ہے اور غسل مین موالات نہین ہے یعنی یہ ضرور نہین ہے کہ سر کے دھونے کے ساتھ ہی جانب راست بدن کو دھوئے بخلاف وضو کے کہ اسمین موالات ہے پس اگر سر و گردن کے دھونے کے بعد پہر بھر کے جانب راست بدن کو دھوئے اور پھر اسکے بعد پہر بھر کے جانب چپ بدن کو دھوئے تب بھی غسل صحیح ہے اور واضح ہو کہ غسل چاہے واجب ہو چاہے سنت ترکیب سب کی ایک ہے مگر نیت مین فرق ہے جسطرح کا غسل ہوگا ویسی اسکی نیت بھی ہوگی

احکام زنان جاننا چاہیے کہ مرد اور عورت نیت مین غسل جنابت کی برابر ہین اگر غسل حیض و نفاس و استحاضہ ہو تو عورت نام اسکا لیوے اور اگر عورت کو غسل جنابت و حیض وغیرہ یکبارگی واقع ہون تو نیت جنابت کی کفایت ہے نام لینا سب کا کچھ ضرور نہین ہے اسیطرح اگر مرد کو بھی غسل جنابت اور مس میت واقع ہون تو نام لینا جنابت کا کفایت ہے اور جس ترتیب سے غسل جنابت ہے اسیطرح سے غسل حیض کرے اور وضو غسل حیض مین واسطے پڑھنے نماز کے واجب ہے۔ احتیاط یہ ہے کہ غسل سے پہلے وضو کرے

احکام زنان

احکام ایّام حیض

کم نہین مین دن سے دس سے زیاد وہ لہو خون استحاضہ ہے اور کمتر کی حد نہین اسکے	حیض کا خون اسکو رکھ تو یاد کہتے ہین جننے کے لہو کو نفاس پاک جب ہووے غسل و کرلے	اور دس دن سے جو زیادہ ہے دس دن اکثر ہین اسکو کرے قیاس ساتھ جننے کے گر نہ دیکھے لہو

Marfat.com

غسل واجب نہین یہ سن لے تو	ہو لہو ساتھ جو ولادت کے	یا ولادت کے بعد وہ آوے
واسطے اسکے غسل ہے درکار	غور کر اسکو دل مین لے دیندار	وقت مین درد کے بلا وسواس
جو لہو آوے وہ نہین ہی نفاس	بلکہ وہ خون استحاضہ جان	یا کوئی اور عارضہ پہچان

مسائل احکام زنان در نظم

زن حائض کے سن لے احکام	خط قرآن کا چھونا بھی ہے اسپہ حرام	اور نام خدا و نام رسول
اور ائمہ جو حق کے ہین مقبول	نہ لگاوے وہ انکے نام کو ہات	ہی حرام اسپہ دل سے سن یہ بات
اور پڑھنا بھی چار سورون کا	ہی حرام اسپہ دون تجھے تبلا	ایک الف لام میم سجدہ ہے
دوسرا حم سجدہ ہے	اور والنجم تیسرا پہچان	چوتھا اقرا باسم ہے تو جان
اور حرام اسپہ طوف کعبہ ہے	جسطرح سے نماز و روزہ ہے	اور مسجد مین اسکا کرنا قرار
ہے حرام اسپہ یاد رکھ ہشیار	اس سوا اور غسل کی حاجت	جبکی ہو اسکی ہے یہی حالت
جیسے ہووے جنبی ہوئی کوئی زن	یا جنب مرد و زن ہون سن یہ سخن	کعبہ و مسجد مدینہ مین
ہونا داخل بھی ہی حرام انھین	اور مسجد مین اسطرح کوئی شے	جا کے رکھنا حرام انپر ہے
خواہ جلدی ہو یا درنگ کرین	یا کہ باہر سے چیز کچھ پھینکین	پر لے آنا درست ہے شے کا
یون ہی شرح صغیر مین ہے لکھا	پاک جبدن تلک نہ عورت ہو	نہ کرے روزہ و نماز کو وہ
اور جب پاک ہووین فی الفور	وہ کرے غسل ہی کہا جس طور	پاک جبتک نہووے یہ سن لے صاف
ہے ان ایام کی نماز معاف	اور روزہ جو آمین وہ رکھے	ہے یہ واجب قضا بجا لاوے

واضح ہو کہ یہ چار سورے قرآن شریف کے جو مذکور ہوئے انکے سوا اور تمام قرآن شریف پڑھنا جنب و حائض وغیرہ کو درست ہی بشرطیکہ یاد ہو یا دور سے قرآن مین دیکھ کے پڑھے اگر ممکن ہو اور دوسرا شخص ورق الٹتا جاوے[۱] اول سورۂ الم السجدہ یہ اکیسوین پارہ اُتل مآ اُوحی مین بعد نصف کے واقع ہے دوسرا سورہ حم سجدہ یہ چوبیسوین پارہ

[۱] اسطرح ورق الٹنا کہ کتابت قرآن مین کوئی ایسا حصہ جسم کا نہ لگے جسمین روح حلول کیے ہوئے ہے حرام نہین ہی ۱۲ منہ مد ظلہ

Marfat.com

فمن اظلم مین قریب ثلث کے واقع ہے تیسرا سورۂ والنجم یہ ستائیسوین پارہ قال فما خطبکم
مین قریب ربع کے واقع ہے چوتھا سورۂ اقرا اسکا نام سورۂ علق بھی ہے یہ تیسوین پارہ عم مین قریب
ثلث کے واقع ہے واضح ہو کہ حیض اُس خون کو کہتے ہین جو بعد بلوغ عورت کے رحم سے باہر
آوے اور وہ خون اکثر سیاہ اور گرم گرم آتا ہے اور تین دن سے کم اور دس روز سے زیادہ
نہین ہوتا پس عورت بمجرد دیکھنے خون کے اگرچہ بصفت حیض ہو نماز و روزہ ترک کریگی لیکن اگر
خون قبل تین روز کے بند ہو گیا تو وہ خون حیض شمار نہ کیا جاویگا اور جو نمازین اسنے بخیال حیض
ترک کی تھین انکو ادا کریگی اور اگر عورت صاحب عادت عددیہ و وقتیہ ہے یعنی اسکو عادت
ہے کہ مثلاً پہلی تاریخ سے چھٹی یا ساتوین تاریخ تک برابر ہمیشہ خون آیا کرتا ہے اور اتفاق سے
کبھی قبل عادت کے موقوف ہو گیا تو چاہیے کہ وہ عورت استبرا کرے یعنی روئی کو اندر فرج
کے رکھے اور تھوڑی دیر صبر کرکے نکال کے دیکھے اگر روئی مین خون بھرا ہے تو ابھی حیض باقی
ہے اور اگر روئی صاف نکلے تو واجب ہے کہ فوراً غسل کرکے نماز پڑھے انتظار اپنی
عادت کا نہ کرے اور نہ یہ خیال کرے کہ ہمکا نہان دسوین دن ہوتا ہے دسوین ہی روز
غسل کرنا چاہیے اگر ایسا کریگی تو گنہگار ہوگی اور نمازین اسکے ذمہ قضا رہینگی خلاصہ یہ ہے
کہ جسوقت خون آنا موقوف ہو فوراً غسل کرے اور نماز پڑھے اور معلوم رہے کہ سوائے غسل
جنابت کے اور غسل سے بغیر وضو کے نماز صحیح نہین ہے پس چاہیے کہ عورت قبل کرنے غسل
حیض وغیرہ کے اول وضو واسطے پڑھنے نماز کے کرلے بعدہ غسل کرے[۱] احکام استحاضہ
اس خون کے آنے کو ہندوستان کی عورتین اکثر پانوُن کا چھٹنا بولتی ہین پس جو خون کہ
عورت کو ایام عادت حیض سے زیادہ آوے وہ خون استحاضہ ہے مثلاً عورت کو عادت
ہے کہ ہر مہینہ مین اسکو چار یا پانچ یا چھ روز خون حیض آتا ہے تو اتنے روز وہ حائض شمار
کیجائیگی اور اسکے بعد جو خون آیا کریگا اسکو استحاضہ مین محسوب کریگی یا اگر عادت نہین ہے

[۱] یا غسل کے بعد وضو کرے ۱۲ منہ مدظلہ۔

احکام استحاضہ

اور بعد مختلف سکو حیض آتا ہے اور دونون کی قید نہین رہتی ہے تو بعد دس روز کے ہر طرح اس خون کا نام استحاضہ ہے اور اسکی تین قسم ہین امتحان اُسکا یہ ہے کہ عورت روئی اپنی فرج مین رکھے اور تھوڑی دیر صبر کرکے نکال کے دیکھے اگر خون روئی کے اوپر لپٹ کے رہگیا ہے اور اندر روئی کا تر نہین ہوا تو وہ استحاضہ قلیلہ ہے حکم اسکا یہ ہے کہ عورت نماز پڑھے مگر ہر نماز کیواسطے علیحدہ علیحدہ وضو کرے یعنی پانچ نمازین پانچ وضو سے پڑھے اور ہر مرتبہ روئی بھی بدلتی جائے اور اگر روئی اتنی ہی دیر مین بالکل خون مین ڈوب گئی مگر خون اس روئی سے پھوٹ کر جاری نہین ہوا تو وہ استحاضہ متوسطہ ہے حکم اسکا یہ ہے کہ نماز صبح کے وقت وضو کرکے غسل استحاضہ کرے اور نماز صبح پڑھے باقی نمازین ظہر وعصر ومغرب وعشا الگ الگ چار وضو سے پڑھے اور روئی بدستور بدلتی جائے اور اگر روئی اس خون کو نہین روک سکتی بلکہ خون اس روئی کو توڑ کر باہر جاری ہوگیا ہے اور باہر گدی رکھنے کی احتیاج ہے تو یہ استحاضہ کثیرہ ہے حکم اسکا یہ ہے کہ ایک غسل صبح کی نماز کے لیے کرے اور ایک غسل ظہر وعصر کی نماز کے لیے اور ایک غسل مغرب وعشا کی نماز کے لیے باقی حکم وضو کا بدستور یعنی ہر نماز کے لیے الگ وضو کرتی جائے اور کپڑا باہر کا اور روئی اندر کی ہر مرتبہ بدلتی جائے اور ایام استحاضہ مین جسطرح نماز پڑھنے کا حکم ہے اسیطرح روزہ بھی قضا نکرے برابر روزہ رکھے جائے کہ صحیح ہے گویا یہ خون بمنزلہ ایک عارضہ کے ہے اور اسی لیے حیض سے اسکا حکم علیحدہ ہے جیسا کہ بیان ہوا **فصل تیسری بیان وضو مین** جب مکلف ارادہ وضو کا کرے اول اعضائے بدن اور کپڑے چاہیے کہ پاک ہون اور مکان مباح پر بیٹھے اور پانی پاک ومباح وخالص بہم پہونچاوے بعد اسکے مسواک کرے کہ بارہ فائدہ ہین ایک[1] تو پاک کرنے والی دانتون کی ہے آنکھون[2] کو جلا دیتی ہے اور موجب[3] خوشنودی خدا ہے بلغم[4] کو دفع کرتی ہے حافظہ[5] زیادہ کرتی ہے دانتون[6] کو سفید کرتی ہے اور حسنات[7] مضاعف

ملہ اگر اعضائے وضو نجس ہون یا مکان وضو یا آب وضو غصبی ہو اور مالک کی اجازت نہو یا آب وضو نجس یا مضاف ہو تو وضو صحیح نہین ہے ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

کرتی ہے اور جڑ دانتون کی مضبوط کرتی ہے بھوک کو زیادہ کرتی ہے روشنی چشم کو زیادہ کرتی ہے
اور پانی بہنا آنکھون سے موقوف کرتی ہے اور ملائکہ خوشنود ہوتے ہین فوائد مسواک کرنے کے
بہت ہین حضرات ائمہ علیہم السلام نے فرمایا دو رکعت نماز مسواک کر کے بہتر ہے ستر رکعت
نماز سے کہ جو بے مسواک پڑھی جاوے اور مسواک شاخ کی ہوا ور بعد مسواک کرنے کے
تین مرتبہ کلی کرے کتاب محاسن مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہے جب تم
مین سے کوئی شخص وضو کرے اور بسم اللہ نہ کہے تو شیطان کا قابو وضو مین اسکے ہوتا ہے اور
تفسیر جناب امام حسن عسکری علیہ السلام مین وارد ہے کہ اگر کہے بندہ اول وضو مین بسم اللہ الرحمن الرحیم
تو پاک ہونگے سب اعضا اسکے گناہون سے طریق وضو اول دو مرتبہ دونون ہاتھ پہونچے تک
دھووے اسوقت پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ جَعَلَ
الۡمَآءَ طَهُوۡرًا وَلَمۡ یَجۡعَلۡهُ نَجِسًا پھر تین مرتبہ کلی کرے اور یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ لَقِّنِیۡ حُجَّتِیۡ یَوۡمَ
اَلۡقَاکَ وَاَطۡلِقۡ لِسَانِیۡ بِذِکۡرِکَ وَشُکۡرِکَ پھر ناک مین تین مرتبہ پانی ڈالے اور یہ کہے اَللّٰهُمَّ
لَا تُحَرِّمۡ عَلَیَّ رِیۡحَ الۡجَنَّۃِ وَاجۡعَلۡنِیۡ مِمَّنۡ یَشُمُّ رِیۡحَهَا وَرَوۡحَهَا وَرَیۡحَانَهَا وَطِیۡبَهَا پھر
نیت کرے کہ وضو کرتا ہون مین واسطے رفع حدث کے اور مباح ہونے نماز وغیرہ کے واجب قربۃً
الی اللہ بعد اسکے ایک چلو پانی بے توقف منھ پر ڈالے فرق نہو نیت اور پانی ڈالنے مین اور ابتدا
جگہ جمنے سر کے بال سے کرے اور ٹھوڑی تک دھووے اور چوڑائی منھ کی اسقدر دھووے کہ
جہان تک انگوٹھا اور بیچ کی انگلی گھیر لے اسوقت یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ بَیِّضۡ وَجۡهِیۡ یَوۡمَ
تَسۡوَدُّ فِیۡهِ الۡوُجُوۡهُ وَلَا تُسَوِّدۡ وَجۡهِیۡ یَوۡمَ تَبۡیَضُّ فِیۡهِ الۡوُجُوۡهُ بعد اسکے ایک چلو پانی
سے داہنے ہاتھ کو کہنی سے انگلیون کے سر تک دھووے ایسا پانی ہو کہ جاری ہو جاوے اور دوسرے
ہاتھ سے اعانت دے کہ پانی سب طرف پہونچ جائے مگر ہاتھ کہنی سے نیچے کی طرف جائے ایسا نہو

احکام وضو و غسل

سلہ اگر بعد بول یا خواب کے وضو کرے تو ایک مرتبہ دونون ہاتھ دھوئے اور اگر بعد غائط کے وضو کرے تو دو مرتبہ
دھوئے ۱۲ منہ سلہ بعض کتب مین یہ فقرہ بھی ہے وَاجۡعَلۡنِیۡ مِمَّنۡ تَرۡضٰی عَنۡهُ ۱۲ منہ مدظلہ

نیچے سے اوپر کی طرف جائے اور اگر انگلی مین انگوٹھی وغیرہ ہو تو اسکو حرکت دے کہ پانی اسکے اندر جاری ہو جائے اور مرد کہنی کی پشت پر پانی ڈالے اور عورت کہنی کے شکم کی طرف پانی ڈالے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَالْخُلْدَ فِی الْجِنَانِ بِیَسَارِیْ وَحَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا پھر اسی طرح بائین ہاتھ کو بھی دھووے اور یہ کہے اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَاءِ ظَھْرِیْ وَلَا تَجْعَلْھَا مَغْلُوْلَۃً اِلٰی عُنُقِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ مُّقَطَّعَاتِ النِّیْرَانِ جب دھو چکے پس آب وضو کو رومال وغیرہ سے خشک نہ کرے کہ مکروہ ہے اور اسی آب وضو کی تری سے مسح پیش سر کا کرے کہ اوپر پیشانی کے ہے بقدر تین انگلیون کے عرض مین اوپر سے نیچے آوے اس طور کہ منہ کی تری سے نہ ملے جو کہ وضو کی تری ہے **فائدہ** اگر سارے سر پر بال ہون تو مانگ نکال لے[۱] اور اگر تیل سر مین پڑا ہو تو موضع مسح پر سے پونچھ ڈالے اسلیے کہ تیل پر مسح درست نہین ہے اور اگر اچیانا مسح سر کرنے مین انگلیان نیچے تک چلی آئین اور پیشانی کے پانی مین بھر جائین تو پاؤن کا مسح ہتیلی سے کرے اور مسح سر کرنے مین یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِکَ وَبَرَکَاتِکَ وَعَفْوِکَ پھر تمام ہتیلی داہنے ہاتھ سے داہنے پاؤن کا مسح کرے اور اسی طور پر بائین ہاتھ سے بائین پاؤن کا مسح کرے اسوقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْہِ الْاَقْدَامُ وَاجْعَلْ سَعْیِیْ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جب وضو سے فارغ ہو کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوۃِ وَتَمَامَ رِضْوَانِکَ وَالْجَنَّۃَ **فائدہ** وضو مین موالات شرط ہے یعنی پے در پے افعال کا بجالانا درمیان مین توقف نہ کرنا چاہیے اور مسح ہر دو پا مین ترتیب[۲] ضرور نہین ہے چاہے پاے چپ کو مقدم کرے چاہے دونون پر ساتھ ہی مسح کرے دوسری دعا یہ ہے کہ تفسیر جناب امام حسن عسکری علیہ السلام مین جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہو کہ اگر کہے بندہ آخر وضو یا آخر غسل جنابت مین یہ دعا

بیان مسح

دعا

[۱] مانگ نکالنا ضروری نہین ہے بلکہ سر کے ان بالون پر مسح کر سکتا ہے جو حد راس سے خارج نہون ۱۲ منہ [۲] اگرچہ ترتیب مسح پا مین واجب نہین ہے مگر احوط ہے کہ پاے راست کو مقدم کرے یا دونون پر ایک ساتھ مسح کرے ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

پراگندہ ہوتے ہین سب گناہ اسکے جیسے کہ پراگندہ ہوتے ہین پتے درخت کے پیدا کرے گا خدا تعالی بعدد ہر قطرہ کے قطرات وضو یا غسل سے اسکے فرشتے جو تسبیح و تقدیس و تہلیل کرینگے خدا کی اور صلوٰۃ بھیجین گے محمد اور آل محمد صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر اور ثواب اسکا واسطے اس وضو کرنے والے اور غسل کرنے والے کے لکھین گے دعا یہ ہے سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّكَ وَخَلِيْفَتُكَ بَعْدَ نَبِيِّكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَاَنَّ اَوْلِيَآءَهٗ خُلَفَآءُكَ وَاَوْصِيَآءَهٗ اَوْصِيَآءُكَ اور مکروہ ہے وضو کرنا اس پانی سے کہ جو آفتاب مین گرم ہوا ہو یا رنگ یا بو یا مزہ اسکا تغیر پایا ہو اسیطرح مکروہ ہے وضو کرنا اس برتن سے کہ جس پر صورت حیوان کی نقش ہوئی ہو اور سنہرے روپہلے برتن سے اور وضو کرنا اس پانی سے کہ جھوٹا (پس خوردہ ۱۲) اس حیوان کا ہو کہ گوشت کھانا اسکا مکروہ ہو مانند گھوڑے و خچر کے فائدہ ظروف طلائی و نقرئی مصرف مین لانا اور انمین کھانا پینا وغیرہ مرد اور عورت دونون پر حرام ہے اور وضو کا پانی جمع کرکے دوبارہ اس سے وضو کرنا جائز ہے مگر غسل کے پانی سے دوبارہ غسل اور وضو کرنے مین اجتناب احوط ہے اور وضو کی توڑنے والی چیزین گیارہ ہین اول پیشاب دوسرے پخانہ تیسرے پاد چوتھے سونا ایسا کہ بیخبر ہوجاوے اور دیکھنا سننا موقوف ہوجائے پانچوین جو چیز عقل کو زائل کردے مانند شراب بوزہ وغیرہ کے چھٹے حیض ساتوین استحاضہ آٹھوین نفاس نوین چھونا مردہ بے غسل شدہ کا دسوین ہرگاہ[۱] یقین ہو کہ حدث صادر ہوا اور شک رکھتا ہو کہ وضو کیا یا نہین کیا گیارھوین ہرگاہ یقین رکھتا ہو کہ حدث صادر ہوا اور وضو بھی کیا لیکن شک کرتا ہے کہ پہلے وضو کیا یا حدث پہلے ہوا

بیان قرآنی سجدون کا

سجدے قرآن مجید کے پندرہ ہین مگر واجب انمین چار ہین پہلے سورۂ الٓمّ سجدہ مین بعد

---

[۱] اگرچہ دسوین اور گیارھوین صورت مین وضو واجب ہے مگر ان دونون کا شمار نواقض وضو مین نہین ہے چنانچہ بعد اس شک کے اگر پھر یقین طہارت ہوجائے تو اب دوسرا وضو کرنا واجب نہوگا ۱۲ منہ مدظلہ۔

دعا بعد وضو و غسل

نواقض وضو

Marfat.com

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ کے دوسرے سورہٗ حٰمٓ سجدہ کا مین اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ پر اور مذہب اہل سنت مین وَهُمْ لَا يَسْأَمُوْنَ پر سجدہ کرتے ہین یعنی ایک آیت بعد تیسرے سورہٗ وَالنَّجْمِ کے آخر سورہ پر چوتھے سورہٗ اِقْرَأْ کے آخر سورہ پر اور یہ سجدے واجب ہوتے ہین جبکہ آیہ تمام پڑھا جاوے یا تمام آیہ سُنا جاے پس سامع وقاری دونون پر سجدہ واجب ہے کہ فوری بجالاوے اور اگر آیت سجدے کے بعض لفاظ پڑھے جائین یا بعض لفاظ سنے جائین یا فقط آنکھ سے اس آیہ کو دیکھے اور پڑھے نہین تو سجدہ واجب نہین ہوتا اور اس سجدہ مین طہارت اور روبقبلہ ہونا شرط نہین ہی باوضو ہونا کیسا بلکہ جنب و حائض وغیرہ بھی سجدہ کرلین اپنی اسی حالت مین البتہ جسپر سجدہ کرین وہ وہی چیز ہو جسپر سجدہ درست[1] ہے اور اسکا بیان نماز کے سجدہ مین بتفصیل ہی پس اگر ان چیزون مین کوئی موجود نہو تو پاک کپڑے پر سجدہ کرے اور اگر یہ بھی نہو تو اپنی پشت دست پر غرضکہ اس سجدہ مین تاخیر جائز نہین ہے اور سجدہ[2] مین جا کے اگر تین مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ کہلے کافی ہے یا ایک مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَبِحَمْدِهٖ

فصل چوتھی تیمم کے بیان مین

جاننا چاہیے جس شخص کو کہ پانی تلاش[3] اور قیمت سے بھی میسر نہو یا کوئی مرض لاحق ہوا اور یقین رکھتا ہو کہ پانی ضرر کریگا یا خوف ہو کہ مرض پیدا کرے گا

---

[1] جن چیزون پر سجدہ نماز صحیح ہوتا ہے حتی الامکان انکی رعایت اولی ہے ۱۲ منہ [2] کوئی خاص دعا سجدہ قرآن کے لیے واجب نہین ہے جو دعائین ذیل مین لکھی جاتی ہین ان کا پڑھنا مستحب ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ حَقًّا حَقًّا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ اِيْمَانًا وَّتَصْدِيْقًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ عُبُوْدِيَّةً وَّرِقًّا سَجَدْتُّ لَكَ يَا رَبِّ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا لَا مُسْتَنْكِفًا وَّلَا مُسْتَكْبِرًا بَلْ اَنَا عَبْدٌ ذَلِيْلٌ خَائِفٌ مُّسْتَجِيْرٌ احوط ہے کہ سجدہ قرآن مین یہ دعا پڑھے سَجَدْتُ لَكَ يَا رَبِّ تَعَبُّدًا وَّرِقًّا لَا مُسْتَكْبِرًا عَنْ عِبَادَتِكَ وَلَا مُسْتَنْكِفًا وَّلَا مُتَعَظِّمًا بَلْ اَنَا عَبْدٌ ذَلِيْلٌ خَائِفٌ مُّسْتَجِيْرٌ [3] ان صورتون کے سوا اور بھی صورتین جواز تیمم کی ہین مثلاً یہ کہ پانی ایسے مقام پر ملتا ہے کہ اگر یہ لینے جائے تو اسکے عرض یا مال یا جان کے ضیاع کا خوف ہے یا پانی اتنا ہے کہ وضو یا غسل کرنے کے بعد اسکے پینے کے لیے نہین رہتا جسمین ہلاکت کا خوف ہے خلاصہ یہ ہے کہ تین وقتون مین تیمم جائز ہے اور اسکی بہت سی شکلین ہین ایک یہ کہ پانی اسکو دستیاب نہو سکے اسکی متعدد صورتین ہین دوسرے یہ کہ پانی کے استعمال کرنے سے خوف ہو ہلاکت کا اسکی بھی بہت سی صورتین ہین تیسرے یہ کہ نماز کا وقت تنگ ہو کہ اگر وضو یا غسل کرے گا تو وقت نماز باقی نہ رہے گا لهذا جلدی سے تیمم کرکے نماز پڑھ لے ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

یا وقت نماز کا بہت تنگ ہوا ایسا کہ وضو یا غسل کرنے تک نماز قضا ہو جائیگی اس وقت بدل وضو یا غسل کے تیمم کرنا چاہیے مگر لازم ہے کہ اعضاے وضو قبل تیمم کے پاک ہوں پہلے نیت کرے تیمم کرتا ہوں میں بدل وضو یا غسل کے واسطے مباح ہونے نماز کے واجب قربۃً الی اللہ پس ساتھ ہی نیت کے دونوں ہتھیلیوں کو زمین یا مٹی پاک و مباح پر مارے اس طور سے کہ آخر نیت اور اول ہاتھ مارنا ایک ہو پھر دونوں ہتھیلیوں سے مسح پیشانی کا کرے جہاں سے بال جمتے ہیں ناک کے سر تلک اور دونوں جانب کی بھوین اور تمام پیشانی دونوں طرف مسح میں گھیرے پھر بائیں ہاتھ کی ہتیلی سے داہنے ہاتھ کی پشت دست کو بند دست سے انگلیوں کے سر تلک مسح کرے پھر داہنے ہاتھ کی ہتیلی سے بائیں ہاتھ کی پشت کو بھی اسیطرح مسح کرے پھر دوسری ضرب مارے اور اس ضرب سے دونوں ہاتھوں کی پشت کو مسح کرلے پہلے داہنے ہاتھ کی پشت کو پھر بائیں ہاتھ کی پشت کو جس طرح ابھی ذکر ہوا یہی ترکیب کربلاے معلے میں رائج ہے بموجب فتواے جناب شیخ زین العابدین علیہ الرحمۃ کے اب واضح ہو کہ تیمم اشیاے مفصلۂ ذیل پر جائز ہے پہلے خاک خالص پر اور خاک سے مراد یہ ہے کہ اسکو کچا کر لیا ہو اگر یہ ممکن نہو تو زمین[1] پر اسکے بعد ریگ[2] یعنی بالو پر اسکے بعد سنگ[3] یعنی پتھر پر اسکے بعد غبار پر اسکے بعد گیلی مٹی پر مگر خاک مقدم ہے سفید ہو یا سیاہ یا سرخ یا زرد اور خاک قبر و خاک مستعمل ریگ و سنگریزہ پر بھی جائز ہے بلکہ اینٹ اور سفال مگر خام یعنی غیر پختہ پر بھی صحیح ہے اور غبار سے مراد یہ ہے کہ جو کپڑے یا گھوڑے کے زین وایال پر ہو اگر یہ غبار ان چیزوں سے علیحدہ کرنا ممکن نہو والا کپڑے پر سے غبار کو جمع کرکے تیمم کرے اور اگر پتھر میسر آئے ساتھ غبار یا ساتھ گیلی مٹی کے تو احوط یہ ہے کہ دونوں پر علیحدہ علیحدہ تیمم کرے اور یہ بھی لازم ہے کہ مقام تیمم کرنے کا غصبی نہو اور اگر زمین بلند مانند ٹیلہ بلے صحرا کے ہو تو اولی ہے اور تیمم کے وقت انگلیاں جدا جدا ہوں اگر انگوٹھی چھلا ہاتھ میں ہو تو

---

[1] خاک زمین پتھر پر تیمم کرسکتا ہے اگر یہ نہ ملیں تو ریت پر یعنے بالو پر اگر وہ بھی نہو تو غبار پر ۱۲ منہ [2] [illegible] تیمم کرنا کافی ہے انشاء اللہ ۱۲ منہ مد ظلہ۔

86238

Marfat.com

خیال رکھے اور تیمم آخر وقت کرے کہ شاید پانی ملجاوے یا بیماری دفع ہو جاوے اور اگر تیمم[1] اون چیزون کے لیے مثل مس کتابت قرآن یا تلاوت قرآن یا سنتی نماز پڑھنے یا نماز قضا پڑھنے کے لیے کیا ہو تو اس سے دوسری نماز واجب یومیہ موجودہ بھی پڑھ سکتا ہے اور جن چیزون سے غسل و وضو ٹوٹ جاتا ہے تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہے اور تیمم بدل غسل کرنے سے غسل اسکے ذمہ سے ساقط نہین ہوتا جب عذر برطرف ہو غسل کرے **فائدہ** اکثر لوگ تھیلی مین خاک بھر کے اسپر تیمم کرتے ہین اور اس طرح کی تھیلی سفر مین اپنے ہمراہ رکھتے ہین پس یہ تیمم درست نہین اسلیے کہ خاک کے ہوتے ہوے غبار پر تیمم درست نہین اور خاک تھیلی مین موجود ہے پس چاہیے کہ تھیلی[2] سے خاک باہر نکال کے تیمم کرے پھر تھیلی مین بھر لے

باب چوتھا بیان ثواب نماز اور عذاب ترک نماز مین

واضح ہو کہ نماز ستون دین ہے اور بہترین عبادات ہے وارد حدیث ہے کہ نزدیک نہین ہوتا بندہ خدا سے بعد پہچاننے خدا کے ساتھ کسی چیز کے کہ بہتر نماز سے ہو یعنی نماز سے نزدیکی خدا کی حاصل ہوتی ہے اور فرمایا کہ پہلے جس چیز سے کہ بندہ سوال کیا جائیگا وہ نماز ہے اگر نماز قبول ہے اسکی تو سارے اعمال و عبادات اسکے قبول ہونگے اور اگر نماز مقبول نہوگی تو کوئی عمل و عبادت اسکی مقبول نہوگی اور نماز واجب ہے ہر بالغ و عاقل پر عورت کو نوین برس اور مرد کو پندرھوین برس یا جب علامت بلوغ کی ظاہر ہو کہ وہ احتلام[3] یا حیض کا ہونا یا موے زہار کا نکلنا ہے اگرچہ سن مذکور سے پہلے یہ علامتین ظاہر ہون اور جسکی نمازین بسبب کسی عذر کے قضا ہوئی ہون عورت ہو یا مرد جلدی ادا کرین کہ دنیا سے مشغول الذمہ نجاوین **فائدہ** کتاب[4] مصباح کفعمی مین امیرالمومنین علیہ السلام سے

---

[1] اگر یہ تیمم بہ نیت قربت مطلقہ ہو تو نماز واجب اس سے پڑھ سکیگا ۱۲ منہ [2] یعنی تھیلی مین جو خاک ہے اسپر تیمم کرے لیکن اگر خاک کے باہر نکالنے کی ضرورت ہو تو باہر نکال کے ورنہ اسی تھیلی کو کھول کے خاک کو پھیلا کر اسی پر تیمم کرے ۱۲ منہ [3] اگر لڑکی کو نو برس سے قبل خون آئے تو وہ خون حیض نہین ۱۲ منہ [4] اس حدیث سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اس عمل سے اسکی قضا نمازین ساقط ہو جائینگی۔ کیونکہ جسپر نمازین قضا ہین اور وہ نہین جانتا کہ کتنی ہین کہ اتنی نمازین اسکو پڑھنی چاہیین کہ یقین یا ظن غالب اسکو ہو جائے کہ اب کوئی نماز اسپر باقی نہین رہی ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

در بارۂ کفارۂ نماز منقول ہے کہ ایک روز جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ وہ حضرت فرماتے تھے کہ میری امت مین سے جس شخص کی نمازین ایام جہالت مین ترک ہوئی ہون اور وہ شخص اس فعل پر اپنے نادم اور منفعل ہوا اور مقدار نماز ترک شدہ کی بھی نہ جانتا ہو پس اسکو چاہیے کہ شب دوشنبہ کو پچاس رکعت نماز پڑھے دو دو رکعت کے بعد سلام پھیرے اور ہر رکعت مین بعد سورۂ حمد کے ایک ایک مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھے بعد کل نمازون کے سو مرتبہ پڑھے أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي وَأَتُوبُ إِلَيْهِ اور سو مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اور سو مرتبہ کہے اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ بعد اسکے توبہ وتضرع وزاری درگاہ خدا مین کرے تو حق تعالیٰ اسکو معاف کریگا اگرچہ سو برس کی نمازین اس سے ترک ہوئی ہون

کفارہ نماز

ثواب اور فوائد نماز پڑھنے کے بہت ہین انمین سے چالیس فائدے یہ ہین کتاب جامع الاخبار مین وارد ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز پنجگانہ موجب خوشنودی خدا ہے اور دوستی فرشتون کی ہے اور طریقہ پیغمبرون کا ہے اور نور معرفت ہے اور جزو ایمان ہو اور دعا اور اعمال قبول ہوتے ہین اور برکت ہوتی ہے رزق مین اور راحت بدن ہو اور ہتیار ہے دشمنون پر اور ناگوار ہے شیطان پر اور نماز شفیع ہے درمیان صاحب نماز اور ملک الموت کے اور چراغ ہے قبر مین اور فرش ہے نیچے دونون پہلو کے اور جواب ہی نکیرین کا اور ہمنشین ہی خوشی اور مصیبتون مین اور مصاحب ہے قبر مین اور روز قیامت کے اور فرمایا واسطے ہر چیز کے زینت ہی پس زینت اور آراستگی دین کی پانچ وقت کی نماز ہے اور واسطے ہر چیز کے رکن ہی اور رکن ایمان کا نماز ہے اور واسطے ہر چیز کے چراغ ہے اور چراغ دل مومن کا نماز ہے اور واسطے ہر چیز کے ایک قیمت ہی پس قیمت بہشت کی پانچون نمازین ہین اور واسطے ہر چیز کے ایک پروانہ نجات ہے پس پروانہ نجات مومن کے لیے آتش جہنم سے پانچون نمازین ہین اور زینگی دنیا و آخرت کی نماز ہے اور نماز سے جدا ہوتا ہے مومن کافر سے اور مخلص منافق سے اور فرمایا نماز ستون ہی دین کا اور پشت وپناہ ہے بدن کی اور آرائش ہے

چالیس فوائد نماز

Marfat.com

اسلام کی اور مناجات ہو پیارے دوست کے واسطے اور نماز سے حاجت برآتی ہو اور نماز توبہ ہے توبہ کرنے والے کی اور شکرگذاری ہو احسان کی اور برکت ہو مال کی اور کشائش ہے رزق مین اور نور ہے چہرے کا اور عزت ہو مومن کی اور اسی نماز سے فرشتے طلب آمرزش کرتے ہین اور یہی نماز ناک رگڑتی ہے ملحدون کی اور یہی نماز قہر ہے شیاطین پر اور کفارہ ہے تمام گناہون کا اور قلعہ ہے تمام مال کا اور سبب نماز کے قبول کیجاتی ہے گواہی اور نماز رونق اور آبادی ہے مسجدون کی اور یہی نماز مہر ہے حوران خوش چشم کا اور اسی نماز سے لگائے جاتے ہین درخت بہشت مین اور اسی نماز سے خدا نثار کرتا ہے رحمت کو اپنی نماز پڑھنے والون پر اور فرمایا جسنے ایک نماز کو ترک کیا یہانتک کہ وقت گذر جائے وہ عذاب کیا جائے گا کئی حقبہ اور ہر حقبہ اسی برس کا ہوتا ہے اور ہر برس تین سو ستر دن کا ہوگا اور ہر دن ہزار برس کا ہوگا موافق شمار مروج دنیا کے ✣

بیان ترک نماز مین

نماز ایک جس شخص نے ترک کی تو گویا کہ خون ایک نبی کا کیا دیا چار وقتون کو گر ہاتھ سے	تو خون اسنے اپنا کیا بے چھری ہوئی تین وقتون کی جس سے قضا تو ایسا ہو جیسا کہ اس شخص نے	اگر دو نمازون کا تارک ہوا تو کعبے کو اس شخص نے ڈھا دیا زنا اپنی مادر سے ہفتاد بار
کیا عین کعبہ مین اے ہوشیار خدا اسکو کرتا ہو یون بے نیاز غضب کا ہوا اب سزاوار تو ہے آسمان و زمین سے نکل سبک اور ضائع کرے جو نماز	جو تارک ہوا پانچ اوقات کا یہ تو نے جو کی ترک میری نماز بہت مین بھی بیزار ہون تجھسے اب کہین اور رہ جاکے اے بدعمل نہین مجھ سے اور میری امت سے وہ	بیان کیا کرون اسکے حالات کا ہوا میری طاعت سے بیزار تو خدا اور اپنے لیے کر طلب یہ ارشاد کرتے ہین شاہ حجاز بہت دور ہو حق کی رحمت سے وہ

باب پانچوان بیان نماز وغیرہ مین

ثواب نماز اور عذاب ترک نماز بیان ہوا اب اس باب مین کیفیت نماز کی بیان کی جاتی ہے اور اسمین چار فصلین ہین **فصل اول** فضیلت تسبیح و سجدہ گاہ خاک تربت مین کتاب مصباح مین حضرت

Marfat.com

امام موسی کاظم علیہ السلام سے وارد ہے چاہیے کہ مومن خالی نہو پانچ چیز سے کنگھی ومسواک وسجادہ وانگشتری وتسبیح سے کہ چونتیس دانہ ہون ہر گاہ اسکو پھراوے ذکر خدا کرے ہر دانہ مین چالیس حسنہ اسکے واسطے لکھے جاتے ہین اگر ذکر نہ کرے خالی پھراوے ہر دانہ مین بیس نیکی لکھی جاتی ہے حدیث مین ہے کہ جو تسبیح خاک تربت پر ایک تسبیح پڑھے خدا واسطے اسکے چار سو نیکی لکھتا ہی اور چار سو گناہ مٹاتا ہے چار سو حاجت برلاتا ہی چار سو درجے اسکے بلند کرتا ہے سات طبق تک بچاڑتا ہے آسمانون کو یعنی وہ نماز درگاہ الٰہی مین مقبول ہوتی ہی خوشنودی خدا ہے **فائدہ** سوائے زمین کے یا نباتات کے جو زمین سے اُگے اور کسی چیز پر سجدہ نہین ہوسکتا اور نباتات مین بھی شرط ہی کہ اسکو عادۃً کھاتے پہنتے نہون پس مثل روی اور پوست کے تپون پر کہ انکو کھاتے ہین سجدہ درست نہین اور تانبے لوہے سونا۔ چاندی اور جو چیز معدنی ہو مثل عقیق وغیرہ کسر کچ۔ چونہ۔ ظروف گلی پختہ سائینٹ پختہ۔ کاغذ تحریر شدہ پر بھی درست نہین اور پشت کف دست پر بھی سجدہ درست نہین البتہ اگر زمین بہت گرم ہو اور پیشانی جلنے کا خوف ہو اور کوئی چیز سجدہ کے قابل نہو تو بدرجہ مجبوری کپڑا بچھا کے سجدہ کرے اور اگر کپڑا بھی نہو اسوقت پشت کف دست پر اپنی سجدہ جائز ہوگا اور سادہ کاغذ بغیر اہار پر اور پتھر پر سجدہ جائز ہی علی الاقرب مگر ایسا پتھر نہو جو عادۃً کھاتے ہون بلکہ سنگ مرمر جسکا چونہ کھایا جاتا ہی اسپر بھی سجدہ کرنا کیا ضرور اور جس سجدہ گاہ پر پیشانی کا میل جما ہوگا اسپر سجدہ درست نہین ہے

فصل دوسری نماز پنجگانہ کے بیان مین معلوم ہو کہ نماز واجب ہر روز سترہ رکعت ہین صبح کی دو ظہر کی چار عصر کی چار مغرب کی تین عشا کی چار رکعت ہین اور صبح کی دو رکعت اور مغرب کی اول دو رکعت اور عشا کی اول دو رکعت پکار کے پڑھے اور باقی رکعتین آہستہ پڑھے اور سفر مین گیارہ رکعتین ہین چار رکعتی نماز مین سے دو قصر کرے صبح و مغرب مین قصر نہین ہے **فائدہ** پوشیدہ نرہے کہ مطلق سفر موجب افطار صوم وقصر نماز نہین ہے بلکہ اسمین مراعات چند امرون کی ضرور ہے اول یہ کہ مقصود مسافت شرعی ہو یعنی آٹھ فرسخ کا

عدد رکعات

حال نماز سفر مین

کہ بحساب انگریزی ایک فرسخ[ف] تین میل کا ہوتا ہے یا اس سے زیادہ طے کرنا ہو اور اگر مقصود یہ ہو کہ فقط چار فرسخ تک جاے لیکن پھر وہان سے اسی زور عود کرنا بھی ملحوظ ہو تو بھی قصر کرنا ظاہرا واجب ہوگا کیونکہ آمد و رفت مین آٹھ فرسخ ہو جاٰینگے اور قصر مین فقط یہی شرط نہین ہو کہ آٹھ فرسخ طے کرے بلکہ یہ بھی لازم ہو کہ پہلے سے آٹھ فرسخ طے کرنے کا عزم رکھتا ہو پس اگر پہلے چار فرسخ جانے کا قصد ہوا اور وہان پہونچ کر دو فرسخ یا چار فرسخ اور طے کرے تو قصر لازم نہوگا اور اسی طرح اگر کچھ قصد نہوا اور بدون قصد راہ طے کرے تا اینکہ مسافت شرعی تمام ہو تو بھی قصر اسکے ذمہ پر عائد نہوگا دوسرے یہ کہ وہ سفر مباح ہو اور مقصود اس سفر سے لہو و لعب نہو مثل سیر و شکار کے اور اگر سیر و شکار سے مقصود تجارت ہو یا کوئی ضرورت شرعی اسکی جانب داعی ہو تو البتہ افطار صوم کرے اور قصر نماز بھی کرے تیسرے مراعات حد ترخص شرط قصر و صوم ہے پس جس وقت سے اذان شہر یا شہر پناہ اور عمارات شہر محسوس نہون جب سے قصر کرے اور جس شہر مین کہ شہر پناہ بھی ہوا اور اذان بھی کہی جاتی ہو تو اسمین احوط یہ ہے کہ جس مقام سے شہر پناہ بھی محسوس نہو اور آواز اذان بھی گوش زد نہو جب سے افطار کرے اور قصر نماز بھی کرے اور اسیطرح جب سفر سے معاودت کرے تو بعد مشاہدہ شہر پناہ یا سننے آواز اذان کے اتمام کرے چوتھے یہ کہ مسافر کثیر السفر نہو مثل صحرا نشینون اور ملاحون اور ان تاجرون کے جو تجارت کے لیے شہر بشہر پھرا کرتے ہین اور جو لوگ کہ خانہ بدوش ہون اور اپنے شہر مین دس روز تک مقام نہ کرتے ہون انپر پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا واجب ہوگا گو سفر مین ہون البتہ اگر کوئی کثیر السفر کسی شہر مین خصوصًا اپنے شہر مین دس روز تک مقیم رہے اور پھر سفر کرے تو اس سفر مین قصر و افطار اسپر بھی لازم[ع] ہوگا پانچوین یہ کہ اثناے مسافت شرعی مین اگر اسکا کوئی مکان ہو کہ اس مکان مین اسنے چھ مہینہ تک بود و باش[ق] کی ہو

ف فرسخ ۳ میل شرعی میل شرعی ۴۰۰۰ ہاتھ میل انگریزی ۱۷۶۰ اگر اس حساب سے آٹھ فرسخ شرعی ۲۷ میل انگریزی ۲ فرلانگ ۱۰۰ گز کے برابر ہوے یا یون کہا جاے ۲۰ میل انگریزی ۴۰۸۰ گز کے برابر ہوے یہ مسافت ہی ۱۲ منہ ع جب تک دوبارہ وہ کثیر السفر نہوجاے ۱۲ منہ ق بقصد وطن چھ ماہ یا چھ ماہ سے زائد بود و باش کی ہو ۱۲ منہ مدظلہ -

Marfat.com

تو بھی قصر نہین کر سکتا اور اسی طرح اگر اثناے راہ مین نیت اقامت دس روز کی کرلے تو بھی قصر نہ کریگا اور اگر راہ مین نہ کوئی منزل مملوک ہو کہ اسمین چھ مہینے تک سکونت کرچکا ہو اور نہ نیت دس روز مقام کرنے کی کی ہو تو البتہ قصر کرے اور اگر مسافت شرعی کے بعد نیت اقامت دس روز کی کرلی یا وہان پر اسکا کوئی مکان مملوک ہو کہ اسمین چھ مہینے تک سکونت کرچکا ہو تو اثناے راہ مین البتہ افطار اور قصر نماز کرے لیکن جب اس مقام پر پہونچے تو اتمام کرے اور اگر اقامت اور سفر مین متردد ہو اور یہ معلوم نہو کہ دس روز تک رہنا ہوگا یا نہین تو اسے بھی قصر و افطار کرنا چاہیے تا اینکہ تیس روز تمام ہون اور وہ شخص اگر بعد تیس روز گذرنے کے بھی اقامت و سفر مین متردد ہو تو پھر البتہ اتمام لازم ہوگا اور قصر نماز و صوم مین شب سے نیت[۵۱] سفر ہونا شرط ہے اور دور نہین کہ اگر قبل زوال سفر کرے تو قصر کرنا اظہر ہو خواہ شب سے نیت کی ہو یا نہین اور احوط[۵۲] یہ ہے کہ اگر قبل زوال سفر ہو بدون نیت تو امساک بھی کرے اور قضا بھی اس روزہ کی کرے بلکہ خواہ نیت شب سے کی ہو یا نہ کی ہو اور سفر قبل زوال نہو بلکہ بعد زوال ہو تو امساک بھی کرے اور قضا بھی اس صوم کی کرے اور جہانتک ممکن شب کو نیت کرنا اور قبل زوال سفر کرنا بہتر ہے اور یہ بھی واضح ہو کہ سفر مین پیادہ جانا یا سواری پر جانا یا ریل پر جانا سب برابر ہے **فصل تیسری** بیان نماز مین پس جسوقت آدمی ارادہ نماز کا کرے پہلے چاہیے بدن و کپڑا پاک ہو پھر وضو یا غسل یا تیمم جسکی حاجت ہو بجا لاوے اور وقت نماز اور سمت قبلہ مشخص کرکے قبلہ رو کھڑا ہو اول اذان کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ چار مرتبہ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دو مرتبہ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو مرتبہ بعد اسکے اَشْھَدُ[۵۳] اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ دو مرتبہ

بیان نماز

۵۱ علی الاقوی شب سے نیت سفر کرنا قصر صوم و صلوۃ مین شرط نہین ہو البتہ قصر صوم مین زوال سے پہلے سفر کرلینا شرط ہے پس اگر بعد زوال سفر کریگا تو روزہ اسکو باقی رکھنا چاہیے اور قضا لازم نہین ہو بلکہ احوط ہے ۱۲ منہ ۵۲ یہ احتیاط واجب نہین ہے ۱۲ منہ ۵۳ شہادت ولایت وخلافت حضرت امیر علیہ السلام جزو اقامت و اذان نہین بلکہ جزو ایمان ہے اور اذان مین بدون قصد جزئیت اس کلمہ کا کہنا شرعا جائز بلکہ بعض وجوہ سے ضروری ہے ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ دو مرتبہ حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
دو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دو مرتبہ لازم ہے کہ اذان کے فصول ٹھہر ٹھہر کے کہے اور اقامت کے
فصول مین نہ ٹھہرے اور درمیان اذان و اقامت کے لمحہ توقف کرے بہتر ہی کہ
بیٹھ جاوے اور ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَّعَمَلِیْ سَارًّا وَّعَیْشِیْ
قَارًّا وَّرِزْقِیْ دَارًّا وَّاَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَّاجْعَلْ لِیْ عِنْدَ قَبْرِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مُسْتَقَرًّا وَّقَرَارًا بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پھر کھڑا ہو کر اقامت کہے جو
فصول کہ اذان مین ہین کہے لیکن اقامت مین اول دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ہے اور بعد حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ
کے قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ دو مرتبہ کہے اور اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ کہنا صاحب منتخب الاعمال نے
اقامت مین بھی لکھا ہو صحیح ہو کہ بعد اذان اور اقامت کے سات تکبیرین[۱] کہنا سنت ہین
اس طرح پر کہ اول تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہر مرتبہ مین ہاتھ مقابل کانون کے بلند کرے
پس یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ اِنِّیْ
ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ پھر دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور یہ
دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْكَ وَالْمَھْدِیُّ مَنْ
ھَدَیْتَ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدَیْكَ ذَلِیْلٌ بَیْنَ یَدَیْكَ لَا مَلْجَأَ اِلَّا بِكَ وَلَا مَھْرَبَ مِنْكَ اِلَّا
اِلَیْكَ سُبْحَانَكَ وَحَنَانَیْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ
پھر ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور یہ دعا پڑھے رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ پھر
رو بقبلہ ہو کر نیت[۲] نماز کی کرے مثلاً اُصَلِّیْ فَرْضَ الصُّبْحِ اَدَآءً لِوُجُوْبِہٖ قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ
یا جس وقت کی نماز ہو اسکا نام لے یا یون کہے نماز ظہر یا عصر پڑھتا ہون مین اسواسطے کہ

[۱] قبل نماز کے سات تکبیرین کہنا چاہیے اور جسمین سے جس ایک کو چاہے تکبیر الاحرام قرار دے وہ واجب ہوگی اور باقی مستحب ۱۲ منہ [۲] وضو یا نماز بلکہ ہر عبادت کی نیت مین قصد مخصوص معتبر ہے زبان سے لفظ ضروری نہین ہے ۱۲ منہ ظلہ

Marfat.com

واجب ہے ادا قربۃً الی اللہ بعد اس نیت کے تکبیرۃ الاحرام یعنی اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہاتھون کو اٹھاوے کانون تک اور سنت ہو کہ یہ دعا پڑھے وَجَّہْتُ وَجْہِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَمِنْھَاجِ عَلِیٍّ صَلَوٰاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ پھر آہستہ کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ پس ہر نماز مین بسم اللہ باآواز بلند کہے اور حالت قیام مین جائے سجدہ کی طرف نظر رکھے دونون ہاتھ رانون پر مقابل زانو کے رکھے انگلیان باہم ملا کے رکھے اور پانون بقدر ایک بالشت[1] کے آپس سے دور رکھے اور پانون کے انگوٹھون کا سر جانب قبلہ رکھے کسی جانب کجی نہو اگر عورت ہو تو ہاتھون کو سینہ پر رکھے پھر سورۂ الحمد پڑھے غور اور ملاحظہ کرے کہ حروف باہم مشتبہ نہون رعایت تشدید و مد متصل کی کرے بعد اتمام الحمد کے اندک صبر کرے دوسرا سورہ مقرر کر کے شروع کرے بہتر و افضل ہو کہ اِنَّآ اَنْزَلْنَا پڑھے پھر بقدر ایک سانس کے صبر کر کے ہاتھون کو برابر منھ کے کانون تک اٹھاوے کہ ہتیلیان قبلہ رو رہین اور کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ پھر رکوع مین جاوے دونون ہتیلی ہاتھ سے سر گھٹنون کے بطور لقمہ کے پکڑ لے انگلیان آپس سے کھلی رکھے گھٹنون کو پیچھے کی جانب باوے اسقدر خم ہو کر برابر رکھے پشت کو کہ اگر قطرہ پانی کا پیٹھ پر پڑے کسی جانب حرکت نکرے اور سر کو نہ جھکاوے برابر پشت کے رکھے اور حالت رکوع مین پانون کی طرف دیکھے اور تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ کہکر سیدھا کھڑا ہو اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہے پھر ہاتھ اٹھا کر حالت قیام مین اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور سجدہ مین جاوے اول ہاتھ پہونچاوے ہتیلیان زمین پر ٹیکے انگلیان آپس مین ملا کے رکھے اور حالت سجدہ مین بازو کشادہ رکھے رکوع اور سجدون مین کوئی عضو دوسرے عضو سے

[1] پانون کا تین انگل سے لے کر ایک بالشت تک دور رکھنا مستحب ہے ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

ملا کے نہ رکھے اور عورت رکوع اور سجدون مین اعضا باہم ملا کے رکھے ہاتھون کو مع کہنی زمین پر
پہونچاوے اور بازو ملا کے رکھے اور دونون ہاتھ برابر منھ کے رکھے اور سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی
وَبِحَمْدِہٖ تین مرتبہ کہے اور حالت سجدہ مین ناک کی جانب نظر رکھے اور سات[۱] عضو زمین پر
پہونچاوے پیشانی اور دونون ہتیلی اور دونون گھٹنے اور سرے دونون انگوٹھے پانون کے
اور نوک ناک کی اور سجدہ اس چیز پر کرے کہ زمین سے اُگی ہو اور عرف عادت مین کھاتے پہنتے نہون
پس سجدہ سے سر اٹھا کر درست ہو کر بیٹھے اس طور سے کہ بائین ران پر بیٹھے اور پشت پا داہنا
شکم پر بائین پانون کے رکھے اور عورت چڈھون پر بیٹھے اور زانودن کو زمین سے بلند رکھے
اس طرح سے کہ تلوے زمین پر ہون اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے ہاتھ کانون تک اٹھاوے پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ
رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر دوسرا سجدہ بطور اول بجالاوے بعد اسکے بیٹھے اور
اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اندک صبر کرکے پھر اٹھے اول زانو اٹھاوے پھر ہاتھ اور کہے بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ
اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ اور عورت اول ہاتھ اٹھاوے پھر زانو پس جب کھڑا ہووے دوسری رکعت
پڑھے بعد الحمد کے سورہ قل ہو اللہ پڑھے اور بعد قل ہو اللہ کے کَذٰلِکَ اللّٰہُ رَبِّیْ تین بار
کہے اور قنوت پڑھے ہاتھون کو برابر منھ کے اٹھاوے کہ ہتیلیان طرف آسمان کے ہون اور
ہتیلیون کی طرف دیکھے اور یہ قنوت پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا
فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور اگر دعاے قنوت کے اول کلمات فرج
پڑھے بہتر ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ
رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْھِنَّ وَمَا بَیْنَھُنَّ وَمَا فَوْقَھُنَّ وَمَا
تَحْتَھُنَّ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور رکوع
و سجود بطور رکعت اول کے بجالاوے اور بعد فراغ دونون سجدون کے درست ہو کر

بیان قنوت

[۱] اعضائے سبعہ پر سجدہ واجب ہے اور وہ سات اعضا یہ ہین پیشانی[۱] دونون[۲] ہتیلیان دونون[۳] گھٹنون کی چپنیان،
پانون[۴] کے دونون انگوٹھون کے سرے اور بوقت سجدہ ناک کا مٹی پر ہونا مستحب ہے ۱۲ منہ [۲] احوط یہ ہے کہ زمان غیبت مین ترک کرے ۱۲ منہ

بیٹھے اور تشہد پڑھے اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اگر نماز دو رکعتی ہو تو تشہد کے بعد سلام کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اور یہ سلام پہلا داخل تشہد ہر اور دوسرا جانب قبلہ کے گوشہ چشم سے جانب راست اشارہ کرے سلام تیسرا سنت ہے پس اگر نماز تین یا چار رکعتی ہے بعد تشہد کے اٹھے ایک رکعت یا دو رکعت باقی بجالائے چاہے سورہ الحمد پڑھے چاہے یہ تسبیح اربعہ تین مرتبہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور رکوع و سجود بطور اول کرے اور تشہد و سلام کہکے تین بار اللّٰهُ اَكْبَرُ کہے اور ہر مرتبہ ہاتھ اٹھاوے کانوں تک جب تکبیر کہے ہاتھ اٹھاوے ہتھیلیاں طرف قبلہ کے ہوں اور بعد سلام کے جس طرح سے کہ بیٹھا ہے تسبیح جناب سیدہ کونین علیہا السلام پڑھے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ تسبیح حضرت زہرا علیہا السلام پیچھے ہر نماز کے دوست تر ہے نزدیک میرے ہزار رکعت نماز سے کہ ہر دن پڑھے چونتیس مرتبہ اللّٰهُ اَكْبَرُ اور تینتیس مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور تینتیس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ اور ایک مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے تو حق تعالیٰ اسکو بخش دیگا فائدہ مسائل متفرقات متعلق نماز میں اگر دانت یا ناک سے خون نکل رہا ہے اور قطع نہیں ہوتا اور وقت نماز تنگ ہے تو ایسی حالت میں نماز پڑھنا درست ہے اور اس طرح کا خون ایسے عذر کے ساتھ معفو ہے اور تدبیر یہ کرے کہ رومال سے پونچھتا جائے اور اگر اثنائے نماز میں دانت یا ناک سے خون نکلنے لگے تو اسی طرح نماز کو جس طرح ممکن ہو تمام کرے اور اگر وقت صلوٰۃ وسیع ہو تو بعد طہارت اعادہ نماز کا کرے اگر نماز میں دوسرا سورہ پڑھنا فراموش ہو جائے اور رکوع میں یا بعد رکوع یاد آوے تو نماز درست ہے بعد گذر جانے محل کے اسکا کچھ اعتبار نہیں

بیان تشہد

مسائل متفرق نماز

لہ بہیئت تعقیب ۱۲ اس کے اعادہ نماز ضروری نہیں ہے ۱۲ منہ مدظلہٗ۔

Marfat.com

اگر مثلاً[1] وقت نماز ظہر کا ہے اور مصلّی نے سہواً نیت نماز عصر کی کرکے قرأت شروع کی
اور اسکو قبل رکوع یا بعد رکوع یاد آیا تو چاہیے کہ فوراً نیت بدل کر نماز تمام کرے اور
بعد فراغ احتیاطاً اعادہ بھی کرلے عورت اور مرد کا خواہ محرم ہون خواہ نامحرم باہم بغیر فاصلہ
یا بغیر حجاب نماز پڑھنا درست نہین لازم ہی کہ یا درمیان مین حجاب ہو یا عورت مرد مین فاصلہ دس
ہاتھ کا ہو یا عورت پیچھے مرد کے نماز پڑھے کہ ان صورتون مین نماز دونون کی درست ہے اگر وقت نماز
کا بالکل تنگ ہو تو منتہا نماز مختصر کی یہ صورت ہی کہ نیت اور تکبیرۃ الاحرام اور سورۂ الحمد اور
رکوع اور سجود مین ایک ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ اور تشہد اور سلام مختصر پر اکتفا کرے اسطرح
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ اگر آب خالص مین کسی قدر کیوڑا یا گلاب
یا کوئی خوشبو ملا ہو تو اس سے وضو صحیح ہی بشرطیکہ وہ پانی اطلاق لفظ آب سے خارج نہو یعنی اس پانی
کو کیوڑا یا گلاب سے تعبیر نہ کرین اور بعد الحمد جو دوسرا سورہ پڑھتے ہین پس چاہیے کہ سورۂ الم ترکیف
یا لایلاف یا الم نشرح یا والضحیٰ کو تنہا تنہا نہ پڑھے اسلیے کہ حکم ایک سورہ کامل کے پڑھنے کا ہے
اور یہ سورے فی نفسہ کامل نہین ہین بلکہ الم ترکیف اور لایلاف دونون ملکر ایک سورہ ہے اور
والضحیٰ اور الم نشرح مل کر ایک سورہ ہے اگر نماز مین پڑھے تو اسی ترکیب کے ساتھ پڑھے اگر
مصلی نے بعد الحمد کوئی سورہ پڑھنا شروع کیا تو نصف سورہ تک پہونچنے کے قبل اگر چاہے
تو اس سورہ کو ترک کرکے دوسرا سورہ پڑھ سکتا ہی مگر دوبارہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کے
لیکن اگر سورۂ قل ہو اللہ کو شروع کیا ہے تو اس سے عدول حرام ہی یعنی اسکو ترک نہین کرسکتا
ہے اگرچہ رکعت اول ہو اور اگر اثنائے نماز مین قے آجاوے تو نماز باطل نہین ہوتی مگر شرط ہے

---

[1] اس صورت مین اعادہ ضروری نہین ہی البتہ اگر وقت مختص ظہر مین نماز عصر نسیاناً پڑھ لی اور بعد ختم نماز یاد آیا تو اول نماز ظہر پڑھے پھر نماز عصر کا اعادہ کرے اور اگر وقت مشترک مین نماز عصر نسیاناً پڑھ لی اسکے بعد یاد آیا تو صرف نماز ظہر پڑھ لے عصر وہی کافی ہوگی جو کہ پہلے پڑھ چکا ہے ۱۲ منہ مدظلہ۔

کہ مصلی سکوت طویل یا کوئی اور کام نہ کرے اور قبلہ سے منحرف نہو جاوے اور واضح ہو کہ مذہب حقہ اثنا عشریہ مین نماز ظہر قضا نہین ہوتی جبتک کہ غروب آفتاب مین پانچ رکعتون کا وقت باقی رہے یعنی چار رکعتین ظہر کی پڑھ کے ایک رکعت عصر کی بھی وقت مین پڑھ لیجائے پس اگر تین رکعت باقی عصر کی خارج وقت مین بھی پڑھی جائینگی تب بھی دونون نمازین ادا اور صحیح محسوب ہونگی اسی طرح نماز مغرب و عشا نصف شب تک ادا ہی بشرطیکہ چار رکعتون کا وقت نصف شب کے آنے مین باقی رہے کہ تین رکعت مغرب کی پڑھ کے ایک رکعت عشا کی قبل نصف شب پڑھ لیجائے پس اگر باقی تین رکعت عشا کی بعد نصف شب حقیقی کے پڑھی جائینگی تب بھی دونون نمازین ادا محسوب ہونگی اور یہ بھی معلوم رہے کہ نماز مین مرد پر اسی قدر واجب ہی کہ قبل اور دبر اور ہر دو خصیہ کا ستر کرے اور عورت پر کل بدن کا چھپانا واجب ہی سوائے منھ اور ہر دو کف و پشت دست اور ہر دو کف و پشت پا کے اگرچہ اکیلا مکان ہو خواہ مکان تاریک ہو خواہ حجرہ بند ہو خواہ شب ہو اور مرد کی جامہ حریر محض اور جامہ طلا باف مین نماز باطل ہی لیکن گوٹ حریر محض کی دو تین انگل تک جائز ہی اور مرد مصلی کے پاس اگر زیور طلائی بطور مخفی ہو مثل اسکے کہ اشرفی طلائی ازار بند مین بندھی ہو یا بجلی یا بالی طلائی جیب وغیرہ مین رکھی ہو تو نماز درست ہے مگر عورت کے واسطے زیور طلا اور جامۂ حریر محض سب درست ہی

بیان مکروہات مکان مصلی

بیان مکروہات مکان مصلی مکروہ[۱] ہے نماز پڑھنا حمام مین حمام سے مراد اندر کا درجہ ہی جہان نہاتے ہین نہ کہ باہر کا درجہ جس کو جامہ کن کہتے ہین اور اس مکان مین جسمین شراب یا اور کوئی نشہ کی چیز رکھی ہو اور جسمین تصویر ذی روح اور سایہ دار رکھی ہو یا آگے چراغ جلتا ہو یا آگ سامنے رکھی ہو یا قرآن شریف آگے کھلا ہوا رکھا ہو یا بول و براز آگے مصلی کے پڑا ہو یا جہان حیوان ذبح کیے جاتے ہون یا جس مکان مین تصویرین دیوار پر لٹکتی ہون یا دیوار پر کھنچی ہون مگر یہ کہ لٹکی ہوئی

[۱] بعض مذکورات کی کراہت ثابت نہین ہو تاہم ان کل مقامات پر نماز کا نہ پڑھنا اچھا ہے ۱۲ منہ مدظلہ

Marfat.com

تصویرون کو الٹا کردے یا جس گھر مین کتا ہو مگر سگ معلم و شکاری کا ہونا حرج نہین یا مصلی کے منہ کے آگے محض لوہا ہو یا ہتیار ہون مثل تلوار و بندوق وغیرہ کے یا سامنے کوئی مرد یا عورت ہو خفتہ ہو یا بیدار یا قبرستان مین خصوصاً جبکہ کوئی قبر سامنے ہو اور سوائے انکے بھی اور مقامات ہین جہان نماز پڑھنا مکروہ ہے اور یہ ضروری تھوڑا سا انتخاب انھین کا ہے،

باب چھٹا تاکید تعقیبات اور سوال کرنا حاجات کا بعد نماز کے

باب چھٹا

تاکید تعقیبات بعد نماز صبح تا بر آمدن آفتاب و بعد عصر

جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے وارد ہے کہ دعا بعد نماز فریضہ بہتر ہے نماز نافلہ سے اور تعقیبات طلب روزی مین بہتر ہے تردد کرنے اور پھرنے شہر بشہر کے شرح نفلیہ مین وارد ہے کہ ہر گاہ نماز فریضہ سے فارغ ہو بس منہ کرو طرف پروردگار اپنے کے ساتھ دعا کے جو سوال کروگے وہ عطا کریگا اور فرمایا ہر گاہ بندہ نماز سے فارغ ہو کر حاجت طلب نکرے خدائے تعالیٰ کہتا ہے فرشتون سے کہ نظر کرو طرف اس بندے میرے کے کہ فریضہ میرا ادا کیا اور حاجت کا اپنی مجھ سے سوال نہ کیا گویا بے نیاز ہے مجھ سے تم نماز اسکی اسکے منہ پر مارو اور فرمایا اے فرزند آدم یاد کر مجھے بعد صبح ایک ساعت بعد عصر ایک ساعت تاکفایت کرون مین مہمات تیرے کی اور کارسازی کرون تیرے کامون کی اور جو بعد نماز صبح بیٹھے جانماز پر جبتک کہ آفتاب نکلے نگاہ رکھے گا حق تعالیٰ جہنم سے اسکو اور فرمایا جب نماز سے فارغ ہو بعد تکبیرات[1] کے یہ دعا پڑھے اور ترک نکرے اسے کہ شکر نعمت حق تعالیٰ کا ادا کیا ہوگا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ فَاَعَزَّ جُنْدَہٗ وَغَلَبَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ فَلَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وارد ہے کہ جو بعد نماز کے زانو نہ بدلے اور تین بار یہ استغفار پڑھے حق تعالیٰ اسکے سب گناہ بخشے گا اگرچہ مانند کف دریا کے ہون اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ وارد ہے کہ جو بندہ بعد نماز صبح تین بار یہ کہے خدائے تعالیٰ ستر طرح کی بلا اس سے دفع کریگا کمتر انمین سے اندوہ ہے

[1] یعنی تین مرتبہ اللہ اکبر کہکر جیسا کہ حاشیہ صفحہ ۳۲ پر سابقاً تحریر ہوا ۱۲۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَكًا فِیْهِ وارد ہو کہ جو بعد ہر نماز
کے کہے عمدا ترک کرے کھولے گا حق تعالیٰ آٹھو دروازے بہشت کے کہ داخل ہووے جس
دروازہ سے چاہے اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِكَ
وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ وارد ہو کہ دعا نہ کی کسی نے مگر ساتھ اس دعا کے بعد ہر نماز کے کہ
بخشا گیا وہ گناہون سے اگرچہ بعد ستارہائے آسمان اور قطرہ ہائے باران اور ریگہائے زمین
اور ذرہائے خاک کے ہون یہ دعا جناب پیغمبر خدا کی ہو یَا مَنْ لَّا یَشْغَلُهٗ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ یَا مَنْ
لَّا یُغَلِّطُهُ السَّائِلُوْنَ وَیَا مَنْ لَّا یُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّیْنَ اَذِقْنِیْ بَرْدَ عَفْوِكَ وَمَغْفِرَتِكَ
وَحَلَاوَةَ رَحْمَتِكَ وارد ہو ایک شخص نے شکایت کی حضرت سے بیماری اور تنگدستی کی فرمایا
کہ بعد نماز فریضہ کے کہہ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً
وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا جناب
امیر علیہ السلام سے منقول ہو کہ بعد نماز فریضہ یہ مناجات کہے اِلٰهِیْ هٰذِهٖ صَلٰوتِیْ صَلَّیْتُهَا
لَا لِحَاجَةٍ مِّنْكَ اِلَیْهَا وَلَا رَغْبَةٍ مِّنْكَ فِیْهَا اِلَّا تَعْظِیْمًا وَّطَاعَةً وَّاِجَابَةً لَّكَ اِلٰى مَا اَمَرْتَنِیْ
بِهٖ اِلٰهِیْ اِنْ كَانَ فِیْهَا خَلَلٌ اَوْ نَقْصٌ مِّنْ رُكُوْعِهَا اَوْ سُجُوْدِهَا اَوْ قِیَامِهَا اَوْ قُعُوْدِهَا فَلَا
تُؤَاخِذْنِیْ وَتَفَضَّلْ عَلَیَّ بِالْقَبُوْلِ وَالْغُفْرَانِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ جناب امام محمد باقر علیہ السلام
سے روایت ہو کہ جو شخص بعد نماز صبح و شام کے یہ کلمات کہے حق تعالیٰ فرشتون کو وحی کرتا ہے کہ
لکھو میرے بندہ کے لیے بخشش گناہون سے کیونکہ اقرار کرتا ہے کہ گناہ سوائے میرے
نہ بخشیگا کوئی اسکے سُبْحَانَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا جَمِیْعًا فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
كُلَّهَا جَمِیْعًا اِلَّا اَنْتَ کتاب ثواب الاعمال مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہو
کہ جو شخص کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ کہے گا خدا تعالیٰ اسکے
واسطے تین ہزار نیکیان اور مٹا دیگا تین ہزار گناہ اسکے اور بلند کریگا تین ہزار درجے بہشت مین
اور ایک مرغ پیدا کریگا بہشت مین کہ تسبیح الٰہی کرے اور ثواب اسکا واسطے اسکے ہوگا

Marfat.com

قضاے حاجت

اور فرمایا جو شخص ہر نماز فریضہ کے بعد زانو بدلنے سے قبل یہ تسبیحات پڑھے پھر سوال کرے خدا سے عطا کریگا حاجت اسکی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ ثقۃ الاسلام جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہین کہ جو کوئی یہ دعا ہر صبح پڑھے اگر اس دن مین مریگا تو داخل بہشت ہوگا اور جو کہ شام کو پڑھے اگر اس شب کو مرے گا تو داخل بہشت ہوگا

براے دخول بہشت شام و صبح کو پڑھے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ مَلَائِكَتَكَ الْمُقَرَّبِينَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ الْمُصْطَفَيْنَ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَأَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيًّا وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَمُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَعَلِيَّ بْنَ مُوسَى وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةَ بْنَ الْحَسَنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ أَئِمَّتِي وَأَوْلِيَائِي عَلَى ذٰلِكَ أَحْيَى وَعَلَيْهِ أَمُوتُ وَعَلَيْهِ أُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ **ایضاً** بعد ہر نماز واجب کے کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا هُوَ أَهْلُهُ **ایضاً** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَجِرْنِي مِنَ النَّارِ وَارْزُقْنِي الْجَنَّةَ وَزَوِّجْنِي الْحُورَ الْعِينَ **ایضاً** بعد ہر نماز کے کہے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عَافِيَتَكَ فِي أُمُورِي كُلِّهَا وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ **ایضاً** أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَأَسْأَلُهُ أَنْ يُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَنْ يَتُوبَ عَلَيَّ **ایضاً** اگر اس دعا کو بعد ہر نماز واجب کے دس مرتبہ پڑھے تو چالیس ہزار گناہ اُسکے عفو ہونگے اور چالیس ہزار حسنہ اسکے لیے لکھے جائینگے اور گویا اسنے بارہ مرتبہ ختم قرآن شریف کا کیا ہوگا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ إِلٰهًا وَاحِدًا أَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا **ایضاً** مروی ہے کہ جو شخص ایمان بخدا اور روز قیامت رکھتا ہو چاہیے کہ ترک نکرے بعد نماز واجب سے ایک مرتبہ سورہ قل ہو اللہ احد کا پڑھنا دیگر چند دعائین وہ لکھی جاتی ہین

براے آمرزش گناہان

از مصباح المتہجد شیخ طوسی

ذکر بعد ہر نماز اگر انکے پڑھنے کے ثواب لکھے جائین تو اس مختصر مین گنجائش پذیر نہون اور بڑے
بڑے مطالب دین و دنیا پر مشتمل ہین اول تین مرتبہ اس دعا کا پڑھنا اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ
اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً اَوْ سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ اَعْلَمُ وَلَا
اَعْلَمُ وَاَنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَكَشَّافُ الْكُرُوْبِ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ دوم ایک مرتبہ اس دعا کا پڑھنا رَضِيْتُ بِاللّٰهِ
رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِالْقُرْاٰنِ كِتَابًا وَبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَبِعَلِيٍّ وَلِيًّا وَاِمَامًا
وَبِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى بْنِ
جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ
عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَئِمَّةً وَسَادَةً وَقَادَةً بِهِمْ اَتَوَلّٰى وَمِنْ اَعْدَائِهِمْ اَتَبَرَّءُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
رَضِيْتُ بِهِمْ اَئِمَّةً فَارْضِنِيْ لَهُمْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ سوم ایک مرتبہ اس
دعا کا پڑھنا کہ سوائے ثواب بعید کے توسیع زرق کے واسطے بہت مجرب ہے اور
عجب مضامین عالیہ پر مشتمل ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الْاِيْمَانَ بِكَ وَالتَّصْدِيْقَ
بِنَبِيِّكَ وَالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَاءِ وَالشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَالْغِنٰى عَنْ اَشْرَارِ البلد الامین
النَّاسِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا صَلٰوتَنَا وَصِيَامَنَا وَقِيَامَنَا وَقُعُوْدَنَا وَرُكُوْعَنَا
وَسُجُوْدَنَا وَتَسْبِيْحَنَا وَتَضَرُّعَنَا وَلَا تَضْرِبْ بِنَا بِوُجُوْهِنَا يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا
اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنَ النِّفَاقِ وَاَعْمَالَنَا مِنَ الرِّيَاءِ وَبُطُوْنَنَا
مِنَ الْحَرَامِ وَفُرُوْجَنَا مِنَ الْفُجُوْرِ وَاَعْيُنَنَا مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ
خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صَبْرًا جَمِيْلًا
وَفَرَجًا قَرِيْبًا وَاَجْرًا عَظِيْمًا وَتَوْبَةً نَصُوْحًا وَقَلْبًا سَلِيْمًا وَلِسَانًا
ذَاكِرًا وَبَدَنًا صَابِرًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَسَعْيًا مَشْكُوْرًا وَذَنْبًا مَغْفُوْرًا
وَعِلْمًا نَافِعًا وَوَلَدًا صَالِحًا وَسِنًّا طَوِيْلًا وَعَمَلًا مَقْبُوْلًا وَدُعَاءً

Marfat.com

مُسْتَجَابًا وَكَسْبًا طَيِّبًا وَنَعِيمًا مُقِيمًا وَجَنَّةً وَحَرِيرًا وَنَضْرَةً وَسُرُورًا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَاۤءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ يَسِيْرًا فَبَارِكْ لَنَا فِيْهِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اس دعاے عظیم الشان کو اگر بعد ہر نماز کے پڑھنا مشکل ہو تو بعد نماز صبح کے کسی طرح ترک نہ کرے چہارم براے دفع بلیات اور قضاے حاجات کے نہایت مجرب ہے اور حضرت صاحب الزمان علیہ السلام سے منقول ہے ہر روز ایک مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَالِمٌ بِسَرَاۤئِرِنَا فَاَصْلِحْهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِحَوَاۤئِجِنَا فَاقْضِهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِذُنُوْبِنَا فَاغْفِرْهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِاَعْدَاۤئِنَا فَاَهْلِكْهُمْ وَاَنْتَ عَالِمٌ بِاَمْرَاضِنَا فَاشْفِهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِمُهِمَّاتِنَا فَاكْفِهَا يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پنجم اگر ایک سال تک اس دعا کو تین مرتبہ ایک وقت مقرر مین ہر روز برابر پڑھے اور ناغہ نہو تو وہ شخص نہ مریگا جبتک جگہ اپنی بہشت مین نہ دیکھ لیگا سُبْحَانَ الدَّاۤئِمِ الْقَاۤئِمِ سُبْحَانَ الْقَاۤئِمِ الدَّاۤئِمِ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلَاۤئِكَةِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى واضح ہو کہ مذہب حقہ اثنا عشری مین اسقدر وظائف و اعمال ہین کہ نہ یہ مختصر انکے لکھنے کی گنجائش رکھتا ہے نہ ہر شخص انکے عشر عشیر کو بھی بجا لاسکتا ہے پس بعد وظائف کے جو کچھ ہو سکے انکی تمامی پر یہ کہے سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ بعد اسکے ہاتھ اٹھا کے دعا مانگے پس اول مرتبہ دس مرتبہ کہے یَا اَللّٰهُ اور دس مرتبہ کہے یَا رَبَّاہُ پوری ایک سانس سے کہے یَا رَبِّ یَا اَللّٰهُ پھر مومنین اور مومنات عزیز و بیگانہ زندہ و مردہ

خصوصًا اپنے والدین کے واسطے دعائے مغفرت وغیرہ مانگے اسکے بعد اپنے واسطے دعا مانگے بعد اسکے سجدۂ شکر بجالاوے فرمایا بہتر ہی کہ بندہ سجدہ مین تین مرتبہ کہے اِنّی ظَلَمْتُ نَفْسِی فَاغْفِرْلِی فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَیْرُکَ یَامَوْلَایَ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ ہرگاہ بندہ سجدہ مین یَارَبِّ یَارَبِّ کہے جبتک کہ سانس وفا کرے پروردگار فرماتا ہے لبیک کیا حاجت رکھتا ہی تو لیس دہنا رخسار سجدہ گاہ پر رکھکر تین مرتبہ یَااَللّٰہُ یَارَبَّاہُ یَاسَیِّدَاہُ کہے پھر بایان رخسار رکھے اور تین مرتبہ یہی کہے پھر پیشانی سجدہ گاہ پر رکھے اور سو مرتبہ شُکْرًا شُکْرًا کہے حاجت اپنی طلب کرے خدا سے واسطے کشائش رزق کے مجرب ہی کہ چودہ مرتبہ یَاوَھَّابُ ہر نماز کے بعد سجدہ مین کہے فائدہ کتاب کافی مین امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہی کہ جو شخص بعد حاجت طلب کرنے کے کہے مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ حق تعالیٰ فرماتا ہی کہ میرے بندہ نے قرار ضرر کا اپنی طرف دیا اور اپنے کام کو مجھ پر چھوڑا اے فرشتو کہ موکل ہو قضائے حاجت پر اس بندہ کی جلد حاجت روا کرو اور بعد نماز کے زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام پڑھے جو باب زیارات مین مذکور ہوگی

فصل بیان واجبات و ارکان و مبطلات نماز

وغیرہ مین جاننا چاہیے کہ واجبات نماز کے بارہ ہین پہلے قیام دوسرے نیت تیسرے تکبیرۃ الاحرام چوتھے قرائت سورۂ حمد پانچوین بعد سورۂ حمد کے جو سورہ یاد ہو اسکا پڑھنا چھٹے رکوع ساتوین ہر سجدہ دونون سجدون مین سے آٹھوین ذکر رکوع و سجود نوین ترتیب یعنی ایک چیز کے بعد دوسری چیز کا عمل مین لانا جیسے بعد رکوع کے سجدہ کرنا وغیرہ وغیرہ دسوین موالات یعنی پے درپے کرنا یہ نہین کہ مثلًا رکوع کے بعد بہت دیر تک کھڑا رہ کے پھر سجدہ کیا گیا رھوین تشہد بارھوین سلام اور رکن نماز کے پانچ ہین پہلے تکبیرۃ الاحرام دوسرے قیام وقت تکبیرۃ الاحرام بلکہ استقرار و طمانینت بھی تیسرے قیام متصل برکوع یعنی حالت قیام سے رکوع مین جانا چوتھے رکوع پانچوین دونون سجدے ملاکے پس جاننا چاہیے کہ رکن وہ چیز ہی جسکے ترک کرنے سے عمدًا ہو خواہ سہوًا نماز باطل ہو جاتی ہے پس اگر

سجدہ شکر

واجبات و ارکان نماز

Marfat.com

کوئی شخص نیت[1] یعنی قصد نماز یا تکبیرۃ الاحرام کو سہو کرے تو نماز اسکی باطل ہے جہان پر یا جب یاد آجاوے نماز کا اعادہ کرے اور اگر رکوع سہو کیا اور پہلے سجدہ کرنے کے یاد آگیا تو کھڑا ہوجاے اور رکوع کرکے پھر سجدہ کرے اور اگر سجدہ گاہ پر پیشانی پہونچ گئی اور رکوع کا نہ کرنا یاد آیا اب نماز باطل ہوگئی از سرنو پڑھے اور واجبات غیر رکنی مین سے اگر کسی کو عمداً ترک کیا تو نماز باطل ہے اور اگر سہواً ترک ہوگیا اور بعد گذرنے محل کے یاد آیا تو بابت ہر ایسی زیادتی یا کمی کے بعد نماز کے دو سجدے سہو کے بقصد قربت کرلے اور سجدہ سہو کا ذکر آگے آئیگا فائدہ اگر کوئی[2] شخص اپنے لباس مین اثناے نماز مین نجاست بھری دیکھے اور اس کپڑے کو پھینکدینا ممکن نہو تو نماز کو قطع کرے اور دوبارہ پڑھے بعد تبدیل لباس یا تطہیر کے اسی طرح اگر بعد نماز[3] کے یاد آئے یا معلوم ہو کہ نجس لباس سے نماز پڑھی ہے تو نماز کا اعادہ کرے اور اگر وقت نماز کا گذر گیا ہو تو قضا کرے اسی طرح حرام گوشت جانور کا کوئی جزو اگر مصلی کے پاس ہوگا تو نماز صحیح نہوگی جیسے ہاتھی دانت کے یا تمام یا اور کوئی چیز مگر سیپ[4] کے یا تمام نزدیک جناب شیخ علیہ الرحمۃ کے نماز مین جائز ہین وہ فرماتے ہین یہ اس حیوان کا خول ہے جزو اسکا نہین ہے اسی طرح بعد رکوع کے سیدھا ہوکر سجدہ مین جانا واجب ہے اگر عمداً سیدھا نہوگا اور جھکا ہوا سجدہ مین جائیگا تو نماز باطل ہوجائیگی مبطلات نماز یعنی جن سے نماز باطل ہوجاتی ہے

---

[1] نیت اگرچہ رکن نہین ہے لیکن عمداً یا سہواً اسکو ترک کرنے سے نماز باطل ہے ۱۲ منہ [2] اگر اثناے نماز مین اپنے کپڑے پر ایسی نجاست دیکھی جو نماز مین عفو نہین ہے اور اس نجاست کا علم قبل سے ہو لیکن بھولے سے نماز پڑھلی یا قبل سے علم نہو مگر یہ علم ہو کہ نجاست نماز سے پہلے کی ہے تو اس نماز کو قطع کرکے پھر سے اعادہ کرے اور اگر قبل سے ہونا اور اثنائے نماز مین نجس ہوجانا دونون محتمل ہون تو اگر بدون اسکے کہ منافی نماز عمل مین لاے اس نجاست کا دور کرنا یا کپڑے کا اتارنا ممکن ہو تو ایسا ہی کرے اور نماز کو تمام کرے ورنہ نماز کو قطع کرکے پھر سے اعادہ کرے اور ان سب صورتون مین اگر بسبب تنگی وقت کے اعادہ نہو سکتا ہو تو اسی طرح نماز کو تمام کرے اور احتیاطاً قضا بھی کرلے ۱۲ منہ [3] اگر پہلے سے نجاست کا علم ہو اور نماز بھولے سے پڑھ لی پھر بعد ختم نماز یاد آیا کہ کپڑا یا بدن نجس تھا پس اگر وقت نماز باقی ہو تو اعادہ کرے اور اگر وقت گذر چکا ہو تو قضا پڑھے اور اگر نماز پڑھ لینے کے بعد

پہلے بغیر وضو و تیمم و غسل کے نماز کا پڑھنا دوسرے سکوت طویل یعنی نماز مین اسقدر سکوت کرے کہ لوگ معلوم کرین کہ نماز نہین پڑھتا ہی تیسرے قہقہہ مار کے ہنسنا عمداً ہو یا سہواً چوتھے ریح وغیرہ کا نکل جانا پانچوین بغیر تقیہ کے ہاتھ باندھ کے نماز پڑھنا چھٹے حالت اختیار مین قبلہ سے منحرف ہو جانا ساتوین کلام کرنا اگرچہ دو حرفی ہو آٹھوین رونا واسطے امر دنیا یا میت کے عمداً یا سہواً مگر رونا خوف خدا سے اور حال سید الشہدا اور اہل بیت پر کہ اس سے نماز باطل نہوگی نوین بعد سورۂ حمد کے بغیر تقیہ کے آمین کہنا دسوین اثنائے نماز مین کچھ کھانا پینا گیارھوین واجبات نماز کو عمداً ترک کرنا بارھوین زیادہ یا کم کرنا کسی رکن نماز کا عمداً یا سہواً تیرھوین آٹھ صورتین شک کی جن سے نماز باطل ہوجاتی ہے اور انکی تفصیل آگے مذکور ہی چودھوین مکان و لباس غصبی مین نماز پڑھنا اور واضح ہو کہ نماز کو کسی[له] حالت مین توڑنا جائز نہین ہی بلکہ حرام ہے مگر چند مقام پر جائز ہے سانپ یا بچھو یا اور کوئی جانور جس سے خوف ہلاکت کا ہو اسکے قریب آتا ہو یا لڑکا کوئی کنوین مین گرتا ہو یا چور اسباب مصلی کا چرائے لیے جاتا ہو غرض ایسے ہی مواقع اضطراری مین قطع نماز جائز ہی مگر بعد اسکے اعادہ لازم ہے۔

باب ساتوان بیان شکیات نماز وغیرہ و سجدۂ سہو مین

پانچ صورتین شک کی وہ ہین جنمین شک کا اعتبار نہین اور نماز صحیح ہی پہلے شک کرنا مصلی کا بعد از محل جیسے سجدہ مین شک ہوا کہ رکوع کیا ہے یا نہین دوسرے شک بعد سلام تیسرے شک بعد از وقت جیسے شام کو شک ہوا کہ ظہر کی مثلاً نماز پڑھی تھی یا نہین چوتھے شک کثیر الشک جسکو عرف مین لوگ کہین کہ یہ شخص بڑا شکی ہے پانچوین امام و ماموم انمین سے کسی کی شک کا ساتھ حفظ دوسرے کے اعتبار نہین یعنی اگر امام کو شک ہو کسی فعل مین تو قول پر ماموم کے یعنی جو پیچھے نماز پڑھتا ہے اعتماد کرے اور اگر ماموم کو شک ہو تو قول پر امام کے اعتماد کرے اور آٹھ صورتین شک کی وہ ہین جنمین نماز باطل ہی از سر نو پڑھے پہلے شک نماز دو رکعتی مین جیسے صبح کی اور ظہر اور عصر اور عشا کی پہلی دو رکعتون مین

[له] یعنی نماز مجبور ۱۲

باب ساتوان بیان شکیات نماز

Marfat.com

اور سفر مین پانچون وقت کی نمازون مین اگر شک ہو تو نماز باطل ہی اس لیے کہ سفر مین کل نمازین چار رکعتی دو رکعتی رہجاتی ہین دوسرے شک نماز سہ رکعتی مین جیسے مغرب کی نماز ہے تیسرے شک نماز چار رکعتی مین جسمین پہلی رکعت کا پانؤن درمیان مین ہو یعنی نماز چار رکعتی مین ایسا شک ہو کہ پہلی رکعت تھی یا دوسری یا پہلی تھی یا تیسری یا پہلی تھی یا چوتھی یہ بھی نماز باطل ہے چوتھے شک نماز چار رکعتی مین جسمین دوسری رکعت کا پانؤن درمیان مین ہو مگر قبل اکمال دونون سجدون کے یعنی دوسری رکعت کے دونون سجدے تمام نہوے تھے کہ شک ہوا کہ یہ رکعت دوسری تھی یا تیسری یا چوتھی یہ نماز بھی باطل ہے اور اگر بعد پورے ہونے دونون سجدون کے شک ہوگا چار رکعتی نماز مین تو اسکا تدارک آگے لکھا ہے پانچوین شک نماز چار رکعتی مین اگر ہو کہ یہ رکعت دوسری تھی یا پانچوین تو نماز باطل ہی چھٹے شک نماز چار رکعتی مین اگر ہو کہ یہ رکعت تیسری تھی یا چھٹی تو بھی نماز باطل ہی ساتوین نماز چار رکعتی مین اگر شک ہو کہ یہ رکعت چوتھی تھی یا چھٹی تو بھی نماز باطل ہی آٹھوین اگر کسی کو عدد رکعات مین شک ہو اور نہ جانے کہ کے رکعتین پڑھی ہین اس صورت مین بھی نماز باطل ہی اب وہ آٹھ صورتین جنمین نماز باطل نہین ہے بلکہ اسکا تدارک کرنا چاہیے یہ ہین پہلے نماز چار رکعتی مین اگر شک ہو مگر بعد تمام ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری تھی یا تیسری تو بنا تین پر رکھ کے ایک رکعت اور پڑھے اور نماز کو تمام کر کے ایک رکعت کھڑے ہو کر پڑھے خواہ دو رکعت بیٹھ[1] کے دوسرے اگر نماز چار رکعتی مین شک پڑے مگر بعد تمام ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری تھی یا چوتھی تو بنا چار پر رکھ کے نماز کو تمام کر دے اور پہلے دو رکعت کھڑے ہو کر پڑھے اور بعدہ دو رکعت بیٹھ کے بھی پڑھے تیسرے اگر نماز چار رکعتی مین شک پڑے مگر بعد کامل ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری تھی یا چوتھی تو بنا چار پر کر کے نماز کو تمام کرے اور دو رکعت کھڑے ہو کر پڑھے چوتھے نماز چار رکعتی مین

شکیات نماز

[1] مگر دو رکعت بیٹھ کر پڑھنا افضل ہے ۱۲ منہ مدظلہ

اگر شک پڑے کہ یہ رکعت تیسری تھی یا چوتھی اب اس شک مین کوئی قید نہین ہو چاہے
جس مقام پر شک پڑے یہ شک صحیح ہی پس بنا چار پر رکھ کے نماز کو تمام کرے اور مثل
صورت اول کے ایک رکعت کھڑے ہوکر پڑھے یا دو رکعت بیٹھ کے مگر یہان دو رکعت
بیٹھ کر پڑھنا افضل ہی پانچوین نماز چہار رکعتی مین اگر شک پڑے کہ یہ رکعت تیسری تھی یا
چوتھی یا پانچوین پس فوراً بیٹھ جاے اور نماز کو تمام کر کے مثل صورت دوم پہلے دو رکعت
کھڑے ہوکر پڑھے بعد ازان دو رکعت بیٹھ کر چھٹے نماز چہار رکعتی مین اگر شک پڑے کہ یہ
رکعت تیسری تھی یا پانچوین پس فوراً بیٹھ جاے اور نماز کو تمام کر کے مثل صورت سوم دو رکعت
کھڑے ہوکر پڑھے ساتوین نماز چہار رکعتی مین اگر شک ہو کہ یہ رکعت چوتھی تھی یا پانچوین اسکی دو شکلین
ہین اگر یہ شک حالت قیام مین ہوا ہو فوراً بیٹھ جائے اور نماز کو تمام کر کے ایک رکعت کھڑے
ہوکر پڑھے یا دو رکعت بیٹھ کر اور اگر یہ شک بعد کامل ہونے دونون سجدون کے ہو پس نماز کو
تمام کر کے دو سجدے سہو کے بقصد واجب کرے آٹھوین نماز چہار رکعتی مین اگر شک ہو کہ
یہ رکعت پانچوین تھی یا چھٹی پس فوراً بیٹھ جاے اور نماز کو تمام کر کے دو سجدے سہو کے
بقصد واجب کرے فائدہ ان شکون کی جو تدبیرین لکھی گئی ہین پس معنی شک کے یہ ہین
کہ دونون رخ شک کے برابر ہون جیسے مثلاً دو اور تین مین شک ہو تو جتنا گمان دو پر
ہو اتنا ہی تین پر بھی اور اگر کوئی جانب گمان کا قوی ہو تو اسی پر عمل کرے اسی واسطے لکھا ہی
کہ جب شک ہو تو غور کر کے اس پر عمل کرے جب ایک پہلو ذہن مین قائم نہو سکے تو اسکا
نام شک ہے واضح ہو کہ اکثر ناواقف جب عدد رکعات مین شک پڑتا ہے تو نماز تمام
کر کے ایک اور نماز پڑھ لیتے ہین یعنی اسی نماز کا اعادہ کر لیتے ہین یہ ہرگز نچاہیے اس لیے
کہ اگر ایسا کریگا تو گویا اسنے نماز ہی نہین پڑھی اور گنہگار ہوا پس چاہیے کہ جب شک پڑے
بموجب حکم شارع عمل کرے ترکیب نماز شک بعد تمام کرنے نماز کے تھوڑا غور
کرلے جب شک پورا رہے اور کسی طرف ظن غالب نہو تو بغیر بات یا کوئی کام

ترکیب نماز شک

بیان سجدہ سہو وغیرہ

کیے نماز احتیاط بموجب تفصیل بالا شروع کردے نیت یہ کرے کہ ایک رکعت یا دو رکعت نماز احتیاط کی واسطے شک کے جو مجکو مثلاً نماز ظہر مین ہوا ہے پڑھتا ہون واجب قربۃً الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام کہکے فقط سورۂ الحمد پڑھے دوسرا سورہ نہ پڑھے اور عوض الحمد کے تسبیحات ربعہ بھی نہ پڑھے اور قنوت بھی نہ پڑھے اور اذان و اقامت کچھ نہ کہے اور تشہد اور سلام مختصر جیساکہ بیان سجدۂ سہو مین آگے مذکور ہی پڑھے **بیان سجدۂ سہو وغیرہ کا** جان تو کہ سجدے سہو کے پانچ جگہ واجب ہوتے ہین اول کلام ہے کہ نماز مین سوائے قرآن و دعا بات کہے بھولے سے تو بعد نماز کے دو سجدے سہو کے کرلے دوسرے شک کرے چوتھی اور پانچوین رکعت مین بعد اکمال دونون سجدون کے تیسرے سجدے سہو کے واجب ہوتے ہین پہلے تشہد کے بھولنے سے اور صلوات کے بھولنے سے بشرطیکہ محل ہر ایک کا گذر گیا ہو پس اس صورت مین واجب ہے کہ جو بھولا ہو بعد تمام کرنے نماز کے بجا لاوے بعد اسکے دو سجدے سہو کے کرے اگر دو چیزین بھولا ہو اُسی ترتیت سے کہ جس طور اسے بھولا ہو بعد سلام کے بجالاوے پھر ہر ایک کے لیے دو سجدے سہو کے کرے مثلاً نماز ظہر مین تشہد اول بھول گیا اور ایک سجدہ تیسری رکعت سے فراموش کیا تو پہلے تشہد بجالاوے اور نیت اس طور پر کرے کہ تشہد فراموش کیا ہوا نماز ظہر کا بجالاتا ہون مین ادا واجب تقرب بخدا اگر وقت نماز گذر گیا ہو بجاے ادا قضا کہے اسکے بعد دو سجدے سہو کے کرلے پھر وہ سجدہ جو فراموش کیا تھا بجا لاے اسکے بعد دو سجدے سہو کے کرے چوتھے سجدے سہو کے واجب ہوتے ہین واسطے بھولنے سجدے پہلے کے پانچوین جب کہ سلام بھولے سے بے موقع پڑھ جاوے جیسے پہلی دو رکعت کے بعد تشہد پڑھ کے نماز سہ رکعتی یا چار رکعتی مین کھڑا ہو جانا چاہیے تھا اور اسنے بھولے سے سلام پڑھ دیا اس خیال سے کہ نماز تمام ہو گئی مگر ساتھ ہی سلام پڑھ دینے کے خیال آگیا اور کھڑا ہو گیا تو اب بعد نماز تمام کرنے کے دو سجدے سہو کے کرے پس ان پانچ مقام پر تو سجدے سہو کے واجب مین

Marfat.com

چھٹے جس وقت کہ بھولے سے کھڑا ہو بیٹھنے کے مقام مین اور بیٹھے کھڑے ہونے کے مقام مین تو اس صورت مین سجدے سہو کے احوط ہین ساتوین واسطے ہر ایک کمی اور زیادتی کے کہ نماز مین ہووے آمین بھی سجدۂ سہو بجا لانا بہتر ہے آٹھوین اس مقام مین کہ شک ہو درمیان تین اور چار رکعت کے اور ظن کا غلبہ ہو طرف رکعت چوتھی کے تو نماز کو تمام کرے اور بعد پڑھنے نماز احتیاط کے احتیاطاً سجدۂ سہو کے بھی بجالاوے نوین اس مقام مین کہ شک کرے زیادتی وکمی افعال نماز مین مانند اسکے کہ شک کرے کہ تین بار ایک سجدہ کیا ہے اور یہ بھی جانتا ہو کہ اسمین سے ایک چیز مجھ سے صادر ہوئی تو اس صورت مین بھی احتیاطاً سجدے سہو کے کرے اور کیفیت سجدۂ سہو کی یہ ہے کہ اول اس شئے کو جو ترک ہوگئی ہی بجالاوے یا اگر کلام بیجا یا سلام بیجا یا عدد رکعات کے لیے سجدۂ سہو کے کرنا ہین تو اول ہی سے یہ نیت کرے کہ دو سجدے سہو کے بجا لاتا ہون مین بسبب فلان سہو کے واجب قربۃً الی اللہ اور اگر ان پانچ صورتون کے سوا ہو تو فقط قربۃً الی اللہ کہے پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکے سجدہ مین جاوے اور یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس سر سجدہ سے اٹھا کے قدرے ٹھہر کر دوسرا سجدہ کرے اور یہی دعا پڑھے بعد ازان بیٹھ کر یہ تشہد خفیف پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اور یہی تشہد خفیف نماز شک مین بھی پڑھے اور قیام بعد از رکوع واجبات سے ہی اگر اسکو عمداً ترک کریگا تو بھی نماز باطل ہو جائیگی یعنی چاہیے کہ بعد رکوع کے سیدھا ہو کر سجدے مین جائے

باب آٹھوان فضیلت نماز نوافل شب و روز مین

جناب امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا کہ علامت مومن کی پانچ چیزین ہین اول اکاون رکعت نماز فرض و نافلہ پڑھنا دوم زیارت جناب امام حسین علیہ السلام اربعین کے دن پڑھنا سوم انگوٹھی داہنے ہاتھ مین رکھنا چہارم سجدہ مین منہ خاک پر رکھنا پنجم بسم اللہ الرحمن الرحیم

Marfat.com

نماز مین باواز بلند پڑھنا جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہو کہ بعد نماز بعضے بندے کی نصف بعضے کی تیسرا حصہ بعض کی چوتھائی حصہ بعض کی پانچوان حصہ جسقدر کہ حضور قلب سے پڑھی جاتی ہو ملائکہ آسمان پر لیجاتے ہین اور نہین لیجاتے اور بدرجہ قبول نہین پہونچاتے ہین کہ جو حضور قلب سے نہ پڑھی ہو اسی واسطے حکم ہوا ہے بندون پر کہ نماز نوافل بجالا دین کہ اگر نماز واجبی مین بسبب شغل دنیوی کے نقص ہووے اور نماز نافلہ حضور قلب سے پڑھی جاوے تو قائم مقام نماز واجبی کی ہو کر درجۂ قبولیت پاوے اور منقول ہو کہ حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہے کہ تقرب حاصل کرین بندے میرے مجھ سے ساتھ پڑھنے نماز نافلہ کے تا وہ محبوب میرے ہوین پس جب محبوب ہوے اسوقت بمنزلہ آنکھ اور کان اور زبان اور ہاتھ اُنکے کے مین ہونگا جو کچھ مجھ سے طلب کرین قبول کرونگا اگر سوال کرین مجھ سے عطا کرونگا مین اسکو حدیث مین وارد ہے کہ نماز نافلہ پڑھنے والے کا منھ مانند چودھوین رات کے چاند کے ہوگا روز محشر مین اور قبر نورانی اور ریحان بہشت سے معطر ہوگی پس ادعیہ نماز نافلہ کی بہت ہین مگر ہر ایک کو یاد کرنا ممکن نہین اسواسطے مختصر لکھا کہ کل مومن ومومنہ بجالاوین ایک لحظہ کی مشقت مین بہشت حاصل کرین اور مطالب دینی ودنیوی بر آوین پس واضح ہو کہ نماز نافلہ ظہر اول وقت پیش از نماز ظہر کے آٹھ رکعت ہین اور پیش از عصر آٹھ رکعت ہر دو رکعت بیک سلام ہین جو سورہ یاد ہو پڑھے اور چار رکعت نماز نافلہ بعد از نماز مغرب کے ہین گھر مین ہو خواہ سفر مین ہو ترک نکرے اگر ترک کرے تو قضا کرے پہلی رکعت مین بعد الحمد کے تین بار قل ہو اللہ احد پڑھے دوسری رکعت مین بعد الحمد کے انا انزلناہ پڑھ کے سلام کہے اور تیسری رکعت مین الحمد کے بعد یہ آیات پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ھُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَمَا یَخْرُجُ مِنْھَا

Marfat.com

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ اور چوتھی رکعت مین بعد الحمد کے یہ آیت پڑھے لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ اور درمیان مغرب اور عشا کے بعد نافلہ مغرب دو رکعت نماز غفیلہ[1] وارد ہے رکعت اول مین بعد الحمد کے پڑھے وَذَا النُّونِ إِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمَاتِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ دوسری رکعت مین بعد الحمد کے پڑھے وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ بعد ہ ہاتھ اُٹھا کے بجائے قنوت یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِمَفَاتِحِ الْغَيْبِ الَّتِي لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا أَنْتَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَفْعَلَ بِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ وَلِيُّ نِعْمَتِي وَالْقَادِرُ عَلٰى طَلِبَتِي وَتَعْلَمُ حَاجَتِي وَأَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ لِمَا قَضَيْتَهَا لِي يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

بیان نماز غفیلہ

[1] نماز غفیلہ کی شرعیت مین اشکال ہے احوط ترک ہے البتہ اگر نافلہ نماز مغرب کی آخری دو رکعتون کو اس ترکیب سے پڑھے جو نماز غفیلہ کی مذکور ہے تو انشاء اللہ کوئی مضائقہ نہین ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

پس بعد ختم نماز سوال کرے خدا سے حاجت اپنی کہ روا ہوگی دیگر جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہو کہ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی ہو کہ دو رکعت نماز درمیان مغرب وعشا کے جو پڑھے ہر مہم اسکی کفایت ہوگی اور وہ متقیون مین سے ہوگا اگر ہر سال مین پڑھے وہ محسنین مین سے ہوگا اگر ہر شب جمعہ پڑھے وہ مخلصین مین سے ہوگا اور اگر ہر شب پڑھے برابری اور ہمنشینی میری کریگا بہشت مین حساب نکریگا اسکا کوئی مگر خدا تعالیٰ پس پہلی رکعت مین بعد حمد کے تیرہ مرتبہ اذا زلزلت الارض اور دوسری رکعت مین بعد الحمد کے پندرہ مرتبہ قل ہو اللہ اور بعد فراغ نماز عشا کے دو رکعت نماز نافلہ وتیرہ تہجد کے پڑھے **فضائل نماز شب** جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہو کہ جو کوئی نماز شب تمام پڑھے تو جاے نماز سے نہ اٹھیگا کہ حق تعالیٰ گناہ پچاس برس کے کہ گذرے ہونگے اور گناہ پچاس برس آیندہ کے اسکے بخشدیگا اور لکھے گا حق سبحانہ وتعالیٰ عوض ہر رکعت کے عبادت ہزار سالہ اسکے نامۂ عمل مین اور وہ شفاعت کریگا ستر شخص کی اپنے عزیزون مین سے کہ قابل جہنم ہون اور برلاویگا اسکی ہزار حاجت دنیا وآخرت کی کمتر انمین سے گناہون سے پاک ہوتا ہو جیسا کہ مان کے پیٹ مین سے پیدا ہوا اور عذاب قبر سے بے دہشت ہوگا اور برائت لکھدینگے اسکے واسطے آتش دوزخ سے اور نفاق سے دوسری حدیث مین جناب امیر علیہ السلام سے وارد ہو کہ جو شخص نماز شب پڑھے تو عطا کریگا خدا تعالیٰ اس چیز کو کہ کسی نے آنکھ اور کان سے نہ دیکھی ہو نہ سنی ہو اور جب قبر سے باہر نکلیگا تو ستر ہزار فرشتے پس وپیش اسکے آوینگے اور بشارت دینگے اسکو ساتھ بہشت کے اور ہمراہی کرینگے اسکی تا بہشت جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہو کہ نماز شب جو شخص پڑھے خوبصورت ہوتا ہو مانند دن کے اور نیک خو ہوتا ہے اور روزی کشادہ ہوتی ہے اور غم ودرد دور ہوتا ہے اور آنکھین روشن ہوتی ہین اگر بیمار ہو تو برکت سے نماز شب کے نجات پاتا ہو اور تیسرا حصہ رات کا جب ہوتا ہو تو ایک ساعت ہے اسمین کہ اسوقت جو حاجت طلب کرے روا ہوگی جب نماز شب کو اٹھتا ہو تو فرشتے اسکے لیے

ثواب نماز شب

فضیلت نماز شب

Marfat.com

دعا کرتے ہین اور کہتے ہین کہ تو وہ عمل کرتا ہی جو پیغمبر اور صدیق کرتے تھے اگر یقین ہو کہ آخر شب میں
آنکھ نہ کھلے گی جسوقت سووے نماز شب پڑھ کے سو رہے اگر دو گھڑی پیش از صبح کے بھی اٹھے تو
گیارہ رکعت نماز شب بجالاوے سورہ ہای کوچک سے پہلی دو رکعت مین بعد الحمد کے تیس مرتبہ
قل ہو اللہ اگر نہ ہو سکے تو پہلی دو رکعت مین بعد الحمد کے ایک مرتبہ قل ہو اللہ دوسری رکعت مین
بعد الحمد کے ایک مرتبہ قل یا ایہا الکافرون اور باقی چھ رکعات مین جو سورہ چاہے پڑھے جب آٹھ رکعت
نافلۂ شب سے فارغ ہو تو تسبیح جناب فاطمہ پڑھے پھر دو رکعت نماز شفع بجالاوے ہر رکعت مین بعد
الحمد قل ہو اللہ ایک مرتبہ یا پہلی رکعت مین قل اعوذ برب الفلق دوسری مین قل اعوذ برب الناس
پڑھے بعد سلام اور تسبیح کے یہ دعا پڑھے اِلٰهِی تَعَرَّضَ لَكَ فِي هٰذَا اللَّيْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ وَ
قَصَدَكَ فِيْهِ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ وَلَكَ فِيْ هٰذَا اللَّيْلِ
نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَايَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰى مَنْ تَشَاۤءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا مَنْ لَمْ
تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَايَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عُبَيْدُكَ الْفَقِيْرُ اِلَيْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ
فَاِنْ كُنْتَ يَا مَوْلَايَ تَفَضَّلْتَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَ عَلَيْهِ
بِعَائِدَةٍ مِنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ فَاسْتَجِبْ
لِيْ كَمَا وَعَدْتَنِيْ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اور اس نماز شفع کو بلا قنوت پڑھے کیونکہ
اس نماز مین قنوت نہین ہی بعد اسکے ایک رکعت نماز وتر پڑھے بعد الحمد کے تین بار قل ہو اللہ
اور تین بار قل اعوذ برب الفلق اور تین بار قل اعوذ برب الناس پڑھے پھر ہاتھ اٹھا کر یہ دعائے
قنوت پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَمَا فَوْقَهُنَّ وَمَا
تَحْتَهُنَّ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَا
اَللّٰهُ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر ستر
مرتبہ یا سو مرتبہ یہ استغفار کرے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور سات مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

Marfat.com

استغفار و دعائے آنکھ مخصوص نماز وتر

الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم بجمیع ظلمی و جرمی و اسرافی علی نفسی و اتوب الیہ پھر کہے رب اساءت و ظلمت نفسی و بئس ما صنعت و ھذہ یدای یا رب جزاء بما کسبت و ھذہ رقبتی خاضعۃ لما اتیت و ھا انا ذا بین یدیک فخذ لنفسک من نفسی الرضا حتی ترضی لک العتبی لا اعود پھر تین سو مرتبہ کہے العفو العفو اسکے بعد کہے رب اغفر لی وارحمنی وتب علی انک انت التواب الرحیم بعد اسکے چالیس مومن کیلئے نام بنام دعا کرے کہ اللھم اغفر لفلان و فلان پس سعی کرے کہ آنسو بھر آوین آنکھ مین کہ خدای تعالی بخشدیگا اور آتش جہنم اسپر حرام ہوگی ہرگز خواری نہ دیکھے گا ہر قطرہ اشک دریاے آتش کو بجھاتا ہی بعد اسکے رکوع اور سجدے کرکے نماز کو تمام کرے کیونکہ یہ نماز وتر ایک ہی رکعت کی نماز ہے بعد اسکے دعا مانگے کہ دعا اسوقت کی مستجاب ہے اور یہ بھی جان تو کہ نماز شب بلکہ کل نمازین سنتی بیٹھکر بھی پڑھ سکتا ہی پس بعد انفراغ نماز شب کے قریب صبح صادق دو رکعت نماز نافلہ صبح پڑھے رکعت اول مین بعد الحمد کے قل یا ایہا الکافرون دوسری رکعت مین بعد الحمد کے قل ھو اللہ پڑھ کے حاجت طلب کرے پھر سجدہ شکر کرکے نماز صبح بجا لاوے۔

باب نوان بیان ثواب وطریق نماز حضرت جعفر طیارؑ مین

باب نوان نماز جعفر طیارؑ مین

روایات معتبرہ مین وارد ہی کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر ہر روز یہ نماز پڑھے بہتر ہے واسطے تیرے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہے اور جو گناہ کہ درمیان دو نماز کے صادر ہوے ہون تو بخشے جائینگے اگر ہر جمعہ مین پڑھے یا ہر مہینہ مین ایک مرتبہ یا برس دن مین ایک مرتبہ پڑھے تو گناہ اسکے خدا بخشدیگا تیسری روایت مین وارد ہے فرمایا اگر ہو سکے ہر روز یہ نماز پڑھے اگر نہو سکے ہفتہ مین اگر یہ بھی ممکن نہو مہینے مین پڑھے اگر یہ بھی دشوار ہو برس دن مین پڑھے اگر یہ بھی نہو سکے تو عمر بھر مین ایک مرتبہ پڑھے کہ خدا یتعالی گناہان صغیرہ و کبیرہ تازہ و کہنہ اور عمدہ و سہوا اسکے بخشیگا اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ نماز پڑھ کے دعا کرے فوراً حاجت برآویگی طریق نماز یہ ہی کہ اول نیت کرے کہ چار رکعت نماز حضرت جعفر طیارؑ کی پڑھتا ہون مین سنت قربۃ

Marfat.com

الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام کہے پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سورہ اذا زلزلت الارض پڑھے بعد اسکے
پندرہ مرتبہ تسبیحات اربعہ یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اسکے بعد رکوع
مین جاوے اور دس مرتبہ رکوع مین بھی یہی تسبیحات اربعہ پڑھے اور سیدھا کھڑا ہو کر دس مرتبہ
پھر یہی تسبیح پڑھکر سجدے مین جاوے اور دس مرتبہ سجدے مین بھی یہی تسبیح پڑھے پھر سجدے
سے اٹھ کے بیٹھے اور دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر دوسرے سجدہ مین جاکر دس مرتبہ یہی پڑھے
اور دوسرے سجدہ سے اٹھے تو دس مرتبہ یہی پڑھے اور کھڑا ہو دوسری رکعت مین الحمد کے
بعد سورہ والعادیات پڑھکر پندرہ مرتبہ تسبیح مذکورہ پڑھکر قنوت پڑھے اور رکوع مین جاوے
جسطور سے اول رکعت مین بیان ہوا رکوع اور سجود مین تسبیحات اربعہ پڑھے اور تشہد و سلام کہکر دونون
رکعت تمام کرے بعد اسکے اور دو رکعت پڑھے اب نیت کی حاجت نہیں وہی نیت اول کافی ہے
پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سورہ اذا جاء دوسری رکعت مین بعد الحمد کے سورہ قل ہو اللہ پڑھے
جسطور سے مذکور ہوا تسبیحات اربعہ پڑھے اور سنت ہے کہ آخر سجدے مین چوتھی رکعت کے بعد تسبیحات
اربعہ پڑھ کے یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَالْوَقَارَ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ
بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ سُبْحَانَ
ذِي الْمَنِّ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي الْقُدْرَةِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ ذِي الْعِزَّةِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ
ذِي الْقُوَّةِ وَالطَّوْلِ وَالْاَمْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى
الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ الَّتِي تَمَّتْ صِدْقًا وَعَدْلًا
اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ پس حاجت طلب کرے وارد ہے کہ بعد فراغ نماز کے یا ربّ
یا ربّ بقدر ایک سانس یا رَبَّاهُ یا رَبَّاهُ بقدر ایک سانس رَبِّ رَبِّ بقدر ایک سانس
یا اللہ یا اللہ بقدر ایک سانس یا حَیُّ یا حَیُّ بقدر ایک سانس یا رَحِیْمُ یا رَحِیْمُ بقدر
ایک سانس یا رَحْمٰنُ یا رَحْمٰنُ بقدر ایک سانس یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ سات مرتبہ بعد اسکے
یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَفْتَتِحُ الْقَوْلَ بِحَمْدِكَ وَاَنْطِقُ بِالثَّنَاءِ عَلَيْكَ وَاُمَجِّدُكَ وَلَا غَايَةَ

نماز جعفر طیار باب ثواب ضروری

نماز حاجت

Marfat.com

بِمَجْدِكَ وَاُثْنِيْ عَلَيْكَ وَمَنْ يَبْلُغُ غَايَةَ ثَنَائِكَ وَاَمَدَ مَجْدِكَ وَاَنّٰى لِخَلِيْقَتِكَ كُنْهُ مَعْرِفَةِ مَجْدِكَ وَاَيُّ زَمَنٍ لَمْ تَكُنْ مَمْدُوْحًا بِفَضْلِكَ مَوْصُوْفًا بِمَجْدِكَ عَوَّادًا عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ بِحِلْمِكَ تَخَلَّفَ سُكَّانُ اَرْضِكَ عَنْ طَاعَتِكَ فَكُنْتَ عَلَيْهِمْ عَطُوْفًا بِجُوْدِكَ جَوَادًا بِفَضْلِكَ عَوَّادًا بِكَرَمِكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اور جہرگاه کسی کو حاجت ضروری ہو نماز جعفر طیار پڑھکر یہ دعا پڑھے اور حاجت اپنی طلب کرے خدا سے انشاء اللہ تعالیٰ بعنایات آلہی بر آویگی اور اگر سورہ ہاے مذکورۂ بالا یاد نہون تو چارون رکعتون مین سورۂ قل ہو اللہ پڑھ سکتے ہین۔

باب دسوان بیان مین نکالنے آب چاه کے

جسوقت کہ کوئی چیز کنوین مین گرے موافق مقررہ شرع کے ڈول پانی کے کھینچین بعد نکالنے اس چیز کے لیکن اگر پانی متغیر ہوا ہو اس چیز کے گرنے سے پس اول اسقدر کھینچین کہ تغیر اس کا برطرف ہوجاوے بعد اسکے مقدار مقررہ اس چیز کی کھینچین اور ڈول معتاد اس کنوین کے ہو یا موافق معتاد اس شہر کے ہو اس سے پانی کھینچین پس[۵۱] اگر اونٹ یا بیل کنوین مین مرے یا شراب یا داڑھ یا تاڑی وغیره یا منی یا خون حیض و نفاس یا استحاضہ کنوین مین گرے تو تمام پانی نکال ڈالنے بعض نے کہا خون کافر اور سور اور کتے کا بھی یہی حکم ہے اور جو سب پانی نکالنا ممکن نہو تو واجب ہے چار مرد باری سے کھینچین صبح صادق سے شام تک اسطرح سے کہ اول دو مرد کھینچین جب وہ تھک جاوین تب دو اور کھینچین عورت و خنثیٰ و اطفال نہون اور اگر گھوڑا یا گدھا یا خچر و گاے مر جاوے تو بقدر ایک کر پانی کھینچین اور بہین سارا پانی نکالنا احوط لکھا ہے اور مقدار کر ساڑھے تین بالشت لمبائی اور اسی قدر چوڑائی اور اتنی ہی گہرائی ہے متعارف بالشت سے اور وزن آب کر کا انگریزی من سے دس[۵۲] من ساڑھے چودہ سیر ہوتا ہے اور من چالیس سیر کا اور سیر

۵۱ آب چاه ملاقات نجاست سے نجس نہین ہوتا جب تک کہ تغیر نہو جو مقدارین نزح آب کی مرقوم ہین وہ بنا بر استحباب کے ہین جنمین اکثر موافق روایات ہین اور بعض ایسی ہین جنکے متعلق روایات نہین ملتی مگر موافق مشہور ہین اگر عمل در آمد اسپر کیا جاے تو کوئی مضائقہ نہین ۱۲ منہ ۵۲ گذشتہ حاشیہ مین تفصیل ذکر ہو چکی ۱۲ منہ مدظلہ۔

Marfat.com

اسّی روپیہ چہرہ دار کا اگر آدمی مسلمان کنوین مین مرجاوے تو ستر ڈول کھینچین خواہ مرد ہو خواہ
عورت جوان ہو یا لڑکا اگر کافر مرجاوے تو بہتر ہے تمام پانی کھینچین اگر کافر کنوین مین اُترے تو
اُسمین اختلاف کیا ہی بعض نے کہا ہی بملاقات نجاست آب چاہ نجس نہین ہوتا ہے بعضون نے
کہا سارا پانی نکالین بعض نے کہا چالیس ڈول کھینچین اسواسطے کہ کتاب حلیۃ المتقین مین لکھا ہی
کہ اگر وہ چیز کنوین مین گرے جسکی شرع مین تصریح نہو تو تمام پانی کھینچین چالیس ڈول بھی لکھا ہے اگر
خون اتنا کہ ذبح کرنے بکری سے نکلتا ہی گرے پچاس ڈول کھینچین اگر گوہ گیلا یا سوکھا کنوین مین
گرے تو پچاس ڈول کھینچین اگر چھتر نجاوے باہر نکال کر دس ڈول کھینچین ظاہرا یہ مین بھی لکھا ہے
اگر خون مانند ذبح مرغ کے گرے دس ڈول کھینچین مگر احوط ہی کہ خون برابر ذبح مرغ اور کبوتر یا مثل
انکے کے لیے بیس یا تیس ڈول کھینچین اگر کتا یا بلی یا اور جانور مرے کہ جثہ مین انکے برابر
ہو یا وسط مین ہو تو مشہور ہی کہ چالیس ڈول کھینچین اور واسطے مرنے کتے کے بہتر ہے کہ تمام
پانی کھینچین اگر جیتا نکلے تو ساٹھ ڈول کھینچین اگر گوسفند گرے بہتر ہے کہ چالیس ڈول کھینچین
مگر جب کہ مرجائے اور اگر زندہ نکلے تو کچھ نہین اگر پیشاب مرد کا گرے تو چالیس ڈول کھینچین
اور روایت صحیح مین وارد ہی کہ تمام پانی نکالین اور واسطے بول لڑکے کے کہ دودھ نہ پیتا ہو
جب تک کہ بالغ نہو سات ڈول کھینچین اگر شیر خوار ہو تو ایک ڈول لکھا ہے اور روایت صحیح مین
وارد ہے کہ واسطے بول دختر کے تمام پانی کھینچین اگر جنب کنوین مین اُترے اور بدن
اسکا پاک ہو تو سات ڈول کھینچین اور واسطے جانور کے کبوتر سے شتر مرغ تک سات ڈول
کھینچین اور اگر چوہا مرجاوے اور چھتر گیا ہو سات ڈول اور اگر پوست یا پیٹ نہ پھٹا ہو تو پانچ
ڈول کھینچین ظاہرا اگر چھپکلی مرجاوے تو سات ڈول کھینچین اگر چڑیا یا مثل اسکے مرجاے تو بہتر
ہے کہ تین ڈول کھینچین اگر سانپ یا بچھو مرے تو تین ڈول اگر گوہ گھری مرغی کا گرے تو پانچ ڈول
اگر گوہ اس جانور کا گرے کہ گوشت اسکا کھا وین نجس نہو گا۔ اگر کئی چیزین نجاست سے کنوین
مین گری ہون تو موافق مقررہ ہر نجاست کے ڈول کھینچین

Marfat.com

باب گیارھوان بیان دعاے ہلال ونماز وغیرہ وتاریخہاے نحس ہر ماہ

جاننا چاہیے کہ جسوقت نظر پڑے طرف ماہ نو کے حرکت نکرے جب تک کہ سات مرتبہ سورہ الحمد نہ پڑھ چکے اسواسطے کہ درد چشم کے لیے امان ہی اور جو شخص اندک پنیر کھاوے حاجتین روا ہونگی اور جو چیزین کہ ہر ماہ نو مین دیکھنا چاہیے وہ بیان ہوتی ہین اور ہر مہینے مین جو تین تاریخین نحس اکبر ہین وہ ہر مہینے کے اوپر لکھی ہین اور کوئی کام کرنا ان تاریخون مین اچھا نہین۔

محرم سورہ کہف یا سبزہ یا سونا یا چاندی یا فیروزہ دیکھے	صفر سورہ حمعسق یا آئینہ یا آب یا انگوٹھی یا ہتیلی دیکھے	ربیع الاول قد سمع اللہ یا آئینہ یا آب روان یا روے خوب
ربیع الثانی سورہ تبارک الذی یا جواہر یا اسپ یا گوسفند	جمادی الاولی سورہ مزمل یا روے پسران یا روپیہ یا چاندی	جمادی الاخری سورہ مدثر یا فرزند یا بوڑھا
رجب سورہ یسین یا پھول یا قرآن مجید یا ہتیلی	شعبان سورہ جن یا سبزہ یا کپڑا رنگین یا منہ پرہیزگار کا	ماہ رمضان سورہ محمد یا تلوار یا اہل وعیال یا بوڑھا محتشم
شوال سورہ فتح یا ہتیلی یا آب یا فیروزہ یا سبزہ	ذیقعدہ سورہ نسا یا آئینہ یا صحرا یا پہاڑ یا روے پسر خوبصورت	ذیحجہ سورہ حجر یا نیکو صورت یا آب روان یا روے دختر خوبصورت

اور روایت ہی کہ ہر مہینے مین یہ تاریخین نحس اصغر ہین ہر کام مین پرہیز لازم ہی تیسری پانچوین تیرھوین سولھوین اکیسوین چوبیسوین پچیسوین دعاے ہلال اشارہ کرے طرف چاند کے اور کہے ✲✲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَیُّھَا الۡخَلۡقُ الۡمُطِیۡعُ الدَّآئِبُ السَّرِیۡعُ الۡمُتَرَدِّدُ فِیۡ مَنَازِلِ التَّقۡدِیۡرِ الۡمُتَصَرِّفُ فِیۡ فَلَکِ التَّدۡبِیۡرِ اٰمَنۡتُ بِمَنۡ نَوَّرَ بِکَ الظُّلَمَ وَاَوۡضَحَ بِکَ الۡبُھَمَ وَجَعَلَکَ اٰیَۃً مِّنۡ اٰیَاتِ مُلۡکِہٖ وَعَلَامَۃً مِّنۡ عَلَامَاتِ سُلۡطَانِہٖ وَامۡتَھَنَکَ بِالزِّیَادَۃِ وَالنُّقۡصَانِ وَالطُّلُوۡعِ وَالۡاُفُوۡلِ وَالۡاِنَارَۃِ وَالۡکُسُوۡفِ فِیۡ کُلِّ ذٰلِکَ اَنۡتَ لَہٗ مُطِیۡعٌ وَاِلٰی اِرَادَتِہٖ سَرِیۡعٌ سُبۡحَانَہٗ مَا اَعۡجَبَ مَا دَبَّرَ فِیۡ اَمۡرِکَ وَاَلۡطَفَ مَا صَنَعَ فِیۡ شَاۡنِکَ جَعَلَکَ مِفۡتَاحَ شَھۡرٍ حَادِثٍ لِاَمۡرٍ حَادِثٍ فَاَسۡئَلُ اللّٰہَ رَبِّیۡ وَرَبَّکَ وَخَالِقِیۡ وَخَالِقَکَ وَمُقَدِّرِیۡ

Marfat.com

مُقَدِّرِیْ وَمُقَدِّرَكَ وَمُصَوِّرِیْ وَمُصَوِّرَكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تَجْعَلَكَ هِلَالَ بَرَكَةٍ لَا تَمْحَقُهَا الْاَیَّامُ وَطَهَارَةٍ لَا تُدَنِّسُهَا الْاٰثَامُ هِلَالَ اٰمْنٍ مِّنَ الْاٰفَاتِ وَسَلَامَةٍ مِّنَ السَّیِّئَاتِ هِلَالَ سَعْدٍ لَا نَحْسَ فِیْهِ وَیُمْنٍ لَا نَكَدَ مَعَهٗ وَیُسْرٍ لَا یُمَازِجُهٗ عُسْرٌ وَخَیْرٍ لَا یَشُوْبُهٗ شَرٌّ هِلَالَ اٰمْنٍ وَّاِیْمَانٍ وَّنِعْمَةٍ وَّاِحْسَانٍ وَّسَلَامَةٍ وَّاِسْلَامٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْنَا مِمَّنْ اَرْضٰی مَنْ طَلَعَ عَلَیْهِ وَاَزْكٰی مَنْ نَّظَرَ اِلَیْهِ وَاَسْعَدَ مَنْ تَعَبَّدَ لَكَ فِیْهِ وَوَفِّقْنَا فِیْهِ لِلتَّوْبَةِ وَاعْصِمْنَا فِیْهِ مِنَ الْحَوْبَةِ وَاحْفَظْنَا فِیْهِ مِنْ مُّبَاشَرَةِ مَعْصِیَتِكَ وَاَوْزِعْنَا فِیْهِ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَاَلْبِسْنَا فِیْهِ جُنَنَ الْعَافِیَةِ وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا بِاسْتِكْمَالِ طَاعَتِكَ فِیْهِ الْمِنَّةَ اِنَّكَ الْمَنَّانُ الْحَمِیْدُ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

ف نقوش مذکورہ کی بھی کتب معتبر مین آنجناب سے نظر فقیر حقیر سے نہیں گزرے ۱۲ (س)

اور یہ نقوش مشہور ہین کہ چاند دیکھنے کے وقت دیکھے

نقوش برائے دیدن ماہ نو

لا الٰہ الا اللہ	لا الٰہ الا اللہ
موسی کلیم اللہ	ابراہیم خلیل اللہ
لا الٰہ الا اللہ	لا الٰہ الا اللہ
عیسی روح اللہ	محمد رسول اللہ
یا اللہ یا رحمٰن	یا رحیم یا کریم
یا قادر ۹۵۱۳	یا اللہ ۹۵
یا حی ک ہ و ك	۹۴۵ ھ ھ محمد ۵۵ ۹۲
یا قیوم ۱۲ ۸۶ ۱۴ ۱۱۲	۱۲۹۱۴ لا ۸۰۲۲ ۱۱۲۱۴

۱۳۲ ۱۳۵۴ ۱۲۱۲ ۱۲

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ الطاہرین
علی ولی اللہ وصی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ حقا حقا حقا

لا الٰہ الا اللہ عیسی روح اللہ

لا الٰہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ

لا الٰہ الا اللہ ابراہیم خلیل اللہ

ھ ھ ھ ۶۶۶ ۶۶۶ ۶۶۶ لا ھی من عم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۱۱۱ الف د

مس سوہ اس علج سلج کلج صلج ۹ ۹ مھر مھر



دعا و نماز روز اول ہر ماہ روایت ہی کہ پہلی تاریخ ہر ماہ کی دو رکعت نماز پڑھے رکعت اول مین بعد الحمد کے تیس بار قل ہو اللہ دوسری رکعت مین بعد الحمد تیس بار انا انزلناہ پڑھے بعدہ کچھ تصدق دیوے گویا اُسنے سلامتی اس ماہ مین خریدی کہ جمیع آفات سے محفوظ رہیگا بعد نماز یہ آیات پڑھے

نماز و تصدق روز اول ماہ

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَمَا مِنۡ دَآبَّۃٍ فِی الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزۡقُہَا وَیَعۡلَمُ مُسۡتَقَرَّہَا وَمُسۡتَوۡدَعَہَا کُلٌّ فِیۡ کِتٰبٍ مُّبِیۡنٍ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ہُوَ وَاِنۡ یُّرِدۡکَ بِخَیۡرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِہٖ یُصِیۡبُ بِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖ وَہُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَیَجۡعَلُ اللّٰہُ بَعۡدَ عُسۡرٍ یُّسۡرًا مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ۝

اور جو کہ تین روز تیرھوین و چودھوین و پندرھوین کو روزہ رکھے لکھا جاویگا نامہ اعمال مین اُسکے عوض روزہ اوّل کے ثواب روزہ دس ہزار برس کا اور دوسرے روزے مین ثواب روزہ تیس ہزار برس کا اور تیسرے روزے مین ثواب روزہ سو ہزار برس کا،

باب بارھوان بیان مین تاریخہاے نیک وبد ہرماہ کے

علی بن طاؤس نے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہو کہ پہلی تاریخ مبارک ہے پیدا کیا اس روز خدا نے آدمؑ کو اور مبارک ہو واسطے طلب حاجات کے اور جانا نزدیک بادشاہ کے اور طلب علم اور خواستگاری کرنا عورت کا اور سفر کرنا اور خرید و فروخت باہم کرنا اور جانور کا لینا خوب ہو اور اگر بندہ یا حیوان گم ہوجاوے تو آٹھ روز مین ہاتھ آئیگا اگر بیمار ہو جاوے شفا پائیگا اگر فرزند اس دن پیدا ہوگا تو بابرکت اور فراخ روزی ہوگا اور خواب پہلی شب کا صحیح نہین ہو دوسری تاریخ نیک ہو حضرت حوا پیدا ہوئین شایستہ ہو خواستگاری عورت کرنا گھر بنا کرنا مسکات و قبالجات لکھنا طلب حاجات کرنا اور اختیار کرنا کاروبار کا بہتر ہو اور جو اس دن کے اول روز بیمار ہو جاوے سبک ہوگی بیماری بہ نسبت آخر روز کے اور جو فرزند اس دن پیدا ہوگا نیک تربیت پائیگا اور خواب دوسری شب کا صحیح نہین ہو تیسری تاریخ نحس ہو جناب آدمؑ و حوا بہشت سے زمین پر لائے گئے حتی الامکان ہر کام سے پرہیز کرے جو بندہ کہ

Marfat.com

اس دن بھاگے ہاتھ آئیگا جو کہ بیمار ہوگا مشقت مین پڑیگا اگر فرزند پیدا ہوگا روزی ...
عمر دراز ہوگی یہ روز گران ہے کسی کام کے لیے خوب نہین اور خواب کی اس شب کے تعبیر عکس
ہے چوتھی تاریخ نیک ہے حضرت ہابیل بن آدم پیدا ہوے ہین نیک ہے برائے زراعت و بنائے عمارت
شکار و جانور لینے کے اور سفر کرنا مکروہ ہے خوف قتل ہے یا مال اسکا چور لیجاوین یا کوئی بلا نازل ہوا ور
جو فرزند کہ اس روز پیدا ہو شایستہ و مبارک ہوگا تا زندگی اور جو کہ بھاگ جاوے ملنا اسکا دشوار
ہوگا ایسی جگہ پناہ لیگا کہ ہاتھ نہ آویگا اور اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر اسکی دیر مین ظاہر ہوتی
ہے پانچوین تاریخ نحس ہے کہ قابیل اسی روز پیدا ہوا ہے اور اسی روز قابیل نے اپنے بھائی
ہابیل کو قتل کیا کوئی کام اس روز نہ کرے نہ گھر سے نکلے اور اگر اس روز قسم جھوٹ کھائیگا
سزا پائیگا اور جو اس روز پیدا ہوگا حال اسکا نیک ہوگا اور اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر
بدیر ظاہر ہوگی چھٹی تاریخ شایستہ ہے واسطے برآنے حاجات کے اور خواستگاری کرنا عورت کا اور
سفر کرنا دریا و صحرا کا خوب ہے پھر آئیگا طرف اپنے اہل کے جنکو کہ دوست رکھتا ہے اور نیک ہے خرید جانور
کے لیے جو حیوان ہو اور جو کہ اس روز پیدا ہو نیک تربیت پائیگا آفات سے سلامت رہیگا اور
برائے شکار و طلب معاش و ہر حاجت کے شائستہ ہے اور خواب اگر دیکھے بعد ایک روز یا دو روز
کے اثر ظاہر ہوگا کیونکہ اس شب کا خواب سچا ہوتا ہے ساتوین تاریخ ہمہ کار کو شائستہ ہے جو کہ مشق کتابت
اس روز شروع کرے بہ نیکی کمال کو پہونچے اور جو بناے عمارت وغیرہ کریگا عاقبت و انجام نیک
ہوگا اور جو لڑکا پیدا ہوگا تربیت نیک پائیگا روزی فراخ ہوگی شکار و طلب روزی کرنا بھی
وارد ہے اور اس شب کا خواب سچا ہوتا ہے آٹھوین تاریخ شائستہ ہے ہر حاجت کے لیے خرید و
فروخت کے لیے بھی اگر بادشاہ پاس جائے حاجت روا ہوگی اور مکروہ ہے اس روز سفر دریا و
خشکی کرنا لڑائی پر جانا اور جو لڑکا پیدا ہو شائستہ ہوگا اور جو کہ بھاگے گا اسکو کوئی نہ پاسکے گا
مگر بمشقت بسیار اور جو کہ راہ بھول جاویگا پا ئیگا مگر بمشقت بسیار اور جو کہ اس روز بیمار ہوگا تخت
اٹھا دیگا اور اس شب کا خواب سچا ہے نوین تاریخ نیک ہے جس کام کے لئے ارادہ کرے خوب ہے

پس ابتدا کرے اس دن کاموں کی قرض دے زراعت کرے درخت لگائے اور اگر دشمن سے
لڑے غالب آئیگا جوکہ سفر کرے مال بہت پائیگا اور خیر و نیکی دیکھے گا اگر دشمن سے گریز کرے تو
نجات پاوے اور جوکہ بیمار ہوگا بیماری اسکی سنگین ہوگی جوکہ اس روز کھو جاوے بزودی ہاتھ
آویگا اور جو فرزند پیدا ہووے شائستہ ہوگا اور بہمہ حال توفیق پائیگا اور اس شب کے خواب
کی تعبیر برعکس ہو و بروایتے اس شب کے خواب کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی دسوین تاریخ نیک ہے
برائے خرید و فروخت اور سفر کرنا خوب ہو اس روز حضرت نوح متولد ہوئے جو لڑکا پیدا ہوگا بہت
معمر و فراخ روزی ہوگا اور گم شدہ پیدا ہوگا بھاگا ہوا ہاتھ آئیگا اور جوکہ اس روز بیمار ہووے
سزاوار ہو کہ وہ وصیت کرے اور زراعت اور خریدنا اور بیج کا بونا نیک ہو اور اس شب کا
خواب جھوٹا ہوتا ہو اور بروایتے اس شب کے خواب کی تعبیر بیس روز مین ظاہر ہوگی گیارھوین تاریخ
شائستہ ہو ہر کام کے لیے حضرت شیث کے تولد کا روز ہو پس خرید و فروخت و سفر کرنا بہتر ہے
مگر پرہیز کرے جانے سے بادشاہ پاس اور جو بھاگ جاوے بزودی ہاتھ آئیگا اور جوکہ بیمار ہوگا
امید ہو کہ بزودی شفا پائیگا اور جو لڑکا پیدا ہو بہ نیکی زندگی کریگا و لیکن نہ مریگا جبتک کہ پریشانی
نہ دیکھے اور خواب اس شب کا صحیح ہو مگر تعبیر اسکی دیر مین ظاہر ہوگی اور بروایتے تین روز مین ظاہر ہوگی
بارھوین تاریخ شائستہ ہو خواستگاری عورت کے لیے دکان کھولنا شریک ہونا سفر دریا کرنا اور اس
روز دو آدمی آپس سے جدا ہون اور بیمار جو ہوگا امید شفا ہو اور جو لڑکا کہ پیدا ہوگا بآسانی تربیت
پاویگا اور عمر اسکی بہت دراز ہوگی اور پریشان نہ رہے گا اور بھاگا ہوا ہاتھ آئیگا اور خواب اس
شب کا صحیح ہو مگر تعبیر اسکی بدیر ظاہر ہوگی تیرھوین تاریخ نحس ہے پرہیز کرے لڑنے سے اور
بادشاہ پاس جانے و سر تراشی و روغن سر مین ملنے سے اور جو بھاگے ہاتھ نہ آئیگا اور بیمار
سختی مین پڑیگا اور فرزند جو پیدا ہوگا چندان زندگانی نکریگا اور خواب جو دیکھے گا اثر اس کا
تندو تنگ مین ظاہر ہوگا اور بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہوتا ہی چودھوین تاریخ نیک ہی
ہر کام کیلیے جو فرزند اس روز پیدا ہوگا ظالم ہوگا اور طلب علم اور خرید و فروخت اور سفر کرنا اور

Marfat.com

قرض کرنا اور کشتی پر سوار ہونا نیک ہی اور بھاگا ہاتھ آئیگا بیمار صحت پائیگا اور فرزند جو پیدا ہوگا اسکی عمر دراز ہوگی اور طلب علم مین رغبت کریگا اور آخر عمر بہت مالدار ہوگا خوشنویس و عقلمند ہوگا اور خواب جو دیکھے گا بعد چھبیس یا چالیس روز کے اثر اسکا ظاہر ہوگا اور بروایتے خواب اس شب کا جھوٹا ہوتا ہی پندرھوین تاریخ نیک ہی ہر امر کیلئے مگر قرض دینا و لینا بد ہے جو کہ بیمار ہو ویگا جلد صحت پاویگا جو کہ بھاگے جلد ہاتھ آویگا جو فرزند کہ پیدا ہوگا گونگا یا زبان مین اسکی کچھ عیب ہوگا اور جو کہ خواب دیکھے گا بعد تین روز کے اثر اسکا ظاہر ہوگا اور بروایتے تعبیر اسکی برعکس ظاہر ہوگی سولھوین تاریخ نحس ہی کسی کام کے لیے خوب نہین مگر عمارت بنا کرنا خوب ہی جو کہ سفر کرے ہلاک ہوگا اور جو کہ بھاگے بزودی پھریگا جو کہ راہ گم کرے سلامت رہیگا جو کہ بیمار ہووے شفا پاویگا جو فرزند کہ پیش از زوال پیدا ہوگا دیوانہ ہوگا اگر بعد زوال پیدا ہوگا تو انجام اسکا اچھا ہوگا اور جو خواب دیکھے گا بعد دو روز کے اثر اسکا ظاہر ہوگا اور بروایتی دیر مین ظاہر ہوگا سترھوین تاریخ میانہ ہے پرہیز کرنا زراعت اور قرض دینے لینے سے اگر قرض دیگا وصول نہوگا جو فرزند کہ پیدا ہوگا حال اسکا نیکو ہوگا اور روایت مین ہی کہ روز گران ہی طلب حاجات نکرے و بروایتے شاخ لگانا اسمین موجب شفا ہی اور اس شب کا خواب سچا ہی مگر تعبیر دیر مین ظاہر ہوگی اٹھارھوین تاریخ مبارک ہے جمیع کام کیلئے خرید و فروخت و زراعت و سفر کرنا بہتر ہی اور جو کہ دشمن سے دشمنی کرے غالب آئیگا اسیر اگر کچھ مال قرض دیگا وصول ہوگا بیمار شفا پائیگا جو فرزند کہ پیدا ہوگا حال اسکا نیک ہوگا اور اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہی انیسوین تاریخ مبارک ہی حضرت اسحٰق پیدا ہوے ہین شائستہ ہی سفر کے لیے اور طلب روزی اور سعی کارہا اور حصول علم کے لیے بھی اور بد ہے خرید غلام اور جانور کے لیے اور بھاگا اور گم شدہ بعد پندرہ روز کے پھریگا فرزند جو پیدا ہوگا توفیق خیر پائیگا اور اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہی بیسوین تاریخ میانہ ہے نیک ہی واسطے سفر کرنے کے اور بر لانے حاجات کے اور عمارت بنا کرنا اور درخت لگانا اور جانور کا لینا اور جو کہ بھاگے ہاتھ آنا اسکا مشکل ہی جو کہ راہ بھول جاوے ہلاکت اٹھائیگا جو کہ بیمار ہوگا جلدی اچھا

سخت گذریگی جو فرزند پیدا ہوگا بمشقت زندگانی کریگا اور اس شب کا خواب صحیح اور مؤثر ہے
اکیسوین تاریخ نحس اور بہت بد ہے پس اس روز طلب حاجات نکر بادشاہ کے روبرو نجا جو کہ سفر کرے
نہایت ہلاکت ہو جو فرزند کہ پیدا ہو پریشان و فقیر ہوگا حیوانات کا ذبح کرنا خوب ہو اور اس شب کا
خواب جھوٹا ہو بائیسوین تاریخ شائستہ ہو واسطے برآنے حاجات و خرید و فروخت کے اور بادشاہ
پاس جانا اور تصدق کرنا اس دن مقبول ہو اور بیمار بزودی شفا پاویگا اور مسافر بعافیت پھریگا اور
اس شب کا خواب سچا ہو اور تعبیر اسکی بہت نیک ظاہر ہوگی تیئسوین تاریخ حضرت یوسفؑ کا روز
تولد ہے نیک ہو براے طلب حوائج عورت کو چاہنا تجارت کرنا بادشاہ پاس جانا خوب ہو اور جو کہ
اس روز سفر کرے غنیمت پائیگا خیر بہت دیکھیگا جو فرزند پیدا ہوگا نیکو تربیت پائیگا اور اس شب
خواب کی تعبیر برعکس ہو چوبیسوین تاریخ بہت نحس ہو فرعون پیدا ہوا ہے پس کسی کام کا ارادہ نکر
جو فرزند کہ پیدا ہوگا سختی مین بسر کریگا اور توفیق خیر نپائیگا اور آخر عمر مین مارا جائیگا یا غرق ہوگا
یا بیمار رہوگا اور بیماری طول کھینچے گی اور اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہو پچیسوین تاریخ نحس
ہے پس حفظ کر کسی کام کا ارادہ نکر کہ حق تعالیٰ نے اس دن اہل مصر کو با فرعون مبتلاے بلا کیا
اور بیمار کا حال بد ہوگا اور فرزند جو پیدا ہوگا فراخ روزی ہوگا لیکن بلاے سخت مبتلا ہوگا
اور آخر مین نجات پائیگا ایک روایت مین آیا ہے جو کہ اس روز بیمار ہوگا صحت نپاویگا یا بمشکل
صحت پائیگا و بروایت سلیمان شر سے اس روز کے پناہ خدا بنماز و دعا و تصدق لے اور اس
خواب جھوٹا ہو چھبیسوین تاریخ شائستہ ہو براے سفر اور ہر امر کیلیے جسکا ارادہ کرے مگر عورت کا چاہنا
بد ہے اور اس روز جو کہ تزویج کریگا درمیان زوجہ و شوہر کے جدائی ہوجائیگی اسواسطے کہ اس روز
دریا پھٹ گیا ہو واسطے حضرت موسیٰؑ کے اور اگر سفر سے کوئی پھرے تو گھر مین داخل نہو گا جو بیمار
ہووے حال اسکا بد ہوگا جو فرزند پیدا ہوگا عمر اسکی دراز ہوگی اور اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس
ہے ستائیسوین تاریخ براے ہمہ کار خوب ہو جو فرزند کہ اس روز پیدا ہوگا خوش روز کی در طیل
با عمر خبیث ہوگا اور محبوب دلہاے مردم ہوگا اور براے سفر بہت نیک اور اس

Marfat.com

سب کے خواب کی تعبیر برعکس ہی اٹھائیسوین تاریخ سفر کو نیک ہی اس روز حضرت یعقوب پیدا ہوئے اس مین
جو فرزند پیدا ہو غمہای عظیم اسکو پہنچین گے اور کسی مرض یا ضعف چشم مین مبتلا ہوگا جو خواب دیکھے
اثر اسکا اسی روز ظاہر ہو بروایتے تعبیر برعکس ظاہر ہوگی انتیسوین تاریخ خوب ہی جو فرزند کہ پیدا ہوگا بردبار
ہوگا جو سفر کرے مال پائیگا اور اس روز وصیت نامہ نہ لکھے دوستون کے دیکھنے کو جاوے جو خواب
دیکھے گا اثر اُس کا اسی روز ظاہر ہوگا بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہی تیسوین تاریخ نیک ہے خرید
فروخت شادی نکاح کرنا خوب ہی جو فرزند پیدا ہوگا بردبار و مبارک ہوگا جو بھاگے گا ہاتھ آئیگا اگر کوئی چیز
کھو دیگا ہاتھ آئیگی اگر قرض دیگا جلد وصول ہوگا اور اس شب کا خواب راست و صحیح و مؤثر ہے

باب تیرھوان بیان ایام ہفتہ کے نیک و بد مین

روز جمعہ دن اسکا بہ زہرہ اور رات متعلق بہ قمر ہی یہ مبارک ترین روز اور بہترین عید ہی اور سنت ہے
سر تراشی اور ناخون اور شارب لینا حمام جانا اور پیش از زوال سفر نکرے مگر بعد نماز جمعہ مبارک ہی اور شاخ لگانا
منع ہی بعض احادیث مین ہی کہ اس روز ایک ساعت ہی کہ اگر اسمین شاخ واقع ہو تو خون نہ تھمے گا اور
موجب ہلاکت ہوگا اور حدیث معتبر مین ہی کہ ہر گاہ زیادتی خون کی بدن مین ہو تو آیۃ الکرسی پڑھکے
شاخ لگاوے اور بعض روایات مین ہی کہ نورہ لگانا روز جمعہ کو باعث پیدا ہونے مرض جذام کا ہی اور سر
تراشی سنت ہی اور فرمایا کہ خواستگاری و نکاح کرنا خوشبو لگانا کپڑے نئے پہننا اور قطع کرنا کنگھی کرنا
سر دھونا سنت ہی اور بعضے غسل کرنا سنت جانتے ہین اور بعضے واجب[1] روز شنبہ دن اسکا متعلق بہ
زحل اور رات متعلق بمریخ ہی مبارک ہی برائے جمیع کارہا خصوصًا سفر کرنا حدیث معتبر مین ہی کہ اگر اس دن پتھر
اپنی جگہ سے جدا ہوگا خدا اسکو اپنی جگہ پر پھیر لادیگا وارد حدیث ہی کہ جو ناخن و شارب بروز شنبہ و پنجشنبہ
لیوے تو درد دندان و درد چشم سے آرام رہیگا بروایتے شاخ لگانا بروز شنبہ موجب ضعف ہے اور
نیا کپڑا قطع کرنا بد ہی روز یکشنبہ دن اسکا بہ شمس اور رات بہ عطارد متعلق ہی میانہ ہی برائے اکثر کارہا
حدیث معتبر شاخ لگانا وقت عصر بہت نافع ہی اور برائے بنائے عمارت و عروسی خوب ہی اور
حمام جانا اور ناخن کاٹنا اور نیا کپڑا قطع کرنا بد ہی روز دوشنبہ دن اسکا بہ قمر متعلق ہی

باب تیرھوان

[1] [illegible] ۱۲

Marfat.com

بعطارد و متعلق ہی نحس ترین روز ہاے ایام ہی تمام سال مین روز عاشوراسب دنون سے نحس ہی اور ہفتہ مین روز دوشنبہ کہ بنی امیہ نے عید کی بسبب شہادت شہید کربلا کے اور اسی روز رسولخدا صلعم نے دنیا سے رحلت فرمائی کسی کام کو مبارک نہین اور بعض روایات مین ہی کہ وقت عصر شاخ لگانا خوب ہی اور سفر کرنا اور کسی حاجت کے لیے جانا منع ہی مگر ناخن کاٹنا نیا کپڑا قطع کرنا شاخ لگانا خوب ہی اگر اس دن کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو نماز صبح کی رکعت اول مین سورہ ہل اتی پڑھے روز سہ شنبہ دن اسکا بمریخ اور رات بزہرہ متعلق ہی میانہ ہی براے اکثر کارہا اور سفر کرنا اور برائے حاجت جانا خوب ہے کہ اس روز خدا نے لوہا واسطے حضرت داؤدؑ کے نرم کر دیا وارد حدیث ہی کہ اس روز ایک ساعت ہی اگر اسمین اتفاق شاخ لگانے کا ہوگا تو خون نہ تھمے گا اور اسکو ہلاک کریگا اور سر تراشی اور نیا کپڑا قطع کرنا بہت بد ہے روز چہارشنبہ دن اسکا بعطارد اور رات بزہرہ متعلق ہی نحس ہی براے اکثر کارہا اور منع ہے شاخ لگانا نورہ لگانا سفر کرنا اور حدیث مین ہی کہ شاخ لگانا روز چہارشنبہ بہتر ہی ہرگاہ قمر در عقرب ہو اور دن پینے مسہل و دوا کا ہی اور ناخن کاٹنا اور حمام جانا اور نیا کپڑا قطع کرنا خوب ہی روز پنجشنبہ دن اسکا بمشتری اور رات اسکی بشمس متعلق ہی مبارک ہی براے ہمہ کار خصوصًا شاخ لگانا اور سر تراشی کرنا اور ناخن لینا موافق حدیث خوب ہی مگر چاہیے کہ ایک ناخن براے جمعہ رہنے دے کہ اس روز وہ ناخن تراشے کہ اسی طرح وارد حدیث ہی اور جو روز پنجشنبہ آخر ماہ اول روز شاخ لگا دے درد بدن سے کھینچتا ہی اور حضرت علیؑ سے مروی ہی کہ جو بندہ مومن روز پنجشنبہ کو بعد ظہر سے روز جمعہ تک مرے فشار قبر سے امین ہوگا اور شفاعت اسکی واسطے گنہگاران کے بعدد مردمان قبیلہ ربیعہ اور قبیلہ مضر کے مقبول ہوگی اور اس روز واسطے زیارت قبور مومنین کے جانا مستحب ہی اور اس روز زیارت حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی پڑھنا باعث ثواب عظیم ہی اور زیارت آپکی باب زیارت مین مرقوم ہی اور اس روز چار رکعت نماز وارد ہی دو دو رکعت کرکے دو سلام سے پڑھے ہر رکعت مین سورہ الحمد سات مرتبہ اور سورہ انا انزلناہ ایک مرتبہ جب چارون رکعت پڑھ چکے تو سو ۱۰۰ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اور سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جِبْرَئِیْلَ کہے کہ عطا کریگا خدا اسکو جنت مین ستر ہزار قصر

Marfat.com

باب چودھواں یہ جدول تاریخہائے سعد ونحس وولادت وشہادت حضرات معصومین علیہم السلام حسب مختار سرکار شریعتمدار

حجۃ الاسلام جناب مولانا ومقتدانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ دام ظلہ العالی بدوام الایام واللیالی تحریر کی گئی ہے فقط،

ماہ محرم الحرام			ماہ صفر المظفر		
تاریخ	نیک یا بد	کیفیت	تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	بد	صرف دعا کیلئے نیک ہے کیونکہ اسی تاریخ دعائے جناب زکریا قبول ہوئی (امالی صدوق)	۱	بد	نحس اکبر ہے سر امام حسین داخل دمشق ہوا حضرت یحییٰ شہید ہوئے (تقویم المحسنین)
۲	بد	اس تاریخ جناب امام حسین وارد کربلا ہوئے (ارشاد جناب مفید)	۲	بد	
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار) پسر سعد بہر قتل امام حسین وارد کربلا ہوا	۳	بد	اس روز مسلم بن عقبہ نے کعبہ جلا دیا دیواریں شق ہو گئیں (تواریخ شرعیہ)
۴	بد		۴	بد	
۵	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)	۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۶	بد	تیس ہزار اشقیا قتل امام حسین کیلئے جمع ہو چکے تھے کربلا میں (لہوف)	۶	بد	
۷	بد	امام حسین پر پانی بند ہوا۔ (ارشاد جناب مفید)	۷	بد	
۸	بد		۸	بد	
۹	بد	اس تاریخ کو تاسوعا کہتے ہیں امام حسین نرغہ اعدا میں گھر گئے	۹	بد	
۱۰	بد	روز عاشورہ نحس ترین ایام ہے فضائل روز عاشورہ سب غلط [illegible]	۱۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۱	بد	نحس اکبر ہے حضرت آدم کی وفات ہوئی (تقویم المحسنین و بحار)	۱۱	بد	
۱۲	بد		۱۲	بد	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)	۱۴	بد	
۱۵	بد		۱۵	بد	
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	بد		۱۷	بد	
۱۸	بد		۱۸	بد	
۱۹	بد		۱۹	بد	
۲۰	بد		۲۰	بد	بروایت تقویم المحسنین نحس اکبر ہے اور روز اربعین زیارت امام حسین مستحب ہے (مصباح طوسی)
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	بد	نحس اکبر ہے۔ (تقویم المحسنین)	۲۲	بد	
۲۳	بد		۲۳	بد	حکومت بنی عباس شروع ہوئی۔ (مصباح کفعمی)
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	روز شہادت جناب امام زین العابدین علیہ السلام ہے۔ (جناب مفید)	۲۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۶	بد		۲۶	بد	
۲۷	بد		۲۷	بد	
۲۸	بد		۲۸	بد	روز وفات جناب رسالتمآب اور روز وفات امام حسن ہے (مصباح طوسی)
۲۹	بد		۲۹	بد	
۳۰	بد		۳۰	بد	
نحس اصغر تاریخین		۵۳-۱۳-۱۶-۲۱-۲۴-	نحس اصغر تاریخین		۵-۱۳-۱۶-۲۱-۲۴-۲۵-
نحس اکبر تاریخینا		۱۰-۱۱-۱۴-۲۲-	نحس اکبر تاریخین		۱-۱۰-۲۰

Marfat.com

تاریخ	نیک یا بد	ماہ ربیع الاولیٰ — کیفیت	تاریخ	نیک یا بد	ماہ ربیع الآخریٰ — کیفیت
۱	نیک	ہجرت رسالتمآب بجانب مدینہ و شب ہجرت امیرالمومنین بر فرش خواب رسولؐ سوئے (مصباح)	۱	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲	بد		۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۴	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)	۴	نیک	
۵	بد	نحس اصغر و انتقال جناب سکینہ بنت الحسینؑ (تہذیب الاسماء نووی)	۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۶	نیک		۶	نیک	
۷	نیک		۷	نیک	
۸	بد	روز وفات جناب امام حسن عسکری علیہ السلام (بحار)	۸	نیک	
۹	نیک	روز قتل پسر سعد و عید شجاع روز مسرت ہے۔	۹	نیک	
۱۰	بد	نحس اکبر ہے، روز وفات جناب عبدالمطلب ہے اسی تاریخ جناب رسالتمآب نے ام المومنین [illegible] — [illegible]	۱۰	نیک	ولادت باسعادت امام حسن عسکریؑ ہے (مصباح طوسی)
۱۱	نیک		۱۱	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۲	نیک		۱۲	نیک	نماز حضر و سفر کا فرض مستقر ہوا۔ (مصباح طوسی)
۱۳	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)	۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	یزید بن معٰویہ قتل ہوا روز سرور ہے (مصباح طوسی)	۱۴	نیک	
۱۵	نیک		۱۵	نیک	
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	روز ولادت باسعادت جناب رسالتمآبؐ و امام جعفر صادقؑ ہے (بحار)	۱۷	نیک	
۱۸	نیک		۱۸	نیک	
۱۹	نیک		۱۹	نیک	
۲۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)	۲۰	نیک	
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک		۲۲	نیک	معتضد عباسی کا ۲۸۹ھ میں انتقال ہوا (تاریخ الخلفا)
۲۳	نیک		۲۳	نیک	
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)	۲۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۶	نیک		۲۶	نیک	
۲۷	نیک		۲۷	نیک	
۲۸	نیک		۲۸	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۹	نیک		۲۹	نیک	
۳۰	نیک		۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخین		۳- ۵- ۱۳- ۱۶- ۲۱- ۲۴- ۲۵-	نحس اصغر تاریخین		۳- ۵- ۱۳- ۱۶- ۲۱- ۲۴- ۲۵-
نحس اکبر تاریخین		۴- ۱۰- ۲۰-	نحس اکبر تاریخین		۱- ۱۱- ۲۸-

Marfat.com

ماہ جمادی الاولیٰ

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	ہارون رشید کا انتقال ہوا۔ (مجالس شوستریؒ)
۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۴	بد	
۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۶	نیک	
۷	نیک	
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	بد	نحس اکبر ہے۔ (تقویم المحسنین)
۱۱	بد	نحس اکبر ہے 〃
۱۲	نیک	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	بد	
۱۵	نیک	ولادت باسعادت امام زین العابدینؑ ہوئی (مصباح طوسی)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	
۱۹	نیک	
۲۰	نیک	
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	
۲۳	نیک	
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے 〃
۲۶	نیک	
۲۷	نیک	
۲۸	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۳-۵-۱۳-۱۶-۲۱-۲۴-۲۵-
نحس اکبر تاریخیں		۱۰-۱۱-۲۸-

ماہ جمادی الاخریٰ

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے۔ روز وفات جناب سیدہؑ ہے (مصباح طوسی)
۴	نیک	
۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۶	نیک	خلیفہ اول مبتلائے مرض الموت ہوئے (صواعق ابن حجر)۔
۷	نیک	
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	نیک	
۱۱	بد	نحس اکبر ہے۔ (تقویم المحسنین)
۱۲	بد	نحس اکبر ہے۔ 〃
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	
۱۵	نیک	عبداللہ بن زبیر ۷۳ھ میں قتل ہوئے (مصباح طوسی)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	جناب آمنہ والدۂ ماجدۂ جناب پیغمبر خدا حاملہ ہوئیں (حیوۃ القلوب)
۱۹	نیک	
۲۰	نیک	روز عید ہے ولادت باسعادت جناب فاطمہ زہراؑ ہوئی (مصباح طوسی)
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	بقول واقدی شب کو خلیفہ اول کا انتقال ہوا (صواعق ابن حجر)
۲۳	نیک	
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے 〃
۲۶	نیک	
۲۷	نیک	خلیفہ اول کا انتقال ہوا بنا بر قول ۱۳ھ (مصباح طوسی)
۲۸	نیک	
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۳-۵-۱۳-۱۶-۲۱-۲۴-۲۵-
نحس اکبر تاریخیں		۱-۱۱-۱۲-

Marfat.com

ماہ رجب المرجب

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	ولادت باسعادت امام محمد باقرؑ ہے ۵۷ھ جناب نوحؑ کشتی پر سوار ہوئے [illegible]
۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار) اور روز وفات امام علی نقیؑ ہے (مصباح طوسی)
۴	نیک	
۵	نیک بد	نحس اصغر ہے (بحار)، روز ولادت امام علی نقیؑ ہے ۲۱۴ھ (مصباح طوسی)
۶	بد	
۷	نیک	
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	نیک	ولادت باسعادت امام محمد تقیؑ ہے ۱۹۵ھ (مصباح طوسی)
۱۱	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۲	بد	نحس اکبر ہے ″
۱۳	نیک	روز عید عظیم ہے جناب امیر المومنینؑ خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے (مصباح طوسی)
۱۴	نیک	
۱۵	نیک	عقد سیدہ عالم امیر المومنینؑ سے ہوا جناب رسالتمآبؐ شعب ابی طالب سے باہر آئے (مصباح)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	
۱۸	بد	وفات جناب ابراہیم صاحبزادہ جناب رسول خداؐ ہے (مصباح طوسی)
۱۹	نیک	معتمد عباسی کا ۲۷۹ھ میں انتقال ہوا (تاریخ الخلفا)
۲۰	نیک	
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	معاویہ نے انتقال کیا (مصباح طوسی)
۲۳	بد	دست خوارج سے امام حسنؑ مجروح ہوئے۔
۲۴	نیک	جنگ خیبر فتح ہوئی جعفر طیار ملک حبشہ سے آئے ″
۲۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار) وفات جناب امام موسیٰ کاظمؑ ہے
۲۶	بد	ولید بن عتبہ نے جناب امام حسینؑ کو بیعت یزید کیلئے طلب کیا تھا (ابو الفداء)
۲۷	نیک	روز بعثت ہے عید عظیم ہے اسی شب کو معراج ہوئی (بحار)
۲۸	بد	جناب امام حسینؑ نے بخوف اعدا مدینہ سے سفر غربت اختیار کیا (اعلام الوریٰ)
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۳-۵-۱۶-۲۱-۲۵-
نحس اکبر تاریخیں		۱۱-۱۲-

ماہ شعبان المعظم

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	
۲	نیک	صوم ماہ رمضان ۲ھ میں فرض ہوا (تقویم المحسنین)
۳	نیک	ولادت باسعادت امام حسین علیہ السلام ہے (مصباح طوسی)۔
۴	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۶	نیک	
۷	نیک	
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	نیک	
۱۱	نیک	
۱۲	نیک	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۵	نیک	ولادت باسعادت امام عصرؑ ہے شب بھی بہترین شب ہے (بحار)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے۔
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	
۱۹	نیک	
۲۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	
۲۳	نیک	
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے ″
۲۶	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۷	نیک	
۲۸	نیک	
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۵-۱۳-۱۶-۲۱-۲۴-۲۵-
نحس اکبر تاریخیں		۴-۱۴-۲۰-۲۶-

Marfat.com

ماہ رمضان المبارک

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	روز ولیعہدی امام رضاؑ ہے شب صحف ابراہیم کا نزول ہوا (تقویم المحسنین و کافی)
۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار) نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۴	نیک	
۵	نیک	نحس اصغر ہے (بحار) ۲۰۱ھ میں امام رضاؑ کے ہاتھ پر مامون نے بیعت لی (عیون)
۶	نیک	امام رضاؑ ۲۰۱ھ میں ولیعہد ہوئے نام حضرت کا سکہ جاری ہوا (تواریخ شرعیہ)
۷	نیک	امام رضاؑ کے نام وثیقہ ولیعہدی لکھا گیا (کشف الغمہ)
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	بد	روز وفات ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ ہے نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۱	نیک	
۱۲	نیک	نزول انجیل ہوا (تہذیب) جناب رسالتمآبؐ نے اصحاب میں مواخات فرمائی (تواریخ شرعیہ)
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	
۱۵	نیک	روز عید ہے ولادت با سعادت امام حسنؑ ہے (تواریخ شرعیہ)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	جنگ بدر فتح ہوئی۔ بقول مورخین اہلسنت عائشہ کا انتقال ہوا (اصابہ)
۱۸	نیک	زبور کا نزول ہوا (تہذیب)
۱۹	بد	سر مبارک امیر المومنینؑ پر ضربت لگی، روز مصیبت ہے (بحار)
۲۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین) مکہ فتح ہوا امیر المومنینؑ نے بت شکنی کی مگر روز حزن ہے
۲۱	بد	امیر المومنینؑ نے رحلت کی یہ نحس اصغر بھی ہے (بحار)
۲۲	نیک	
۲۳	نیک	رات شب قدر ہے نزول قرآن ہوا
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار) نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۶	نیک	
۲۷	نیک	
۲۸	نیک	
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۵ - ۱۳ - ۱۶ - ۲۱ - ۲۵ -
نحس اکبر تاریخیں		۱۰ - ۲۰ - ۲۴ -

ماہ شوال المکرم

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	روز عید فطر ہے۔ پسر عاص ہلاک ہوا۔ (تواریخ شرعیہ)
۲	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۴	نیک	
۵	بد	نحس اصغر ہے (بحار) متوکل ہلاک ہوا (تاریخ الخلفا)
۶	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۷	نیک	
۸	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۹	نیک	
۱۰	نیک	
۱۱	نیک	
۱۲	نیک	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	
۱۵	بد	روز وفات امام جعفر صادقؑ ہے حضرت حمزہؑ جنگ احد میں شہید ہوئے (بحار)
۱۶	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	
۱۹	نیک	
۲۰	بد	ہارون رشید نے امام موسیٰ کاظمؑ کو مقید کیا۔ (کافی)
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	
۲۳	نیک	
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	بد	نحس اصغر ہے
۲۶	نیک	
۲۷	نیک	
۲۸	نیک	
۲۹	نیک	
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۳ - ۵ - ۱۳ - ۱۶ - ۲۱ - ۲۴ -
نحس اکبر تاریخیں		۲ - ۱۱ - ۸ -

Marfat.com

ماہ ذی القعدہ

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	
۲	نیک	
۳	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)
۴	نیک	
۵	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)
۶	بد	نحس اکبر ہے۔ (تقویم المحسنین)
۷	نیک	
۸	نیک	
۹	نیک	
۱۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۱۱	نیک	روز ولادت با سعادت جناب امام رضاؑ ہے (اعلام الوریٰ)
۱۲	نیک	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	
۱۵	نیک	
۱۶	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	
۱۹	نیک	
۲۰	نیک	
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	
۲۳	بد	روز شہادت امام رضاؑ ہے (مصباح طوسی)
۲۴	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۵	نیک	زمین بچھائی گئی کعبہ نصب ہوا۔ ابراہیمؑ و عیسیٰؑ متولد ہوئے
۲۶	نیک	
۲۷	نیک	
۲۸	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۹	بد	احتمال وفات امام محمد تقیؑ۔
۳۰	بد	احتمال وفات امام محمد تقیؑ۔ (بحار)
نحس اصغر تاریخیں		۳ - ۵ - ۱۳ - ۱۶ - ۲۱ - ۲۴ -
نحس اکبر تاریخیں		۶ - ۱۰ - ۲۸ -

ماہ ذی الحجہ

تاریخ	نیک یا بد	کیفیت
۱	نیک	حضرت ابراہیمؑ پیدا ہوئے اور اسی روز خلیل ہوئے عقد سیدہ عالم امیر المومنین
۲	نیک	
۳	نیک	توبہ آدمؑ قبول ہوئی خلیفہ اول ادائے سورہ برأت سے معزول ہوا اور
۴	بد	
۵	بد	نحس اصغر ہے۔ (بحار)
۶	نیک اور باجتماع بد	بروایت مصباح طوسی روز تزویج جناب سیدہ ہے اور بروایت کافی
۷	بد	روز وفات امام محمد باقرؑ ہے (دروس شہید اول)
۸	بد	نحس اکبر ہے۔ (تقویم المحسنین)
۹	بد	روز شہادت جناب مسلم ابن عقیل ہے۔ (بحار)
۱۰	نیک	عید اضحیٰ ہے روز قربانی و مسرت ہے۔
۱۱	نیک	
۱۲	نیک	
۱۳	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۱۴	نیک	
۱۵	نیک	
۱۶	بد	
۱۷	نیک	
۱۸	نیک	عید غدیر ہے۔ خلیفہ ثالث مقتول ہوئے۔
۱۹	نیک	شب میں رخصتی سیدۂ عالم بخانہ امیر المومنینؑ ہوئی (تحفۃ الزائر)
۲۰	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۱	بد	نحس اصغر ہے (بحار)
۲۲	نیک	جناب مختار نے ابن زیاد کو قتل کیا (مراۃ الزمان)
۲۳	نیک	
۲۴	نیک	عید مباہلہ۔ عید خاتم بخشی (جلاء العیون)
۲۵	نیک	سورہ ہل اتیٰ نازل ہوا
۲۶	نیک	خلیفہ ثانی دست ابو لؤلؤ سے زخمی ہوئے۔
۲۷	نیک	مروان آخر خلفائے بنی عباس ہلاک ہوا (تاریخ شرعیہ)
۲۸	بد	نحس اکبر ہے (تقویم المحسنین)
۲۹	نیک	بنا بر اقوال مورخین خلیفہ ثانی کا انتقال ہوا۔
۳۰	نیک	
نحس اصغر تاریخیں		۵ - ۱۳ - ۱۶ - ۲۱ -
نحس اکبر تاریخیں		۸ - ۲۰ - ۲۸ -

نقشہ ولادت و وفات حضرات معصومین علیہم السّلام

اسم مبارک	تاریخ ولادت باسعادت	تاریخ وفات حسرت آیات
جناب سرور انبیا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ	۱۷ ہفدہم ماہ ربیع الاولی سنہ ۱ عام الفیل	۲۸ بست و ہشتم ماہ صفر سنہ ۱۱ ہجری
جناب امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ السلام	۱۳ سیزدہم ماہ رجب سنہ ۳۰ عام الفیل	۲۱ بست و یکم ماہ رمضان سنہ ۴۰ ہجری
جناب سیدہ فاطمۃ زہرا سلام اللہ علیہا	۲۰ بستم جمادی الاخریٰ سنہ ۵ بعثت	۳ سوم جمادی الاخریٰ سنہ ۱۱ ہجری
جناب امام حسن علیہ السلام	۱۵ پانزدہم ماہ رمضان سنہ ۳ ہجری	۲۸ بست و ہشتم ماہ صفر سنہ ۵۰ ہجری
جناب امام حسین علیہ السلام	۳ سوم شعبان سنہ ۴ ہجری	۱۰ دہم ماہ محرم الحرام سنہ ۶۱ ہجری
جناب امام زین العابدین علیہ السلام	۱۵ پانزدہم جمادی الاولی سنہ ۳۸ ہجری	۲۵ بست و پنجم ماہ محرم سنہ ۹۵ ہجری
جناب امام محمد باقر علیہ السلام	۱ یکم رجب سنہ ۵۷ ہجری	۷ ہفتم ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۱۴ ہجری
جناب امام جعفر صادق علیہ السلام	۱۷ ہفدہم ماہ ربیع الاولی سنہ ۸۳ ہجری	۱۵ پانزدہم ماہ شوال سنہ ۱۴۸ ہجری
جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام	۷ ہفتم ماہ صفر سنہ ۱۲۸ ہجری	۲۵ بست و پنجم ماہ رجب سنہ ۱۸۳ ہجری
جناب امام رضا علیہ السلام	۱۱ یازدہم ماہ ذی القعدہ سنہ ۱۵۳ ہجری	۲۳ بست و سوم ماہ ذی القعدہ سنہ ۲۰۳ ہجری
جناب امام محمد تقی علیہ السلام	۱۰ دہم ماہ رجب سنہ ۱۹۵ ہجری	آخر ذی القعدہ سنہ ۲۲۰ ہجری
جناب امام علی نقی علیہ السلام	۵ پنجم ماہ رجب سنہ ۲۱۴ ہجری	۳ سوم ماہ رجب سنہ ۲۵۴ ہجری
جناب امام حسن عسکری علیہ السلام	۱۰ دہم ماہ ربیع الآخر سنہ ۲۳۲ ہجری	۸ ہشتم ماہ ربیع الاولی سنہ ۲۶۰ ہجری
جناب امام عصر عجل اللہ فرجہ	۱۵ پانزدہم ماہ شعبان سنہ ۲۵۶ ہجری	اطال اللہ بقاءہ

Marfat.com

آغاز باب پندرھوان

باب پندرھوان فضیلت روزہ واعمال ماہ رجب وعمل اُمّ داؤد مین

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی ایک روز اول ماہ رجب یا درمیان یا آخر مین روزہ رکھے سب گناہ گذشتہ اسکے بخشے جائینگے اور جو کوئی تین دن اول یا درمیان یا آخر ماہ رجب مین روزہ رکھے سب گناہ گذشتہ وآیندہ اسکے بخشے جائینگے اور جو کوئی ایک رات اس مہینے مین شب بیداری کرے حقتعالے اسکو آتش جہنم سے آزاد کریگا اور قبول کریگا شفاعت اسکی ستر مرد گنہگار کے لیے اور جو شخص اس مہینے مین تصدق کرے برائے خوشنودی خدا عطا کریگا خداوند تعالی بہشت مین اسکو نعمات بہشت کہ جو کسی آنکھ نے نہ دیکھے ہون اور کسی کان نے نہ سنے ہون اور کسی دل مین ان کا خطور نہوا ہو اور راضی اور خوشنود ہوگا اس سے اور اسکے دشمنون کو راضی کریگا قیامت مین اور جو کوئی سات دن روزہ رکھے جب مریگا تو سات دروازے آسمان کے اسکی روح کے لیے کھل جائینگے تا ملکوت اعلی مین پہونچے اور جو کوئی آٹھ دن روزہ رکھے تو آٹھ دروازے بہشت کے دروازے اسکے کھل جائینگے اور جو کوئی پندرہ دن روزے رکھے جو حاجت کہ خدا سے طلب کریگا خدا برلائیگا مگر لازم ہو کہ سوال متعلق گناہ یا قطع رحم کے نہو اور جو کوئی تمام ماہ رجب مین روزہ رکھے تو گناہون سے باہر آویگا مثل اس دن کے کہ مان کے پیٹ سے پیدا ہوا اور آتش جہنم سے آزاد ہو کر داخل بہشت ہوگا ساتھ نیکو کارون کے اور جو شخص ماہ رجب مین تین دن جمعرات وجمعہ وہفتہ متواتر روزے رکھے تو ثواب عبادت نو برس کا لکھا جائیگا اور منقول ہو کہ جب چاند رجب کا دیکھے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

وارد ہو کہ شب اول اور درمیان وآخر غسل کرے اور شب اول وروز اول زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام کی پڑھے کہ بہشت واجب ہوگی اور شب اول بیداری کرے ساتھ تلاوت قرآن ودعا ونماز کے اور بیس رکعت نماز وارد ہے کہ اس شب مین پڑھے ہر دو رکعت بیک سلام اور ہر رکعت مین بعد الحمد کے قل ہو اللہ پڑھے کہ بلاہاے دنیا وآخرت سے بے دہشت ہوگا اور بعد نماز عشا شب اول یہ دعا منقول ہو اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ مَلِيْكٌ وَاَنَّكَ

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرٌ وَاَنْتَ مَا تَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ یَّکُنْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ اِلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکَ لِیُنْجِحَ بِکَ طَلِبَتِیْ اَللّٰھُمَّ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ وَبِالْاَئِمَّۃِ مِنْ اَھْلِ بَیْتِہٖ اَنْجِحْ طَلِبَتِیْ پس حاجت اپنی طلب کرے خدا سے اور ہر شب اس مہینے مین ہزار مرتبہ کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور منقول ہے کہ جو کوئی تمام ماہ رجب مین ہزار بار کہے تو سو ہزار حسنے اسکے واسطے لکھے جائینگے اور خدا بہشت مین اسکے لیے ایک گھر بنا کریگا اور تمام ماہ مین ہزار بار سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھے اور وارد ہوا ہے اگر تمام ماہ مین یہ استغفار چار سو بار پڑھے بڑی فضیلت ہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ اور ہر صبح و شام اس ماہ مین بلکہ تمام سال ستر مرتبہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پس ہاتھ طرف آسمان کے اُٹھائے اور کہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اور سنت ہے کہ ہر روز ماہ رجب مین یہ دعا پڑھے اور بروایت سید ابن طاؤس ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دعا جامع ترین دعا ہے اور ہر وقت پڑھ سکتا ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ صَبْرَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ وَعَمَلَ الْخَائِفِیْنَ مِنْکَ وَیَقِیْنَ الْعَابِدِیْنَ لَکَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ وَاَنَا عَبْدُکَ الْبَائِسُ الْفَقِیْرُ وَاَنْتَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ وَاَنَا الْعَبْدُ الذَّلِیْلُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَامْنُنْ بِغِنَاکَ عَلٰی فَقْرِیْ وَبِحِلْمِکَ عَلٰی جَھْلِیْ وَبِقُوَّتِکَ عَلٰی ضَعْفِیْ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الْاَوْصِیَآءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَاکْفِنِیْ مَا اَھَمَّنِیْ مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ وارد ہے کہ ہر روز ماہ رجب مین یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِالْمَوْلُوْدَیْنِ فِیْ رَجَبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ نِ الثَّانِیْ وَابْنِہٖ عَلِیِّ بْنِ مُحَمَّدِ نِ الْمُنْتَجَبِ وَاَتَقَرَّبُ بِھِمَا اِلَیْکَ خَیْرَ الْقُرَبِ یَا مَنْ اِلَیْہِ الْمَعْرُوْفُ طُلِبَ وَفِیْمَا لَدَیْہِ رُغِبَ اَسْئَلُکَ سُؤَالَ مُعْتَرِفٍ مُّذْنِبٍ قَدْ اَوْبَقَتْہُ ذُنُوْبُہٗ وَاَوْثَقَتْہُ عُیُوْبُہٗ فَطَالَ عَلَی الْخَطَایَا دُؤُوْبُہٗ وَمِنَ الرَّزَایَا خُطُوْبُہٗ یَسْئَلُکَ التَّوْبَۃَ وَحُسْنَ الْاَوْبَۃِ وَالنُّزُوْعَ عَنِ الْحَوْبَۃِ

بیان ہر روز ماہ رجب

دعا ہر روزہ

الی النّار فکاک رقبتہٖ والعفو عمّا فی رقبتہٖ فانت یا مولای اعظم املہٖ وثقتہٖ اللّھم
اسئلک بمسائلک الشریفۃ ووسائلک المنیفۃ ان تتغمّدنی فی ھذا الشھر برحمۃٍ منک
واسعۃٍ ونعمۃٍ وازعۃٍ ونفسٍ بما رزقتھا قانعۃٍ الی نزول الحافرۃ ومحلّ الاٰخرۃ وما
ھی الیہ صائرۃ۔ وارد ہی کہ اگر ماہ رجب کے روزے رکھنا دشوار ہون یا عاجز ہووے تو
بدل روزہ مستحب یہ ہے کہ ایک درم تصدق کرے یا ایک مد گندم یا جو دیوے ایک روایت
مین ہے خصوص روزہ ماہ رجب مین ایک روٹی وارد ہی اگر روزہ رکھنے پر قادر نہو اور کہا ہی جو کہ
پریشان حال ہو مدد و درم ندے سکے تو آنحضرت سے وارد ہی کہ ہر روز سو مرتبہ یہ تسبیحات پڑھے
تا ثواب روزہ پاوے سبحان الالٰہ الجلیل سبحان من لا ینبغی التسبیح الّا لہٗ
سبحان الاعزّ الاکرم سبحان من لبس العزّ وھو لہٗ اھلٌ اور منقول ہی جو شخص کہ ہر شب
یا روز ماہ رجب و ماہ شعبان و ماہ رمضان مین ہر ایک یہ سورہ و آیات تین بار پڑھے الحمد اور آیۃ الکرسی اور
انا انزلناہ اور قل ہو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور
سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الّا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوّۃ الّا باللہ
العلیّ العظیم اور تین مرتبہ کہے اللّھمّ صلّ علیٰ محمّدٍ واٰل محمّدٍ اور تین مرتبہ کہے
اللّھمّ اغفر للمؤمنین والمؤمنات اور چار سو مرتبہ استغفر اللہ ربّی واتوب الیہ
کہے تو حقتعالی گناہ اسکے بخشیگا اگرچہ بعدد قطرہ ہاے باران اور برگ درختان و کف دریا کے
ہون اور بروز عید حقتعالی اسکو ندا کریگا تحقیق کہ تو دوست میرا ہے اور عوض ہر حرف کے
شفاعت تیری قبول کرونگا حق مین برادران و خواہران مومن تیرے کے فرمایا اگر عمر مین
ایکبار یہ عمل بجا لاوے اللہ تعالی ہر حرف کے عوض ستر ہزار حسنہ اسکو عطا کریگا کہ ہر حسنہ
جمیع کوہ ہاے دنیا سے سنگین تر ہوگا اور سات سو حاجت اسکی وقت مردن اور سات سو حاجت اسکی
وقت باہر لانے قبر کے اور پرداز کرنے نامہ ہاے اعمال کے اور وقت وزن کرنے اعمال کے
میزان مین اور نزدیک صراط کے بر لاویگا اور سایہ عرش مین جگہ دیگا اور بآسانی حساب کرے گا

Marfat.com

اور ستر ہزار ملک استقبال و ہمراہی اسکی کرینگے تا داخل بہشت ہووے اور اسکو وہ عطا کریگا کہ کسی آنکھ نے ندیکھا ہو اور کسی کان نے نہ سنا ہو **ثواب و طریق نماز جناب سلمان** وارد ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اے سلمان تو بھی میرے اہل بیت مین سے ہے پھر فرمایا جو مرد مومن و مومنہ ماہ رجب مین تیس رکعت نماز پڑھے ہر رکعت مین ایک مرتبہ الحمد اور تین مرتبہ سورہ قل ہو اللہ اور تین مرتبہ قل یا ایہا الکافرون پڑھے البتہ حق تعالی محو کریگا نامہ اعمال سے اسکے ہر گناہ کہ خردی و بزرگی مین کیے ہون اور خدا عطا کریگا اسکو ثواب اسکا جسنے تمام ماہ رجب کا روزہ رکھا ہو اور تا سال آیندہ حق تعالی اسکو نمازگزارون مین لکھے گا اور ہر دن مین ثواب ایک شہید کا شہدائے بدر سے اسکے لیے آسمان پر لیجاتے ہین اور ہر روزہ رکھنے مین عبادت یک سالہ نامہ اعمال مین اسکے لکھتے ہین اور ہزار درجہ بہشت مین اسکے لیے بلند کرتے ہین اگر تمام مہینے روزہ رکھے خدا اسکو آتش جہنم سے نجات دیگا اور بہشت اسکے لیے واجب کرتا ہے فرمایا یہ نماز علامت درمیان تمھارے اور منافقون کے ہے اسواسطے کہ یہ نماز منافق نہین پڑھتے ہین پس طریق یہ ہے کہ روز اول ماہ رجب مین دس رکعت بجالاوے دو دو رکعت کرکے اور جو سورے اوپر مذکور ہوے پڑھے اور بعد ہر سلام کے ہاتھ طرف آسمان کے بلند کرکے کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ وَبِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ پس ہاتھ اپنے منہ پر کھینچے اور اسی طرح روز پانزدہم بھی دس رکعت نماز بجالاوے بعد ہر سلام کے ہاتھ اٹھا کے کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوْتُ وَبِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اِلٰھًا وَاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا پس ہاتھون کو منہ پر اپنے کھینچے اور روز آخر ماہ اسی طرح دس رکعت پڑھے اور بعد ہر سلام کے ہاتھ اٹھاوے اور کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ

پھر دس مرتبہ سورہ الحمد پڑھے پھر دس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ کہے پھر بارہ مرتبہ کہے یَا مُفَتِّحُ مَفَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُدَبِّرُ دَبِّرْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ بعد اسکے دعائے صحیفہ کاملہ یَا مُنْتَهٰی مَطْلَبِ الْحَاجَاتِ پڑھے اور یہ دعا صحیفہ کاملہ مین مذکور ہی جب پڑھ چکے تو خدا سے حاجت طلب کرے فوراً عطا کریگا پھر سجدہ کرے اور کہے فَضْلُکَ اٰنَسَنِیْ وَاِحْسَانُکَ دَلَّنِیْ فَاَسْئَلُکَ بِکَ وَمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَوَاتُکَ عَلَیْهِمْ اَنْ لَّا تَرُدَّنِیْ خَائِبًا بعد اسکے کچھ تصدق مستحق کو دے یہ عمل میر باقر داماد جو عالم تھے اُن سے لکھے گئے ہین

عمل اسم جلالہ

فوائد اسم جلالہ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاسِعُ

[1] یہ فقرہ (یعنی بنبوتک یا محمد) الحاقی ہے ۱۲

Marfat.com

جو پندرہ ہزار بار تا چالیس روز بصدق دل پڑھے تمام لوگ مسخر اسکے ہونگے اور اگر کوئی تنگدستی کے سبب سے حقیر و بے اعتبار ہو تو اسم مذکور تا بیس روز ہر روز پندرہ بار بعد نماز صبح پڑھے تو انگر ہوگا بزرگی ایسی پائیگا جو اسے دیکھے دوست رکھیگا اور اگر چاہے مرتبہ عالی ہو اور لوگ مطیع اور منقاد ہون یہ اسم مبارک مذکور ستر دن پڑھے ہر روز ستر ہزار بار اور اگر عظمت و جلال چاہے کہ ہمیشہ رہے تغیر و تبدل نہو پس ہفت جوش کا تعویذ و انگوٹھی بنوائے بوقت ساعت مشتری اسم مذکور اس تعویذ پر کھدواکر انگوٹھی بازو پر باندھے مجرب ہے کتاب بحر العیون سے لکھا گیا ہے

باب تیسرا بیان تسخیر و محبت وغیرہ مین

ہرگاہ زوجہ تابعدار نہو سورۂ زخرف لکھکر دھوکر پلادے فرمان بردار ہو گی دیگر جو کہ بروز جمعہ ہزار بار شیرینی پر اَلْوَدُوْدُ پڑھے اور جسے کھلادے محبت ہو گی اور واسطے محبت زن و شوہر کے کھانے پر پڑھکر کھلادے دیگر برائے عزت درمیان عزیز و اقارب ہمچشمون کے بعد نماز صبح ننانوے بار پڑھے اَلْمَجِیْدُ دیگر ہرگاہ زن و شوہر مین نااتفاقی ہو اَلْمَانِعُ بہت کہے تو موافقت ہو گی دیگر واسطے تسخیر اور برآنے مطالب شرعیہ کے انیس العابدین مین ہو کہ یہ دعا لکھکر داہنے ہاتھ مین باندھے جسکے پاس جاوے حاجت روا ہو گی بسم اللہ الرحمن الرحیم اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰہُ یَا احد یا واحد یا نور یا صمد یا من ملات ارکان السموات والارض اسئلك ان تسخر لی قلب فلان بن فلان کما سخرت الحیۃ لموسی علیہ السلام و اسئلك ان تسخر لی قلبہ کما سخرت لسلیمان جنودہ من الجن والانس والطیر فھم یوزعون و اسئلك ان تلین لی قلبہ کما الینت الحدید لداؤد عَلَیْہِ السلام وان تذلل لی قلبہ کما ذللت نور القمر لنور الشمس یا اللہ ھو عبدك وابن امتك وانا عبدك وابن امتك اخذت بقدمیہ و بناصیتہ فسخر حتی تقضی حاجتی ھذہ وما ارید انك علی کل شیئ قدیر و ھو علی ما ھو فیما ھو لا الہ الا ھو الحی القیوم وصلی اللہ علی محمد و الہ اجمعین الطیبین

ہر ایک ضرورت میں کام آنے والا

Marfat.com

الطّاھِرِین دیگر برائے فتح اور کشادگی کامون کے اور محفوظ رہنے تمام بلاؤن سے جامع القرآن مین وارد ہے کہ نقش بسم اللہ کو یون شرف آفتاب مین بھرے پاس اپنے رکھے کرکے اور ہمیشہ باطہارت رہے مجرب ہے دیگر برائے حاجت

عمل بسم اللہ برائے حاجت

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	الله	بسم
الله	بسم	الرحیم	الرحمن
الرحمن	الرحیم	بسم	الله

و دفع شدت اسطرح پڑھے کہ خلوت مین رو بقبلہ بیٹھے بات نکرے اور اول و آخر درود پڑھے اور ہزار مرتبہ کہے یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا صَاحِبَ الْمَرْئِیِّ وَالْمَسْمَعِ اَغِثْنِیْ بِحَقِّ اٰلِ طٰهٰ وَیٰسٓ اور بعد اسکے سو مرتبہ کہے اِدْفَعِ الْعَظِیْمَ بِالْعَظِیْمِ وَاَنْتَ اَعْظَمُ مِنْ کُلِّ عَظِیْمٍ پس حاجت طلب کرے خدا سے وہ شدت براحت مبدل ہوگی دیگر برائے دفع نسیان و قوت حافظہ روزہ رکھنا قرآن پڑھنا اور آیۃ الکرسی پڑھنا مسواک کرنا دیگر برائے زبان بندی و جاہ و منصب و محبت و وسعت ہزار و یکبار پڑھے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ دیگر برائے ادائے قرض و برآمدن مراد کلی و جزئی و رہائی قیدی و دفع دشمن و مرض و حزن و اندوہ یہ آیہ کریمہ ستر ہزار بار پڑھے ہر روز ہزار بار سے کمتر نہ پڑھے زیادہ بہتر ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ دیگر جو کہ ہر روز ہزار بار الرَّحْمٰنُ پڑھے جو شخص اسے دیکھیگا دوست و عزیز رکھیگا دیگر وارد ہے جو قیدی ان کلمات کو پڑھے حق تعالی جلد نجات دیگا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ دیگر اگر کوئی شخص قید مین اس دعا کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے چند روز مین رہائی پاوے یَا مَنْ کَفَانِیْ مِنْ خَلْقِہٖ جَمِیْعًا وَلَمْ یَکْفِنِیْ مِنْ خَلْقِہٖ اَحَدٌ سِوَاہُ یَا اَحَدُ مَنْ لَّا اَحَدَ لَہٗ اِنْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْکَ یَا اَللّٰہُ فَاَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ دیگر ان کلمات کو قید مین پڑھے انشاء اللہ تعالی جلد رہائی ہوجائیگی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ وَالْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ دیگر جو شخص قید مین سورہ طور یا سورہ انفطار یا سورہ انا انزلناہ کو بہت پڑھے انشاء اللہ تعالی بہت جلد قید سے رہائی پاوے

برائے دفع نسیان

برائے زبان بندی برائے ادائے قرض و رہائی قیدی برائے دوستی برائے نجات قیدی

Marfat.com

باب چوتھا بیان مین دفع ظلم و آمدن گمشدہ وغیرہ کے

ہرگاہ کوئی غائب ہو کہ خبر اسکی نہ آئی ہو تو بعد نصف شب کے اٹھکر گوشہ خانہ مین کھڑا ہو اور متوجہ تمام ستر مرتبہ کہے یَا مُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ فُلَانًا اسی ہفتہ مین خدا چاہے تو خبر آویگی دیگر برائے غائب و گمشدہ چار گوشہ کاغذ پر اَلشَّهِیْدُ الْحَقُّ لکھے اور نام اسکا درمیان کاغذ لکھے اور نصف شب زیر آسمان آکر اس لکھے کو دیکھے اور ستر مرتبہ یہی اسم کہے البتہ پیدا ہوگا دیگر ہرگاہ انسان یا کوئی چیز کھو جائے اور چاہے کہ ہاتھ آوے پس یہ دعا پڑھے یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ نام اس چیز کا لیوے جو کھو گئی ہو اللہ تعالیٰ بسلامت پہونچا دیگا دیگر ہرگاہ کوئی بھاگ گیا ہو یا غائب ہو اسکے پھر آنے کے لیے اس دعا کو لکھے اَللّٰهُمَّ اِنَّ السَّمَآءَ سَمَآؤُكَ وَالْاَرْضَ اَرْضُكَ وَالْبَرَّ بَرُّكَ وَالْبَحْرَ بَحْرُكَ وما بینهما فی الدنیا والاخرة لك فاجعل الارض بما رحبت علی فلان بن فلان اضیق من مسك جل وخذ بسمعه وبصره وقلبه اوكظلمات فی بحر لجی یغشاه موج من فوقه موج من فوقه سحاب ظلمات بعضها فوق بعض اذا اخرج یده لم یكد یرىها ومن لم یجعل الله له نورا فما له من نور اور گرد اس دعا کے آیۃ الکرسی لکھے اور تین دن ہوا مین لٹکا دے پھر اس جگہ دفن کر دے جہان وہ سوتا تھا دیگر مکارم الاخلاق مین لکھا ہے کہ جب کوئی شخص بھاگ جاوے تو اس دعا کو لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَدُ اسکے آگے نام اسکا لکھے مَغْلُوْلَةٌ اِلٰی عُنُقِهٖ اِذَا اَخْرَجَهَا لَمْ یَكَدْ یَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ بعدہ اس تعویذ کو لپیٹ کر لکڑی کی دو کھپچیون مین رکھکر جس گھر مین وہ رہتا تھا اسکے کسی گوشہ تاریک مین رکھکر سنگ گران کے تلے دبا دے دیگر جو کہ سفر مین بہت کہے اَلنَّافِعُ اور کشتی پر دس ہزار بار کہے تو بخطر ہوگا اور جو طبیب اسکی مداومت کرے تو اسکے ہاتھ سے بہت بیمار اچھے ہونگے اور وقت خرید و فروخت بہت کہے تو نفع پاویگا دیگر جو کہ دشمن کو دفع نہ کر سکے اور چاہے کہ اسپر غالب آوے ہزار گولی آٹے کی بنا دے اور ہر گولی پر ایک بار یَا قَوِیُّ کہے اور مرغ یا پرند کو کھلاوے شر دشمن سے محفوظ رہے گا دیگر ہرگاہ

Marfat.com

کوئی دشمن آزار پہونچاوے پس شب تاریک مین سجدہ خاک پر کرے اور سو مرتبہ کہے
مُذِلَّ الْجَبَّارِيْنَ وَيَا مُبِيْرَ الظَّالِمِيْنَ اِنَّ فُلَانًا اَذَلَّنِيْ فَخُذْ لِيْ حَقِّيْ مِنْهُ دشمن
گرفتار ہوگا دیگر جو کہ نزدیک جابر و ظالم کے اسم مبارک اَلْجَبَّارُ پڑھے بہ نرمی پیش آئیگا
دیگر وارد ہے کہ اگر حاکم سے ڈرتا ہو اسکے روبرو مکرر کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ
بِهٖ شَيْئًا دیگر حاکم کے سامنے کھڑا ہوکر یہ دعا پڑھے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ دیگر حاکم کے روبرو پڑھے اَطْفَأْتُ غَضَبَكَ
يَا فُلَانُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فلان کی جگہ نام حاکم کا لیوے دیگر حضرت امام جعفر صادق
علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب حاکم کا سامنا ہو تو کہے كٓهٰيٰعٓصٓ اور ہر حرف پر اسکے ایک
ایک انگلی داہنے ہاتھ کی بند کرے بطور مٹھی باندھنے کے پھر کہے حٰمٓعٓسٓقٓ اور اسکے بھی ہر
حرف پر بائین ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کرے پھر کہے وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ
خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا پھر دونون مٹھیان اس حاکم کے منھ پر کھولدے دیگر ہرگاہ کسی امر
کا خوف رکھتا ہو پس سو آیت قرآن شریف کی جس مقام سے چاہے پڑھے اسکے بعد تین بار
کہے اَللّٰهُمَّ ادْفَعْ عَنِّيَ الْبَلَاءَ اللہ تعالے بخطر کریگا دیگر جو کہ سورہ یٰسٓ لکھکر پاس اپنے رکھے
محفوظ رہیگا شر جن سے سورہ جاثیہ مین بھی یہی خواص ہو دیگر وارد ہو دفع چشم زخم زن و اطفال
کے لیے اس دعا کا تعویذ کرین اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ وَاَسْمَآئِهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا عَآمَّةً
مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ دیگر واسطے
دفع جن و عفریت کے یہ تعویذ لکھکر باندھے اور اسی دعا کو پڑھے یہ دعا بہت مجرب ہو بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَكَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ
بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ
السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ اِلَّا
طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ دیگر وارد ہے جو سورہ یوسف یا سورہ یٰسٓ لکھکر پانی

Marfat.com

اپنے رکھے تو ضرر چشم بد اور ضرر جن سے بےخوف رہے گا دیگر واسطے باطل کرنے سحر کے بعد
نماز شب وقت سحر سات مرتبہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيكَ وَ
نَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَانًا فَلَا يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا بِآيَاتِنَا أَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُونَ
دیگر برائے رد سحر اس تعویذ کو پوست آہو پر لکھ کر اپنے پاس رکھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ
مَا شَاءَ اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُمْ بِهِ
السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ
وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا
صَاغِرِينَ دیگر برائے دفع ظالم یہ دعا پڑھے اور ہر وقت پڑھنے کے اس کا خیال کرے
اللّٰهُمَّ طُمَّهُ بِالْبَلَاءِ طَمًّا وَغُمَّهُ بِالْبَلَاءِ غَمًّا وَقُمَّهُ بِالْأَذَىٰ قَمًّا وَارْمِهِ بِيَوْمٍ
لَا مُعَادِلَ لَهُ وَسَاعَةٍ لَا مَرَدَّ لَهَا وَأَبِحْ حَرِيمَهُ وَصَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ عَلَيْهِ
وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاكْفِنِي أَمْرَهُ وَقِنِي شَرَّهُ وَاصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُ وَأَخْرِجْ قَلْبَهُ وَسُدَّ
فَاهُ عَنِّي وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ
الْقَيُّومِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ صَهٍ صَهٍ
صَهٍ صَهٍ صَهٍ صَهٍ إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ
فَهُمْ مُقْمَحُونَ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ
فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ دیگر جناب امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص یہ
دعا پڑھے اگر تمام جن وانس جمع ہوں گے اس شخص کو ضرر نہ پہنچا سکیں گے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَإِلَى اللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلَىٰ مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ
اللّٰهُمَّ إِلَيْكَ أَسْلَمْتُ نَفْسِي وَإِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِي وَإِلَيْكَ أَلْجَأْتُ ظَهْرِي وَ
إِلَيْكَ فَوَّضْتُ أَمْرِي اللّٰهُمَّ احْفَظْنِي بِحِفْظِ الْإِيمَانِ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي
وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَمِنْ تَحْتِي وَمِنْ قِبَلِي وَادْفَعْ عَنِّي بِحَوْلِ الشَّ

قُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِكَ دیگر آنحضرت سے منقول ہے کہ جسکے ذمہ بعد وسے حقوق ہون اور وہ ادا نہ کرسکتا ہو نہ انسے معاف کرا سکتا ہو تو وہ شخص یہ نماز پڑھے اللہ تعالیٰ راضی کریگا اُن کو بروز قیامت ہر چند بعد ریگ بیابان ہون اور نماز پڑھنے والا جائیگا طرف جنت کے بیجاب مانند بجلی کے اس جماعت کے ہمراہ جو پہلے داخل جنت ہوگی وہ چار رکعت یہ ہے جوقت چاہے پڑھے پہلی رکعت مین الحمد ایک بار اور قل ہو اللہ پچیس بار دوسری رکعت مین بعد الحمد قل ہو اللہ پچاس مرتبہ اور تیسری رکعت مین بعد الحمد قل ہو اللہ پچہتر بار اور چوتھی رکعت مین بعد الحمد قل ہو اللہ سو بار پڑھے دیگر آنحضرت سے منقول ہے کہ جو شخص یہ دعا پڑھے حق تعالیٰ بروز قیامت بندون کے حقوق جو اسکے ذمہ ہین اسکی طرف سے آپ ادا کریگا اور انکو اس سے راضی کریگا یَا نُوْرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ يَاغَوْثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَاجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ اَنْتَ الْمُنْزَلُ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنْ مَظَالِمَ كَثِيْرَةٍ لِعِبَادِكَ قِبَلِيْ اَللّٰهُمَّ فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِنْ عَبِيْدِكَ اَوْاَمَةٍ مِنْ اِمَائِكَ كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلِمَةٌ ظَلَمْتُهَا اِيَّاهُ فِيْ نَفْسِهٖ اَوْفِيْ عِرْضِهٖ اَوْفِيْ مَالِهٖ اَوْفِيْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ اَوْغِيْبَةٌ اِغْتَبْتُهٗ بِهَا اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهِ بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى اَوْ اَنَفَةٍ اَوْحَمِيَّةٍ اَوْرِيَاءٍ اَوْعَصَبِيَّةٍ غَائِبًا كَانَ اَوْشَاهِدًا حَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ يَدِيْ وَضَاقَ وُسْعِيْ عَنْ رَدِّهَا اِلَيْهِ وَالتَّحَلُّلِ مِنْهُ فَاَسْئَلُكَ يَامَنْ يَمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَهِيَ مُسْتَجِيْبَةٌ بِمَشِيَّتِهٖ وَمُسْرِعَةٌ اِلٰى اِرَادَتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تُرْضِيَهٗ عَنِّيْ بِمَا شِئْتَ مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ ثُمَّ هَبْهَا لِيْ مِنْ لَدُنْكَ اِنَّهٗ لَا يَنْقُصُكَ الْمَغْفِرَةُ وَلَا يَضُرُّكَ الْمَوْهِبَةُ رَبِّ اَكْرِمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَلَا تُهِنِّيْ بِذُنُوْبِيْ اِنَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ دیگر برائے قوت حافظہ و دفع نسیان سورہ حشر کو شیشہ کے پیالے پر لکھ اور آب باران سے دھو کر پیے صاحب حافظہ ہوگا

نماز رد مظالم

دعا برای رد مظالم

برای حافظہ

باب پانچوان برائے ضعف چشم برائے دفع جذام

باب پانچوان بیان مین دفع امراض وغیرہ کے

جسے ضعف چشم ہو بعد از طلوع آفتاب ہزار بار کہے اَلظَّاہِرُ روشنی زیادہ ہوگی دیگر جذام و داغ سفید اگر پڑے تو تین روزے ایام بیض یعنی تیرھوین و چودھوین و پندرھوین تاریخ کے رکھے اور بوقت افطار سو بار اَلْمَجِیْدُ کہے انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہیگا دیگر چاہیے کہ اس دعا کو صاحب جذام و برص پر پڑھے اور لکھکر باندھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰئِکَۃِ رُسُلًا اُولِیْ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ بِاسْمِ اسکے آگے نام مریض اور اسکی مان کا لکھے دیگر خاک تربت امام حسین علیہ السلام تین روز تک کھاوے اور اسکے کھانیکا طریقہ آگے مذکور ہے دیگر جو کہ اَلشَّافِیْ تین سو اکانوے بار دوا پر پڑھے مریض پیے تو صحت پاوے دیگر وارد ہے کہ جسکو سورہ حمد اور قل ہو اللہ شفا نہ بخشے تو کوئی چیز اسے شفا نہ دیگی دیگر جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے وارد ہو کہ جو شخص کسی آزار مین اپنے کو مبتلا دیکھے تو کہے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ وَاَعُوْذُ بِعِزَّتِہٖ وَقُدْرَتِہٖ عَلٰی مَا یَشَاءُ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ دیگر برائے دفع آزار چشم و ضعف بصر یہ دعا پڑھے اُعِیْذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُطْفَأُ اور ہاتھ آنکھوں پر ملے دیگر آیۃ الکرسی پڑھے ہرگاہ آنکھوں مین آشوب ہو دیگر انیس مرتبہ اَلْحَیُّ پڑھے پانی پر اور اس سے آنکھین دھو ڈالے آشوب دفع ہوگا دیگر ہرگاہ سورہ فصّلت لکھے اور آب باران سے دھووے اور اسی پانی سے سرمہ پیسے اور وہ سرمہ آنکھون مین لگاوے سرخی و سفیدی اور جو درد و آزار ہو دفع ہوگا دیگر برائے حفاظت و صحت چشم ہر روز کہے فَجَعَلْنَاہُ سَمِیْعًا بَصِیْرًا دیگر راوی کہتا ہو میری آنکھ سے دکھائی نہ دیتا تھا ایک شب مین نے جناب امیر علیہ السلام کو خواب مین دیکھا آپنے فرمایا عناب کو باریک پیسکے آنکھ مین لگا جب لگایا مین نے بینا ہوگیا دیگر وارد ہے کہ کلونجی مین شفا ہے ہر درد سے سواے موت کے دیگر اسپند مین شفا بہتر درد و مرض کی ہے پس

Marfat.com

عادت کرد اسپند کی فرمایا جس گھر مین اسپند ہوگا اس سے شیطان ...
دیگر برائے دفع بواسیر سورہ یٰس شہد سے لکھکر پانی سے دھوکر پیے دیگر برائے دفع ...
سترہ دن تک شام ایکبار صبح ایکبار سورہ الم نشرح پڑھے دیگر برائے کنٹھ مالا اس مقام پر
ہاتھ رکھکر پڑھے یَا رَءُوفُ یَا رَحِیمُ یَا رَبِّ یَا سَیِّدِی دیگر اگر لڑکا سوتے مین چیا...
کرتا ہو یہ دعا پوست آہو پر لکھکر باندھے ھف ھف ھد ھد ھف ھدنا ھا...
ھات انالہ کف کف ھف ھففف مہم سعر لم قل ھو اللہ
احد الغالب من حیث یستحسر العد وابلیس شیخ لبنی ادم کما الذی
سجد لادم الملائکۃ باذن اللہ انہ کریمۃ بنت کریمۃ ولد جہان نام
مریض اور اسکے باپ کا لکھے ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ شد دت بسور ۵ بسور ۵ صفہ صفہ
حتمت بخاتم سلیمان بن داؤد اللہ رب العلمین دیگر برائے دفع حبس بول
وارد ہے کہ اسپر قرآن بہت پڑھے اسکی برکت سے شفا پائے گا دیگر ہرگاہ قے بہت آتی
ہو جب سورہ الطارق پانی پر پڑھکے پیے تو بے خوف ہوگا دیگر ہرگاہ سورہ والشمس
لکھکر دھوکر پیے پیچش دفع ہوگی دیگر برائے درد شقیقہ و درد نیم سر وارد ہے کہ یہ دعا کاغذ پر
لکھکر مقام درد پر لگا دے اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰہٍ استحد ثناہ ولا برب یبید
ذکرہ ولا معک شرکاء یقضون معک ولا کان قبلک الہ ندعوہ ونتعوذبہ
ونتضرع الیک وندعک ولا اعانک علی خلقنا من احد فنشک فیک لا الٰہ
الا انت وحدک لا شریک لک عاف نام مریض اور ماں کا لکھدے وصلی اللہ
علی محمد وال محمد علیہم السلام دیگر جس مومن کو تپ آتی ہو یہ دعا لکھکر
باندھدے تپ اسکی دفع ہوگی ولہ ما سکن فی اللیل والنہار وھو السمیع العلیم
یا ام ملدم ان کنت امنت باللہ العظیم ورسولہ الکریم فلا تھشمی العظم
ولا تاکلی اللحم ولا تشربی الدم اخرجی من حامل کتابی ھذا الی من لا یومن باللہ

برائے دفع بواسیر ... برائے کنٹھ مالا ... برائے دفع ڈر لڑکا در خواب
برائے دفع حبس بول ... برائے دفع قے ... برائے دفع پیچش ... برائے درد شقیقہ و درد نیم سر ... برائے دفع تپ

Marfat.com

العظیم و رسولہ الکریم وآل محمد وعلی وفاطمۃ والحسن والحسین علیہم السلام
دیگر آیۃ الکرسی برتن پر لکھ کے پاک پانی سے دھوکر پیے تو تپ زائل ہوگی دیگر ہرگاہ
سورہ والعصر اسپر پڑھے جسکو تپ آتی ہو زائل ہوگی دیگر سورۂ مجادلہ جو مریض پر پڑھا
جاوے شدت واضطراب اسکا دفع ہوگا دیگر وارد ہی ہرگاہ سورۂ حمد ستر مرتبہ مردے
پر پڑھے عجب نہین کہ زندہ ہو دیگر ہرگاہ سورہ قصص پاکیزہ ظرف پر لکھے اور آب باران
سے دھوکر پیے تو مرض دفع ہوگا دیگر براے دفع تپ تین ٹکڑے کاغذ باریک پر بقلم باریک
لکھے کہ نہ پڑھ سکے بِسْمِ اللّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ وَالنُّوْرِ اور گولی بناکر ہر روز نہار ایک
کھاوے مجرب ہی دیگر وارد ہی کہ سورۂ عنکبوت لکھکر دھوکر پیے جسکو تپ ربع یا کوئی درد
ہو دفع ہوگا دیگر براے مرگی مصباح مین وارد ہی تھوڑے پانی پر سورۂ حمد اور قل اعوذ
برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے اور اس پانی کو سر اور منھ پر صاحب صرع کے
چھڑک دے دیگر سورہ رحمن کو لکھکر صرع والے کے پاس رکھے صرع دفع ہوگی دیگر ہرگاہ سورۂ
واللیل کان مین مرگی والے کے پڑھ دے تو جلد ہوش مین آئیگا دیگر ہرگاہ درد قولنج یا فالج
یا اور درد ہو مقام درد پر ہاتھ رکھکر پڑھے دفع ہو سورۂ حمد و معوذتین وقل ہو اللہ بعد اسکے
یہ دعا شانہ یا کسی تختی پر لکھکر آب باران سے دھوکر نہار منھ مریض کو پلا دے پھر سورہے
دعا یہ ہو اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَعِزَّتِهِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَقُدْرَتِهِ الَّتِیْ لَا یَمْتَنِعُ مِنْهَا شَیْءٌ
مِنْ شَرِّ هٰذَا الْوَجَعِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِیْهِ وَمِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْهُ دیگر ہرگاہ درد سر ہو مقام
درد پر ہاتھ رکھکر سات بار کہے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ سَکَنَ لَهٗ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا
فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ دیگر واسطے دفع ہونے درد سر
کے ہاتھ سے ماتھے کو پکڑ لے اور سورۂ حمد اور قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ
برب الناس پڑھے اور ہاتھ منھ پر ملے دیگر سورۂ نون والقلم کو لکھکر سر پر باندھے
درد سر زائل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ

براے دفع صرع [illegible] تپ

براے دفع درد

براے دفع درد سر

باب چھٹا بیان مین فوائد آب نیسان وعمل گندم و گوسفند و کبوتر وغیرہ ضروریات

فوائد آب نیسان مہج الدعوات مین وارد ہو فرمایا رسول صلعم نے لو پانی مینھ کا بعد تیس دن
نوروز سے کسی پاک برتن مین جو وقت آسمان سے برستا ہو پرنالہ وغیرہ سے نہ لے اور پڑھے
اُسپر پڑھے الحمد و آیۃ الکرسی اور سبح اسم ربک الاعلیٰ اور چارون قل ہر ایک ستر ستر مرتبہ
اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور صلوات ہر ایک ستر مرتبہ اور سُبْحَانَ اللّٰہِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ستر مرتبہ اور انا انزلناہ سات بار یہ سب پڑھ کے
کسی شیشہ پاک مین رکھ چھوڑے جس مریض کو سات دن تک صبح و شام پے در پے پلاوے حضرت
فرماتے ہین قسم ہے ذات اقدس کی جسنے مجھے مبعوث کیا برسالت کہ جبرئیلؑ نے کہا کہ خدا تعالیٰ
نے دور کیا اس شخص کا ہر درد کہ جو بدن مین اسکے ہے جو شخص یہ پانی پیے نکالتا ہے درد رگون
سے اور ہڈیون سے اگرچہ تقدیر مین اسکی کوئی درد لوح محفوظ مین مقرر ہوا ہو مٹایا جاتا ہے اگر وہ
فرزند نرکھتا ہو یہ پانی پیے تو فرزند پیدا ہوگا اگر عورت بانجھ ہو اور پیے تو فرزند ہوگا اگر نامرد
ہو اور یہ پانی بشرط اعتقاد پیے تو قادر ہوگا مباشرت پر اگر درد سر یا درد چشم ہو تو ایک قطرہ
آنکھون مین ڈالے اور پیے اور ملے صحت ہوگی اور جڑین دانتون کی مضبوط ہونگی منھ
خوشبودار ہوگا بلغم کو قطع کریگا اور فالج و ریح و درد پشت و درد شکم و زکام کو دفع کریگا اور درد
معدہ و کرم و قولنج مین مبتلا نہوگا اور محتاج شاخونکا نہوگا اور ناسور و خارش و پھوڑے
و دیوانگی و جذام و سفید داغ و نکسیر و قے سے بیخطر ہوگا اندھا و بہرا و گونگا نہوگا و سوسہ
شیطان و جن سے اذیت نہوگی اور دل مین خداے تعالیٰ روشنی و الہام ڈالیگا معمور کریگا
فہم و بینائی سے آنکھ مین نزلہ نہ اتریگا بھیجے گا خدا ہزار رحمت و ہزار مغفرت دور کرے
دل سے اسکے دریغ و غیبت و خیانت و حسد و بغض و کبر و بخل و حرص و عداوت و نقص
پس جس امر کی نیت سے پیے نفع دیگا پاک کرنیوالا ہے یہ پانی ہر درد و سوا دیگر منہاج الدعوات
مین ہے کہ حقتعالیٰ نے وحی کی حضرت موسیٰ کو کہ ہرگاہ میرا بندہ بیمار ہو حکیم اسکے علاج

Marfat.com

عاجز ہون یہ دعا پڑھے یا لکھ کر دھو کر پلا دے اس مرض سے شفا پاویگا اَللّٰھُمَّ یَا
مُصَحِّحَ اَبْدَانِ الْمَلٰئِکَۃِ وَیَا خَالِقَ الْاٰدَمِیِّ صَحِیْحًا وَّمُبْتَلٰی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ✻
دعائے نور جناب سیدۂ کونین سے وارد ہے کہ صبح و شام صاحب تپ یہ دعا پڑھے یا لکھ کر
اپنے پاس رکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ نُوْرِ النُّوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ
نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ مُدَبِّرُ الْاُمُوْرِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ
النُّوْرِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ النُّوْرَ مِنَ النُّوْرِ وَاَنْزَلَ النُّوْرَ عَلَی الطُّوْرِ وَالْبَیْتِ
الْمَعْمُوْرِ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ فِیْ کِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ بِقَدَرٍ مَّقْدُوْرٍ
عَلٰی نَبِیٍّ مَّحْبُوْرٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ بِالْعِزِّ مَذْکُوْرٌ وَّبِالْفَخْرِ مَشْھُوْرٌ وَّعَلَی
السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشْکُوْرٌ وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ
الطَّاھِرِیْنَ دیگر تپ غب مین تین پتے کسی درخت کے لے اور ایک پر لکھے طیسوما
دوسرے پر اوحوما تیسرے پر ابراسوما اور تینون کو تین دفعہ کر کے پانی مین ڈالے
صحت ہو گی دیگر برائے دفع تپ لرزہ لکھ کر بازو پر باندھے بسم اللہ الرحمن الرحیم
مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لا یبغیان وجعل بینھما برزخا و
حجرا محجورا یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراھیم الا ان حزب اللہ ھم الغالبون
ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین انھم لھم المنصورون وان جندنا
لھم الغالبون دیگر جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا شہد اور زعفران لیکر تھوڑی
خاک تربت ملا کے آب باران سے حل کر کے رکھا اور شیعون کو دو کہ اپنے بیمارون کو ساتھ اسکے
دوا کرین کہ شفائے ہر درد ہے اور دوائے بزرگ ہے دیگر فرمایا ہرگاہ کوئی خوف رکھتا ہو کسی
سے یا کوئی حاجت ہو جب گھر سے جاوے تو یہ دعا پڑھ کے خاک تربت پاس اپنے رکھا
بیخطر رہیگا ہر خوف سے اور جو حاجت ہو گی بر آوے گی اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ طِیْنَۃُ قَبْرِ الْحُسَیْنِ
وَلِیِّکَ اِتَّخَذْتُھَا حِرْزًا لِّمَا اَخَافُ وَمَا لَا اَخَافُ طریق کھانے خاک شفا کا جب کوئی

برائے دفع ہر مرض
دعائے نور
برائے دفع تپ غب
برائے دفع تپ لرزہ
تعویذ جان ستان

عارضہ سخت ہو تو بقصد شفا برابر دانہ نخود کے خاک پاک لیکر ہتھیلی پر رکھے اور یہ دعا
اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ التُّرْبَۃِ الْمُبَارَکَۃِ وَرَبَّ النُّوْرِ الَّذِیْ اُنْزِلَ فِیْہِ وَرَبَّ الْجَسَدِ
الَّذِیْ سَکَنَ فِیْہِ وَرَبَّ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُوَکَّلِیْنَ بِہٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ
ھٰذَا الطِّیْنَ لِیْ اَمَانًا مِّنْ کُلِّ خَوْفٍ وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ اور اپنے مرض کا نام لیکر
دعا کرکے کھائے اور اوپر سے تھوڑا سا آب نیسان یا آب زمزم یا آب خالص پیئے پھر پڑھے
بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ رِزْقًا وَّاسِعًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ
وَّسُقْمٍ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ التُّرْبَۃِ الْمُبَارَکَۃِ وَرَبَّ
الْوَصِیِّ الَّذِیْ وَارَتْہُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ ھٰذَا الطِّیْنَ لِیْ شِفَآءً مِّنْ
کُلِّ دَآءٍ وَّاَمَانًا مِّنْ کُلِّ سُوْءٍ وَّخَوْفٍ وَّعِزًّا مِّنْ کُلِّ ذُلٍّ وَّعَافِیَۃً مِّنْ کُلِّ سُوْءٍ وَّغِنًی
مِّنْ کُلِّ فَقْرٍ عمل گوسفند منقول ہے شیخ بہاء الدین سے اگر کوئی مریض ہو کہ اچھا نہوتا ہو پس
تین گوسفند یا پانچ یا سات قیمت حلال سے خرید کریں کہ کوئی عیب نہو اور ایک ایک کو
گرد بیمار کے پھراویں اور یہ دعا اسوقت پڑھتے جاویں اَللّٰھُمَّ یَا مُنْزِلَ الشِّفَآءِ وَمُذْہِبَ
الدَّآءِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْزِلْ عَلٰی ھٰذَا الْمَرِیْضِ الشِّفَآءَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ پس انکو ذبح کرکے گوشت مستحقین کو تقسیم کریں و کھال وغیرہ بھی مستحقین کو دیں عمل گندم
حضرات ائمہ علیہم السلام سے منقول ہے جبوقت مریض اچھا نہو تو ایک صاع گندم یعنی سوا تین سیر
انگریزی سیر سے چن بنا کر بیمار اپنے سینہ پر ڈالے اور یہ دعا پڑھے بعد اسکے وہ بیمار اٹھکر بیٹھے
گیہوں کو جمع کرے پھر یہی دعا پڑھے اور چار حصہ کرکے مستحقین مومنین کو دیوے پھر یہی
دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْ اِذَا سَئَلَکَ بِہِ الْمُضْطَرُّ کَشَفْتَ
مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّمَکَّنْتَ لَہٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَہٗ خَلِیْفَتَکَ عَلٰی خَلْقِکَ اَنْ تُصَلِّیَ
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنْ عِلَّتِیْ عمل کبوتر بہترین
ترین اعمال ہے چاہیے کہ یہ دعا باریک قلم سے سفید باریک کاغذ پر لکھے اور مریض کے

عمل گوسفند

عمل گندم

عمل کبوتر

Marfat.com

مان کا اسکی لکھدے اور آٹے کی گولی مین رکھے اس دعا کو اور کبوتر صحرائی کے حلق مین
یہی دعا تین مرتبہ پڑھ کے گولی کو رکھدے اور مریض کے سر پر سے تین بار پھرا کر اُسے
چھوڑ دے کہ اڑ جاوے اور یہ عمل تین روز کرے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الطَّیْرُ فِدْیَۃٌ مِنْ
نام مریض اور اسکی مان کا لکھے لَحْمُہٗ بِلَحْمِہٖ وَدَمُہٗ بِدَمِہٖ وَعَظْمُہٗ بِعَظْمِہٖ
وَشَعْرُہٗ بِشَعْرِہٖ وَجِلْدُہٗ بِجِلْدِہٖ وَمُخُّہٗ بِمُخِّہٖ وَمُھْجَتُہٗ بِمُھْجَتِہٖ فَتَقَبَّلْ مِنْ
نام مریض مع مادر لکھے وَاشْفِہٖ سَرِیْعًا بِمُحَمَّدٍ وَاٰھْلِ بَیْتِہٖ صَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ
عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ **فائدہ** اگر مریضہ عورت ہو تو یون لکھے اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الطَّیْرُ فِدْیَۃٌ
مِنْ نام مریضہ مع مادر لَحْمُہٗ بِلَحْمِھَا وَدَمُہٗ بِدَمِھَا وَعَظْمُہٗ بِعَظْمِھَا وَشَعْرُہٗ
بِشَعْرِھَا وَجِلْدُہٗ بِجِلْدِھَا وَمُخُّہٗ بِمُخِّھَا وَمُھْجَتُہٗ بِمُھْجَتِھَا فَتَقَبَّلْ مِنْ نام مریضہ
مع مادر وَاشْفِھَا سَرِیْعًا بِمُحَمَّدٍ وَاٰھْلِ بَیْتِہٖ صَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْھِمْ
اَجْمَعِیْنَ **عمل گوسفند بہر دفع وبا** روایت ہے کہ ایک گوسفند کے کان مین سات
مرتبہ اس دعا کو پڑھین پھر ذبح کرکے پکاوین جو اسکا شوربا یا بوٹی کھاوے خدا اُسکو محفوظ
رکھیگا اور کلہ وغیرہ دفن کردین بعد بسم اللہ کے کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ یَا
مُؤْمِنُ یَا مُھَیْمِنُ یَا مُزَیِّنُ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ
اَلْاَمَانُ یَا عَالِمَ الْغَیْبِ وَالنَّجْوٰی یَا خَالِقُ یَا رَازِقُ یَا دَآئِمُ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ یَا
کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلَآءِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اجْعَلْ لِیْ فَرَجًا
وَّمَخْرَجًا اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ یَا جَبَّارُ یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ
یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا ذَا النِّعْمَۃِ السَّابِغَۃِ یَا ذَا الْکَرَامَۃِ
الظَّاھِرَۃِ یَا ذَا الْحُجَّۃِ الْبَالِغَۃِ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَلْاَمَانُ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا رَجَآءُ یَا مُرْتَجٰی یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا سَمِیْعَ الدُّعَآءِ یَا مَلِیْکًا
کَرِیْمًا یَا لَطِیْفًا لَا یُضَامُ یَا قَیُّوْمًا لَا یَنَامُ خَلِّصْنَا مِنَ الْوَبَآءِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ

Marfat.com

اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ یَا قَائِمًا لَا یَزُوْلُ اِدْفَعْ عَنَّا اَنْوَبَاءَ یَا اللّٰهُ یَا اللّٰهُ
اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَیْتِهِ الطَّاهِرِیْنَ اور یہ تعویذ بانده
باندھے بسم اللہ الرحمن الرحیم ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اللھم صل
علی محمد وآل محمد ھھ ھھ ھھ ۶۶۶۶۶۶۶ وھ ص لا للعلی

دعائے عریضہ یہ دعا لکھ کر بند کرکے مہر کرے درمیان آٹے یا پاک مٹی کے رکھدے
دریا یا نہر یا گہرے کنوین مین ڈالے کہ جناب صاحب الامر علیہ السلام کی خدمت مین پہونچتا
ہے اور وہ متکفل حاجات ہوتے ہین اور پندرھوین شعبان کو علی الصباح دریا مین ڈالنا
معمول اصحاب ہو بسم اللہ الرحمن الرحیم کتبت الیک یا مولای صلوات اللہ علیک
مستغیثا بک وشکوت ما نزل بی مستجیرا باللہ عزوجل ثم بک من امر قد دھمنی
واشغل قلبی واطال فکری وسلبنی بعض لبی وغیر خطیر نعمۃ اللہ عندی و
اسلمنی عند تخیل ورودہ الخلیل وتبرأ منی عند ترائی اقبالہ الی الحمیم و
عجزت عن دفاعہ حیلتی وخاننی فی تحملہ صبری وقوتی فلجات فیہ الیک و
توکلت وتوسلت فی المسئلۃ للہ جل ثناؤہ علیہ وعلیک فی دفاعہ عنی علما
بمکانک من اللہ رب العلمین ولی التدبیر ومالک الامور واثقابک فی
المسارعۃ فی الشفاعۃ الیہ جل ثناؤہ فی امری متیقنا لاجابتہ تبارک و
تعالی ایاک باعطاء سؤلی وانت یا مولای صلوات اللہ علیک جدیر بتحقیق
ظنی وتصدیق املی فیک فی امر جو حاجت رکھتا ہو وہ یہان لکھدے فیما لا طاقۃ
لی بحملہ ولا صبر لی علیہ وان کنت مستحقا لہ ولاضعافہ بقبیح افعالی و
تفریطی فی الواجبات التی للہ عزوجل فاغثنی یا مولای صلوات اللہ
علیک عند اللھف وقدم المسئلۃ للہ عزوجل فی امری قبل حلول التلف

دعائے عریضہ

Marfat.com

وشماتۃ الاعداء فیک بسطت النعمۃ علی واسئل اللہ جل جلالہ لی نصرا عزیزا وفتحا قریبا فیہ ببلوغ الآمال وخیر المبادی وخواتیم الاعمال والامن من المخاوف کلہا فی کل حال انہ جل ثناؤہ لما یشاء فعال لما یرید وھو حسبی و نعم الوکیل فی المبدأ والمآل ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پس جسوقت عریضہ دریا یا نہر مین ڈالنے کا ارادہ کرے بتوجہ تمام پکارے کہ یا حسین بن روح اور یہ دعا پڑھ کے عریضہ ڈالدے سَلَامٌ عَلَیْكَ اَشْھَدُ اَنَّ وَفَاتَكَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَاَنَّكَ حَیٌّ عِنْدَ اللّٰہِ مَرْزُوْقٌ وَقَدْ خَاطَبْتُكَ فِیْ حَیَاتِكَ الَّتِیْ لَكَ عِنْدَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَھٰذِہٖ رُقْعَتِیْ وَحَاجَتِیْ اِلٰی مَوْلَانَا صَاحِبِ الْعَصْرِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَسَلِّمْھَا اِلَیْہِ فَاَنْتَ الثِّقَۃُ الْاَمِیْنُ

باب ساتوان بیان مین تولد فرزند وطلب اولاد وغیرہ کے

ہرگاہ اولاد نہوتی ہو سورۂ آل عمران زعفران وگلاب سے لکھکر عورت باندھے حمل رہیگا ہرگاہ سورۂ فجر گیارہ مرتبہ پڑھ کے آلہ تناسل پر دم کرے اور زوجہ سے نزدیکی کرے اللہ تعالیٰ فرزند عطا کریگا جو عورت سات دن روزہ رکھے اور وقت افطار اکیس مرتبہ اَلْمُصَوِّرُ پانی پر پڑھ کے پیے فرزند نیک صورت سے حاملہ ہوگی مہج الدعوات مین وارد ہی ہرگاہ چاہے بیٹی نہو بیٹا ہو پس جب حمل کے چار مہینے گذر جاوین رو بقبلہ ہو کر شکم پر عورت حاملہ کے ہاتھ رکھے اور کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ قَدْ سَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا پس جب بیٹا پیدا ہو نام اسکا محمد رکھے ہرگاہ سورۂ بینہ لکھکر پانی سے دھو کر حاملہ پیے تو حمل اسکا سلامت رہیگا ہر آفت اور گرنے سے ہرگاہ کسی عورت کا حمل گر پڑتا ہو پس شہادت کی انگلی اسکے پیٹ پر پھیرا دے اور انیس بار اَلْمُبْدِئُ کہے اور جس کا رکی ابتدا مین اگر چھپن بار یہی اسم مبارک کہے تو جلد بآسانی ہوگا ہرگاہ یہ آیہ نور آہو پر لکھکر حاملہ باندھے ابتدائے حمل سے چالیس دن پاس اسکے رہے پھر کھول رکھے اور پھر نوین مہینہ کے شروع سے باندھ لے سب آفات سے وہ فرزند محفوظ رہیگا وایوب

Marfat.com

اذ نادی ربہ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین فاستجبنا لہ فکشفنا ما بہ من ضر
واتیناہ اھلہ ومثلھم معھم رحمۃ من عندنا وذکری للعابدین اگر عورت
حاملہ ہرگاہ سورہ ذاریات یا واقعہ یا انشقاق لکھکر اپنے پاس رکھے وضع حمل بآسانی ہوگا
اگر عورت کے فرزند نہوتا ہو مشک و زعفران لکھکر بازوے راست پر عورت باندھے
بحکم خدا حمل رہیگا علی علی علی علی علی علی لہ لہ لہ لہ لہ لہ الا الا الا الا الا الا
اھیا اسراھیا یا رؤف یا قدوس بعزتک یا عزیز بقدرتک یا قدوس
بجبروتک یا جبار بعظمتک یا عظیم بمنک یا منان بحلمک یا حلیم بعلمک
یا علیم بمغفرتک یا غفار برحمتک یا ارحم الراحمین بحق لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ الطاہرین یہ شکل لکھکر ران راست مین حاملہ کے باندھ
دین بآسانی وضع حمل ہوگا دیگر آسانی وضع حمل کے واسطے یہ آیات لکھکر حاملہ کی کمر مین
باندھے اور جب وضع حمل ہوچکے توفوراً کھول لیوے بسم اللہ کے
بعد لکھے اولم یر الذین کفروا ان السموات والارض کانتا رتقا
ففتقناھما وجعلنا من الماء کل شیٔ حی افلا یومنون
وایۃ لھم اللیل نسلخ منہ النہار فاذا ھم مظلمون ونفخ

اخرج نفسی من ھذا المحبس

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

فی الصور فاذا ھم من الاجداث الی ربھم ینسلون کانھم یوم یرون ما یوعدون
لم یلبثوا الا ساعۃ من نہار اور وارد ہے جسدن لڑکا پیدا ہو اگر عورت سات دانہ خرما
کھاوے تو باعث زیادتی فہم لڑکے کا ہو اور ہرگاہ جاوشیر پانی مین پیس کے دو قطرہ ناک
کے داہنے سوراخ مین اور ایک قطرہ بائین مین ڈالے اور داہنے کان مین اذان اور
بائین مین اقامت کہے تو وہ لڑکا محفوظ رہیگا ام الصبیان کے شر سے اور یہ سب فعل قبل
کاٹنے ناف کے بجالاوین ہرگاہ سورہ الحاقہ یا سورہ بلد لکھکر جب لڑکا پیدا ہو باندھ دین
بیخوف رہیگا ہر عیب سے ہرگاہ لڑکا بہت روتا ہو یہ آیات لکھکر باندھ دین رونا کم ہو

برائے آسانی وضع حمل برائے ماندن حمل

برائے آسانی وضع حمل

برائے دفع ام الصبیان

برائے گریہ طفل

Marfat.com

ہوجائے گا فضربنا علیٰ اذانھم فی الکھف سنین عددا ثم بعثناکم لنعلم ای الحزبین احصیٰ لما لبثوا امدا ورد اللہ الذین کفروا بغیظھم لم ینالوا خیرا وکفی اللہ المومنین القتال وکان اللہ قویا عزیزا فمن ھذا الحدیث تعجبون وتضحکون ولا تبکون وانتم سامدون مکارم الاخلاق مین لکھا ہو کہ یہ تعویذ لڑکے کے باندھے کہ چیچک نہ نکلیگی اور اگر دانے نکلینگے تو زیادہ نہ نکلینگے اور تکلیف نہ دینگے ہرگاہ لڑکا مٹی کھاتا ہو یہ تعویذ باندھے پھر مٹی نہ کھائیگا بسم اللہ الرحمن الرحیم ویقذفون بالغیب من مکان بعید وحیل بینھم وبین ما

قاعدہ ہندسون کے بھرنے کا یہ ہو کہ ایک سے ۱۶ تک ہوجائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ ۱	رب العلمین ۳	الرحمن ۲	الرحیم ۱۳
مالک یوم الدین ۸	ایاک ۱۰	نعبد ۱۱	وایاک ۵
نستعین ۹	اھدنا الصراط ۶	المستقیم ۷	صراط الذین ۱۲
انعمت علیھم ۴	غیر المغضوب ۱۵	علیھم ۱۴	ولا الضالین ۱۶

یشتھون کما فعل باشیاعھم من قبل انھم کانوا فی شک مریب ہرگاہ عورت کا دودھ کم ہوجاوے سورہ یسٓ یا سورہ فتح یا سورہ حجر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیے دودھ زیادہ ہوگا ہرگاہ سورہ ق لکھ کر دھوئے اور لڑکے کے منھ مین اندر سے ملدے باسانی دانت نکلینگے ہرگاہ سورہ ابراہیم سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر لڑکے کے پاس رکھے ڈرنے سے اور سب درد و دکھ سے بیخوف ہوگا ہرگاہ وقت تولد خاک تربت سے تالو لڑکے کا اٹھاوین ہر درد و بلا سے امان پائیگا لڑکا جب پیدا ہو تو غسل دے نیت کرے غسل مولود دیتے ہین ہم اسکو واسطے رضاء خدا کے اول سر دگردن پھر داہنے اور بائین طرف دھووین اور ساتوین دن نام لڑکے کا رکھین چہاردہ معصوم علیہم السلام کے نامون سے کہ موجب برکت کا ہے۔ اور عقیقہ سنت مؤکدہ ہے اگر بروقت امکان نہو تو بعد میسر ہونے کے کرے بعض علمانے واجب جانا ہے اور ساتوین دن اگر ہو تو بہتر ہے تا حد بلوغ طفل باپ پر سنت ہے اور بعد بلوغ تا آخر عمر خود پر سنت ہے اگر ساتوین دن پیش از ظہر مرجاوے عقیقہ نہین ہے اگر عقیقہ مین تاخیر کرے جبتک کہ عقیقہ نہوگا لڑکا رنج و بلا مین مبتلا رہیگا

برائے چیچک

برائے خوردن خاک

برائے زیادتی شیر

دانت آسانی سے نکلین

احکام وقت تولد

احکام عقیقہ

اونٹ یا کوسفند ہو چاہیے کہ نر ہو خواہ بیٹا ہو خواہ بیٹی اور مادہ بھی دونون کے لیے
اور بعض نے کہا بیٹے کے لیے نر ہو اور بیٹی کے لیے مادہ اونٹ ہو تو چھ برس کا یا زیادہ اور
ہو تو دو برس کا یا زیادہ اور بھیڑ سات مہینے کا ہو یا زیادہ ہو فربہ بے عیب ہو لنگڑا
کان کٹا سینگ ٹوٹا نہو اور چہارم دائی کا حق ہے جانب بائین سے اگر بے دائی جنا ہو
تو اسکی مان کو دین کہ وہ تصدق کر دے اور اگر دایہ مسلمان نہو قیمت دیوین اور عقیقہ کم سے
کم دس مومن صلحا کو دین ہر چند زیادہ کو کھلاوین تو بہتر ہے اور سنت ہے ہڈی نہ توڑین گوشت
بند بند سے جدا کرین پکا کر کھلاوین اگرچہ کچا بھی تقسیم کرین تو جائز ہے مگر واسطے روغن وغیرہ کے
کچھ نقد دیتے ہین اور مان باپ اور جنکو کہ باپ مولود کا روٹی کپڑا دیتا ہو وہ لوگ بھی نہ کھاوین
اور کلہ کھال وغیرہ تصدق کر دین اور وقت ذبح یہ دعا پڑھین بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ
هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عن نام لڑکے کا اور اسکے باپ کا لیوین پھر کہین لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا
بِدَمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا
وِقَاءً لفلان بن فلان نام فرزند اور اسکے باپ کا لیوے **فائدہ** اور اگر دختر ہو تو یون
کہے لَحْمُهَا بِلَحْمِهَا وَدَمُهَا بِدَمِهَا وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهَا وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهَا وَجِلْدُهَا
بِجِلْدِهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لفلانۃ بنت فلان نام لڑکی اور اُسکے باپ کا لے
دوسری روایت مین ہے کہ یہ دعا پڑھے يَا قَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِمَّا تُشْرِكُوْنَ اِنِّيْ وَجَّهْتُ
وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اِنَّ صَلٰوتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ
اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ پس ذبح کرے اور
بعد ذبح کرنے کے کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَتَقَبَّلْ مِنْ نام فرزند کا
اسکے باپ کا لیوے اور جسوقت عقیقہ کرین اسیوقت سر بھی منڈوا دین لکھا ہے کہ برابر
وزن سر کے بالون کے چاندی تصدق کرین **بیان ختنہ** ختنہ واجب ہے اور

دعاے عقیقہ برائے پسر

دعاے عقیقہ برائے دختر

بیان ختنہ

سنت مؤکدہ ہے اور بعد اسکے تا بلوغ بھی سنت ہے اور بعد بلوغ اپنے اوپر واجب ہے
بعضون نے کہا نزدیک بلوغ ولی طفل پر واجب ہے اور وقت ختنہ یہ دعا پڑھین۔
اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سُنَّتُكَ وَسُنَّةُ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاِتِّبَاعٌ مِّنَّا لَكَ وَ
لِكُتُبِكَ لِمَشِيَّتِكَ وَاِرَادَتِكَ وَقَضَائِكَ لِاَمْرٍ اَرَدْتَهٗ وَقَضَاءٍ حَتَمْتَهٗ وَحُكْمٍ
اَنْفَذْتَهٗ فَاَذِقْهُ حَرَّ الْحَدِيْدِ فِيْ خِتَانِهٖ وَحِجَامَتِهٖ لِاَمْرٍ اَنْتَ اَعْرَفُ بِهٖ
مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ فَطَهِّرْهُ مِنَ الذُّنُوْبِ وَزِدْ فِيْ عُمْرِهٖ وَادْفَعِ الْاٰفَاتِ عَنْ بَدَنِهٖ وَ
الْاَوْجَاعَ عَنْ جِسْمِهٖ وَزِدْهُ فِي الْغِنٰى وَادْفَعْ عَنْهُ الْفَقْرَ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَ
لَا نَعْلَمُ جان تو مدت دودھ پلانے فرزند کی دو برس ہین بے عذر اور دو برس سے
زیادہ پلانا جائز نہین ہے اور اکیس مہینے سے کمتر نہین مگر یہ کہ دایہ میسر نہو یا مقدور
نہو یا مان کو دودھ نہو یا بیمار ہو اور سنت ہی دایہ عفیفہ عاقلہ ہو اور منع فرمایا اُس دودھ کو
جو زنا سے ہو اور اس عورت کے دودھ کو جو احمق ہو و بدخلق ہو اور آنکھ مین کچھ عیب
ہو اس واسطے کہ دودھ تاثیر کرتا ہے فرزند کو صورت و سیرت مین شبیہ دایہ کی ہوتا ہی
اگر مان لڑکے کی دودھ پلانے کی اجرت مانگے باپ پر واجب ہے کہ دیوے۔

باب آٹھوان بیان مین استخارہ ولباس وفصد وغیرہ کے

طریق استخارہ ذات الرقاع جس مطلب کے لیے چاہے دیکھے تین پرچہ کاغذ پر
یہ لکھے بسم اللہ الرحمن الرحیم خیرۃ من اللہ العزیز الحکیم لفلان بن فلانۃ افعلہ
اور تین پرچہ کاغذ پر یہ لکھے بسم اللہ الرحمن الرحیم خیرۃ من اللہ العزیز الحکیم
لفلان بن فلانۃ لا تفعلہ فلان بن فلانہ کے مقام پر ہر پرچہ مین نام اپنا اور اپنی مان کا
لکھے بعدہ ہر رقعہ کو لپیٹ کے نیچے جانماز کے رکھے پھر دو رکعت نماز پڑھکے سجدہ مین
جاوے اور سو مرتبہ کہے اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ خِيَرَةً فِيْ عَافِيَةٍ پھر سجدے سے اُٹھکر
بیٹھے اور کہے اَللّٰهُمَّ خِرْ لِيْ وَاخْتَرْ لِيْ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ فِيْ يُسْرٍ مِّنْكَ وَعَافِيَةٍ

Marfat.com

پھر نیت کر کے ان رقعون کو باہم ملادے پھر ایک ایک نکالے اگر تین رقعے پے در پے افعلہ نکلین تو وہ کام ضرور کرے اگر تین پے در پے لا تفعلہ نکلین وہ کام ہرگز ہرگز نہ کرے[لف]

بیان قطع لباس و جامہ نو پوشیدن ۱۲

بیان قطع لباس اور پہننا پس چاہیے کہ پیر و جمعرات و جمعہ کے دن کپڑا قطع کرے[لط] تو مبارک ہوگا اور بدھ و جمعرات و جمعہ کے روز پہنے کہ مبارک ہوگا پس جو وقت کہ نیا کپڑا پہنے تو کورے پیالے مین تھوڑا پانی لے اور انا انزلناہ اور قل ھو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون اسپر دس دس بار پڑھ کے یہ دعا پڑھے اور پانی کو کپڑے پر چھڑک دے جبتک اس کپڑے کا تار تار بدن پر رہیگا کشائش روزی ہوگی ہر آفت سے نجات پاویگا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ ثَوْبَ یُمْنٍ وَتُقًی وَبَرَکَۃٍ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ حُسْنَ عِبَادَتِکَ وَعَمَلًا بِطَاعَتِکَ وَاَدَاءَ شُکْرِ نِعْمَتِکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِی النَّاسِ دوسری روایت مین وارد ہے تھوڑا پانی نئے پیالے مین لیکے بتیس مرتبہ انا انزلناہ پڑھ کے اس کپڑے پر چھڑکے جب پہنے تو کلمہ طیبہ پڑھے فائدہ مذکور ہوگا

احکام سر تراشیدن و فصد و شاخ ۱۲

سر تراشیدن اور ناخن لینا جمعرات اور جمعہ کے دن بہت فضیلت ہے اور فصد لینا اول ماہ سے پانزدہم تک موجب مضرت ہی اور سولھوین سے آخر ماہ تک موجب صحت اور اصلاح بدن ہے شاخ کا بھی یہی حکم ہے اور حالت اضطرار مین ناچاری ہے شاخ لگانے سے ضعف نہین ہوتا

باب نوان امور باعث فقیری

باب نوان بیان مین ان چیزون کے جنسے فقیری و توانگری ہوتی ہے

وہ چیزین کہ باعث انکے فقر و پریشانی ہوتی ہے وہ یہ ہین کہ جالا مکڑی کا گھر مین رکھنا اور حمام مین پیشاب کرنا اور حالت جنابت مین کچھ کھانا اور گز (جھاؤ ۱۲) کی لکڑی سے خلال کرنا اور کھڑے ہو کر

لف واضح ہو کہ یہ صورت استخارہ کی بطور واجب کے ہے اور اگر رقعے برابر ایک طرح کے نہ نکلین تو پانچون تک نکالے اور جس قسم کے رقعہ زیادہ ہون اسپر عمل کرے اس صورت مین استخارہ مطلق تصور ہوگا ۱۲

لط اس سے مراد بیونتنا ہے ۱۲ -

Marfat.com

نگھی کرنا اور جھاڑو و دیگر کوڑا گھر مین رکھنا اور قسم جھوٹی کھانا اور زنا کرنا اور حرص ظاہر کرنا اور سو رہنا درمیان نماز مغرب اور عشا کے اور سو رہنا بعد صبح قبل نکلنے آفتاب کے اور بہت جھوٹ بولنا اور گانا بجانا یا سُننا اور رات کو اگر کوئی سوال کرے کچھ اُسکو نہ دینا اور خرچ زیادہ اندازے سے اٹھانا اور عزیزون سے بدی کرنا اور پانی کھلا رکھنا رات کو کہ شیطان تھوکتا ہے اور وہ چیزین کہ باعث انکے تونگری ہوتی ہے وہ یہ ہین کہ نماز ظہر و عصر اور مغرب و عشا ملا کے پڑھنا اور بعد نماز صبح و عصر تعقیب پڑھنا اور احسان و نیکی کرنا عزیزون سے اور گھر کو آراستہ رکھنا جھاڑو سے اور مال اپنا برادران مومن کو تقسیم کرنا اور صبح کو واسطے تلاش روزی کے جانا اور استغفار بہت پڑھنا اور مال مردم مین خیانت نکرنا اور بات حق و سچ کہنا اور جو موذن الفاظ کہے یہ بھی کہے اور پاخانہ مین بات نہ کرنا اور طلب دنیا مین حرص نہ کرنا اور شکر کرنا اُس نعمت پر جو خدا نے دی ہے اور جھوٹ قسم سے پرہیز کرنا اور ہاتھ دھو کر کھانا کھانا اور جو دانے دسترخوان پر گرین انکا کھانا اور رات کو باوضو سونا اور جو امور کہ باعث پریشانی اوپر مذکور ہو چکے ہین انکا ترک کرنا

باب دسوان حقوق والدین و اقربا و ہمسایہ وغیرہ مین

وارد ہے کہ نیکی کرنا عزیزون سے باعث قبول اعمال و زیادتی مال و طول عمر ہے اور دفع کرتا ہے بلا کو حساب قیامت آسان کرتا ہے اور صراط سے باسانی گذریگا فرمایا جو کہ کسی عزیز کے گھر جاوے واسطے اسکے دیکھنے کے یا کچھ قسم مال سے پہونچا دے حق تعالیٰ ثواب سو شہیدون کا ہر قدم اٹھانے مین عطا کرتا ہے اور چالیس ہزار نیکی نامۂ عمل مین اسکے لکھتا ہے اور چالیس ہزار گناہ مٹاتا ہے چالیس ہزار درجے بہشت مین بلند کرتا ہے اور گویا ہے کہ سو برس عبادت خدا باخلاص بجالایا ہو اور وارد ہے حدیث مین کہ چالیس گھر ہر طرف سے ہمسایہ کے ہین جو کوئی دفع آزار کرے اُسنے خدا بروز قیامت گناہ سے اسکے درگذریگا نیک سلوک کرنا ہمسایہ سے عمر دراز کرتا ہے فرمایا صلہ رحم با برادران مومن

Marfat.com

حقوق والدین

حساب قیامت کو آسان کرتاہے گناہون سے نگاہ رکھتا ہو اور منقول ہو کہ فرمایا کوئی فرزند جزائے حق پدر و مادر ادا نہین کرسکتا مگر دو چیز ایک یہ کہ باپ غلام ہو کسی کا اسکو خرید کرکے آزاد کردے یا باپ کے ذمہ قرضہ ہو اور بیٹا اسکو ادا کردے دوسری حدیث مین فرمایا کہ جو نیکوکار ہو مان باپ سے حالت زندگی مین انکی اور بعد مرگ انکے قرض انکا ادا نہ کرے اور طلب آمرزش واسطے اُنکے نکرے تو خدا تعالیٰ اسکو عاق پدر و مادر لکھیگا اور کبھی ایسا ہوتاہے کہ فرزند حیات والدین مین عاق ہو اور بعد مرنے والدین کے قرض انکا ادا کرے اور واسطے انکے استغفار کرے پس خدا تعالیٰ اسکو نیکوکار لکھیگا فرمایا ادنے حقوق والدین سے یہ ہو کہ اُنکے منھ پر اُف نہ کہے اور انکی آواز پر اپنی آواز بلند نہ کرے اور راہ مین انکے آگے رستہ نہ چلے اور اگرچہ وہ ظلم کرین مگر یہ اُنکے لیے طلب آمرزش کرے اور اُنکے سامنے اس طور سے جائے جیسے گنہگار حاکم جابر کے سامنے جاتا ہے۔

باب گیارھوان بیان چہل حدیث مین

باب گیارھوان بیان چہل حدیث

وارد ہے جسے چالیس حدیثین یاد ہون تو بروز قیامت جاننے والا علم دین کا اٹھے گا اسواسطے چالیس حدیثین چنکر لکھین کہ ہر وقت جنکی ضرورت ہوتی ہے حدیث اول فرمایا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی کسی مومن کو خوش کرے گویا مجھے خوش کیا اُسنے جسنے مجھے خوش کیا اُسنے خدا کو خوش کیا اور فرمایا جو مومن مسکرادے مومن کو دیکھکے تو ایک حسنہ لکھا جائیگا اور مومن کو خوش کرنے مین ہزار حسنے ملینگے جو حاجت مومن کی برلائیگا اسکو بہشت ملیگا اور عزیز و آشنا کو اپنے بہشت مین داخل کریگا اگر ناصبی نہون اور فرمایا ادا کرنا مومن کی حاجت کو بہتر ہے ہزار بندے آزاد کرنے سے اور ہزار گھوڑے راہ خدا مین جنگ پر بھیجنے سے اور بہتر ہے بیس حج سے کہ ہر حج مین سو ہزار درہم خرچ کرے اور فرمایا جو کوئی راہ چلے واسطے روا کرنے حاجت برادر مسلمان اپنے کے حق تعالیٰ پچھتر ہزار ملک بھیجتا ہو کہ اسکو سایہ کرین اور ہر قدم پر نیکی لکھین اور گناہ مٹاوین درجے بلند کرین جب اسکی

Marfat.com

کارسازی سے فارغ ہووے تو ثواب حج وعمرہ نامۂ عمل مین اُسکے لکھتا ہی فرمایا جو کوئی ایک
حاجت برادر مومن کی برلاوے خدا سو حاجت اسکی برلائیگا کہ ایک انمین سے بہشت ہی فرمایا
اگر کسی مومن برہنہ کو کپڑا پہنادے حق تعالی اُسکو حلۂ جنت پہناویگا اور امان مین رکھے گا
جب تک کہ تار اسکا باقی رہیگا اور حدیث مین فرمایا جو شخص قدرت رکھتا ہو حاجت برلانے
مین مومن کی اور بر نہ لاوے حقتعالی مسلط کرتا ہے اسپر ایک سانپ کہ انگوٹھا اسکا کاٹا کرے
قبر مین قیامت تک اگر حق تعالی چاہے تو اپنی رحمت سے بخشدیوے اور فرمایا حق تعالی دوست
رکھتا ہی اپنے بندے کو کہ کپڑے اپنے پاکیزہ کرے عطر لگاوے گھر کو صاف اور آراستہ رکھے چراغ
پیش از غروب آفتاب روشن کرے تو فقر دور ہوتا ہے روزی زیادہ ہوتی ہے شکستہ حالی مین
کفران نعمت کرنے کو خدا دوست نہین رکھتا ہی فرمایا جو کہ پائجامہ کھڑے ہو کر پہنے تو تین دن تک
حاجت اسکی روا نہوگی اور قبلہ رو اور منھ طرف آدمیون کے کرکے بھی نہ پہنے کہ موجب رنج وغم ہے
منقول ہی کہ سزاوار نہین ہی کیکہ ننگا ہو کر کپڑا ران پر سے دور کرے دن ہو یا رات شیطان
نظر کرتا ہی طرف اسکے چاہتا ہی کہ معصیت مین گرفتار کرے اور فرمایا جو شخص چاہے کہ عمر اسکی
دراز ہو تو ناشتا علی الصباح کرے کفش خوب پہنے اور بالاپوش ہلکا بناوے حدیث مین وارد
ہے کہ جو شخص کفش سیاہ پہنے تو قیامت کے دن ساتھ جابرون محشور ہوگا دوسری حدیث
مین فرمایا ہی ضعف چشم پیدا کرتا ہے ذکر کو ست کرتا ہی اور موجب غم واندوہ ہی وارد ہی کہ
راوی نے پوچھا کالی ٹوپی پہنکر نماز پڑھون فرمایا کہ وہ لباس ہی اہل جہنم کا دوسری حدیث
مین فرمایا نہ پہنو وہ جامہ فرعون کا ہی اور بعضون نے مکروہ لکھا ہے لیکن تین چیز عمامہ موزہ
دعبا جائز ہی منقول ہی کہ کفش زرد پہنو جبتک وہ پانؤن مین ہوگی شاد و مسرور رہوگے
مال و فرزند پیدا ہوگا آنکھونکو جلا دیتی ہی غم کو برطرف کرتی ہے ذکر کو سخت کرتی ہے اور
حدیث مین فرمایا کہ جو شخص کفش سفید خریدے پرانی نہوگی وہ کہ مال ہاتھ اسکے آئے گا
اُس جگہ سے کہ گمان نہ رکھتا ہو وارد ہی فرمایا جو شخص انگوٹھی عقیق کی ہاتھ مین رکھے حاجت

Marfat.com

اسکی برآویگی انجام کار بخیر ہوگا اور دزد سے سفر مین بخیطر ہوگا دوسری حدیث[۱۹] مین فرمایا حرز
ہے دشمن و ہر بلا سے اور نفاق و فقر و درویشی کو برطرف کرتی ہی غم و اندوہ نہین ہوتا ہے محفوظ
رکھتی ہی ہر بدی اور حاکم ظالم سے اور حدیث[۲۰] مین فرمایا دو رکعت نماز ساتھ انگوٹھی عقیق کے
بہتر ہی ہزار رکعت سے کہ بے عقیق کے ہو خدا دوست رکھتا ہی اسکو کہ ہاتھ مین عقیق ہو اور بلند
کرے ہاتھ واسطے دعا کے اسکا ہاتھ روپیہ سے خالی نرہیگا موجب آسانی ہے ہر دشواری سے
فرمایا[۲۱] انگوٹھی زمرد کی ہاتھ مین رکھے تو ہاتھ اسکا فقیر نہین ہوتا یعنی فقر ساتھ تونگری کے بدل
ہوتا ہی فرمایا جو شخص[۲۲] انگوٹھی فیروزہ کی ہاتھ مین رکھے تو ہاتھ اسکا تنگ نہوگا دل و چشم کو
قوت دیتا ہی حاجت برآتی ہی خداے تعالیٰ فرماتا ہے کہ مین اُس سے شرم کرتا ہون جسکے
ہاتھ مین فیروزہ ہو اور طرف میرے بلند کرے واسطے دعا کے ہاتھ پس ناامید نہین
کرتا ہون مین چاہیے کہ اوپر نگینہ کے الملک للہ الواحد القہار کھدا ہوا اور نیچے
للہ الملک فرمایا نماز[۲۳] ساتھ انگوٹھی جزع یمانی کے برابر ستر نماز کے ہی اور ثواب اسکا واسطے
اسکے لکھا جاتا ہی منقول[۲۴] ہی کہ رکھنا انگوٹھی حدید کا شیاطین کو دفع کرتا ہی جسوقت حاکم ظالم
پاس جاوے تو پہن لے اگر ڈرتا ہو اسکے شر سے محفوظ رہیگا حاجت برآویگی اگر عورت کو
وضع حمل کا درد دشوار ہو تو انگوٹھی حدید کی باندھ دے بآسانی وضع حمل ہوگا اور چشم زخم
دفع ہوگا لازم ہے نجاست و میل سے بچاوے ہر وقت نہ پہنے فرمایا[۲۵] انگوٹھی درنجف
کی ہاتھ مین رکھو کہ نگاہ کرنے سے اسپر حقتعالی ثواب زیارت و حج و عمرہ نامۂ اعمال مین اسکے
لکھتا ہے اور ثواب زیارت پیغمبرون اور نیکوکارون کا ہوگا اور منقول[۲۶] ہے کہ عقیق زرد
کے اوپر مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اور نیچے اسکے محمدؐ و علیؑ کھدا ہوا ہو اگر
یہ انگوٹھی پاس رکھے چور اور راہزن سے بخیطر رہیگا اور واسطے دین کے حافظ ہے اور
روایت ہی کہ جب صبح ہووے داہنے ہاتھ مین انگوٹھی عقیق کی ہو اور کسی چیز کو نہ دیکھے
ہتیلی کی طرف نگینہ پھیر کے دیکھے اسکو اور انا انزلناہ اور یہ دعا پڑھے تو حقتعالی اپنی حفظ مین

Marfat.com

حمایت مین رکھیگا ہر بلا سے کہ زمین و آسمان سے نازل ہووے اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاٰمَنْتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ
عَلَانِیَتِہِمْ وَظَاہِرِہِمْ وَبَاطِنِہِمْ وَاَوَّلِہِمْ وَاٰخِرِہِمْ منقول ہو کہ سرمہ لگانا انکو
آنکھون کو نفع کرتا ہو منھ کو خوشبو و شیرین کرتا ہو اور پلکین مضبوط ہوتی ہین اور اگتی ہین اور
بینائی زیادہ اور تیز ہوتی ہو اور پانی بہنا موقوف ہوتا ہے آنکھ سے اور جلائے چشم اور قوت
جماع زیادہ کرتا ہے اور منھ کو نورانی کرتا ہو ضعف بصر دور کرتا ہو میثل زسونے کے چار سلائی
داہنی آنکھ مین اور تین سلائی بائین آنکھ مین لگا دے منقول ہو کہ تین چیزین ہین کہ اگر وہ کریگا
تو جذام و سفید داغ پیدا ہوتا ہو نورہ لگانا بدھ و جمعہ کے دن اور غسل و وضو کرنا اس پانی سے
جو آفتاب سے گرم ہوا ہو اور حالت جنابت مین بے غسل کیے کچھ کھانا فرمایا تین امرون
کو خدا دشمن رکھتا ہو سور ہنا شب کو بدون جاگنے کے اور ہنسنا بے محل اور پیٹ بھرے پر
کھانا کھانا جو شخص دنیا مین سیر ہو قیامت مین بھوکا ہوگا یہ بھی کفران نعمت ہے کہ آدمی
بے تحاشا کھاوے اور کہے مجھے فلان کھانے نے اذیت دی منقول ہو فرمایا رات کو کھانا
ترک نہ کرو اگرچہ ٹکڑا نان خشک کا ہو کہ باعث قوت دل و قوت جماع ہوتا ہے اور جو شخص کھانا
بیہم ہفتے اور اتوار کی شب ترک کرے طاقت اُسکی برطرف ہوتی ہو چالیس دن تک پھر نہین
آتی ہو شب کا کھانا نفع دیتا ہو دن کے کھانے سے فرمایا آدمی کے بدن مین ایک رگ ہے
کہ عشا اسکا نام ہو جو کہ رات کو کچھ نہ کھا دے وہ رگ کوستی ہو تا صبح کہ خدا تجھے بھوکا پیاسا رکھے
جیسا کہ تو نے مجھے بھوکا رکھا پس ترک نکرے کھانا اگرچہ بقدر ایک لقمہ یا ایک چلو پانی ہو فرمایا
سزاوار نہین مومن کو کہ صبح بے ناشتہ کیے گھر سے جاوے فرمایا جب بعد کھانے کے ہاتھ
دھووے تو آنکھون اور ابرو پر ہاتھ پھیرے اور تین مرتبہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْمُحْسِنِ الْمُجْمِلِ
الْمُنْعِمِ الْمُفْضِلِ مفضل نے کہا جب مین نے اسطور کیا تو ہرگز درد چشم نہ دیکھا فرمایا نجومی
و رمال پاس نہ جاؤ تصدیق انکی نکرو فرمایا ہرگاہ دانستہ مال خیانت خرید کرے ایسا ہے

Marfat.com

کہ گویا آپ ہی خیانت کی فرمایا ہر گاہ حق کسی برادر مومن کا حبس کرے حقتعالی برکت روزی اُسپر حرام کرتا ہی مگر یہ کہ توبہ کرے اور حق اسکا واپس کر دے فرمایا بدون چکائے مزدوری کے مزدور سے کام نہ لو فرمایا جو کہ گناہ کسی کا سُنے اور اُسکو فاش کرے ایسا ہی کہ وہ گناہ آپ کیا ہوگا فرمایا اسپند مین شفا ہی بہتر درد کی پس عادت کرو اسپند کی فرمایا جس گھر مین اسپند ہوگا اس سے شیطان ستر گھر تک دوری کریگا فرمایا جو کہ ایک بکری پالے خدائے تعالے روزی اسکی دیگا اور روزی گھر والے کی زیادہ کریگا فقر اُس سے ایک منزل دور ہوگا، اور جو کہ دو پالے دو منزل اس سے پریشانی دور ہوگی جو کہ تین پالے حق تعالی روزی انکی دیگا اور گھر والے کی اصل پریشانی دور کریگا

باب بارھوان ثواب مباشرت و متعہ مین

منقول ہی کہ فرمایا ہر گاہ شوہر متوجہ ہو زوجہ سے اپنی ایسا ہے کہ راہ خدا مین اُسنے تلوار کھینچی ہو واسطے جہاد کے جب مجامعت کرے تو گناہ اُسکے گرتے ہین مثل گرنے پتے درخت کے جب غسل کرے گناہ سے پاک ہوتا ہی فرمایا جو شخص متعہ کرے عمر مین ایک مرتبہ وہ اہل بہشت سے ہے دوسری حدیث مین فرمایا کہ عذاب نہ کیا جاویگا وہ مرد اور وہ عورت کہ متعہ کرے مگر عورت عفیفہ ہو مومنہ ہو اس سے متعہ کرے اور مدت اور مہر معین کرین پس صیغہ کی کئی صورتین ہین اگر وکیل کرین تو پہلے وکیل عورت کا کہے مَتَّعْتُ[۱] نَفْسَ مُوَكِّلَتِي مِنْ مُوَكِّلِكَ فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ وکیل مرد کا بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ[۲] الْمُتْعَةَ لِمُوَكِّلِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ صورت دوسری اگر وکیل عورت کا ہو اور مرد سے صیغہ جاری کرے وکیل عورت کا کہے مَتَّعْتُكَ[۳] نَفْسَ مُوَكِّلَتِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ مرد کے

[۱] متعہ مین دیا مین نے ذات موکلہ اپنی کو موکل تیرے کو بیچ مدت معلوم کے بمبلغ معلوم [۲] قبول کیا مین نے واسطے موکل اپنے کے بیچ مدت معلومہ کے مبلغ معلوم پر [۳] متعہ مین دیا مین نے تجکو نفس موکلہ اپنی کو بیچ مدت معلومہ کے ...

باب بارھوان ثواب مباشرت و متعہ مین

Marfat.com

قَبِلْتُ[۱] الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ صورت تیسری یہ ہی کہ مرد و عورت خود صیغہ جاری کرین عورت کہے مَتَّعْتُكَ[۲] نَفْسِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ مرد کہے قَبِلْتُ[۳] الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ فائدہ جاننا چاہیے کہ متعہ کرنا زن مسلمہ یا اہل کتاب یعنی یہودیہ اور نصرانیہ سے درست ہی اور زن بت پرست اور ناصبیہ اور خارجیہ سے درست نہین مگر اہل کتاب کو بھی منع کرے اکل نجاسات اور شرب خمر وغیرہ سے اور نہ جانے دے انکو معابد مین اُنکے اور کسی کی کنیز سے بغیر اجازت اُسکے آقا کے متعہ درست نہین اور اگر زوجہ منکوحہ حرہ کی بھانجی یا بھتیجی سے نکاح یا متعہ کرے تو اجازت زوجہ مذکورہ کی درکار ہے اور زن زانیہ اور فاحشہ سے متعہ[۴] جائز نہین خصوصًا بازاری کسبیون سے جنکا یہ پیشہ ہی جب تک کہ وہ توبہ نکرین اور صیغہاے متعہ ہون یا صیغہاے نکاح دائمی سب مین شرط ہی کہ پڑھنے والا ان صیغون کے معنی جانتا ہو اور الفاظ کو مخارج سے نکالے اقل درجہ اسکا یہ ہی کہ سننے والے کو تمیز ہو جائے کہ اسنے اس مقام پر ہاے ہوز کہی اور اس مقام پر حاے حطی اسی طرح الف و عین وغیرہ مین فرق معلوم ہو اور یہ بھی شرط ہی کہ پڑھنے والا جانتا ہو کہ یہ صیغے الفاظ ماضی سے پڑھے جاتے ہین مگر قصد انشا کا رہتا ہی یعنی یہ خیال کرے کہ اسی صیغہ سے نکاح یا متعہ ہو جائیگا نہ یہ کہ نکاح یا متعہ ہو چکا ہی اسکا حال بیان کرتا ہون اور مدت مین لازم ہی کہ ایک دن یا دس برس مثلاً مقرر کیا جائے نہ یہ کہ تعداد جماع کی معین ہو کہ یہ صحیح نہین ہی اور مہر مین لازم ہی کہ جو چیز مالیت رکھتی ہو اور غیر مشروع نہو وہ مقرر کیجائے مگر کمی و زیادتی کی حد نہین جسپر تراضی طرفین ہو جائے اور ایک صورت متعہ کی یہ بھی ہے کہ بعد تعین مہر اور مدت کے مرد سے عورت کہے کہ مین نے تجکو اپنی طرف سے وکیل کیا کہ

[۱] قبول کیا مین نے متعہ کو واسطے ذات اپنی کے بیچ مدت معلومہ کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۲] متعہ مین دیا مین نے تجھے ذات اپنی کو بیچ مدت معلومہ کے ساتھ مہر معلوم کے ۱۲ [۳] قبول کیا مین نے متعہ کو واسطے نفس اپنے کے بیچ مدت معلوم کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۴] اقوی جواز ہے بکراہت ۱۲ –

Marfat.com

تو میرا متعہ اپنے ساتھ پڑھ لے پس مرد کہے مَتَّعْتُ نَفْسَ مُوَكِّلَتِي لِمُوَكِّلِي
فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ پھر خود ہی کہے قَبِلْتُ الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي
الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ اور اگر ان صیغون کے پڑھنے پر قادر نہون اور کوئی
دوسرا پڑھنے والا ممکن نہو تو اپنی زبان مین بھی متعہ کر سکتے ہین اس طرح کہ عورت کہے
مرد سے کہ متعہ مین دیا مین نے تجھے ذات اپنی کو اسقدر مہر اور اتنی مدت پر فوراً مرد کہے
قبول کیا مین نے متعہ کو واسطے اپنی ذات کے اسقدر مہر اور اتنی مدت پر مگر ضرور ہے کہ
عورت ان کلمات کو متصل کہے یعنی پہلے سے یہ کلمات اسکو یاد ہون اور موافق لب و لہجہ
اہل ہند کے اداے قرات ضروری لازم ہی مثل اسکے کہ ہاء ہوز کو حاء حطی سے تمیز کرے

باب تیرھوان بیان نکاح مین

منقول ہے کہ نماز کدخدا کی بہتر ہے ستر نماز سے کہ مرد بے زن ادا کرے اور فرمایا کہ جو شخص
نکاح کرے برائے حسن و جمال و طمع مال وہ دونون سے محروم رہیگا اور نزدیک محققین کے
حرام ہے عقد زن مومنہ شیعہ کا مرد سنی سے اور سنت ہی کہ نکاح شب کو واقع ہو اور قمر در عقرب
یا تحت الشعاع نہو اور مابین عیدین کے نکاح کا ترک کرنا حدیث سے ثابت نہین اور طعام
کا کھانا کرنا پانچ مقام پر سنت ہی عروسی و تولد و ختنہ مین اور نئے مکان مین جب آوے اور
جس وقت سفر مکہ سے گھر آوے پس جب نکاح پڑھا جاوے تو وکیل اور تعین مہر ہو اور بعد
حاصل کرنے اجازت مرد و عورت کے نکاح پڑھین اور وکیل عورت کا عورت سے
سے اس طرح اجازت لے کہ مین تمھارا وکیل ہو کر تمھارا نکاح فلان شخص سے جو فلان شخص
کے بیٹے ہین اسقدر زر مہر پر پڑھون تمنے اپنی جانب سے مجکو وکیل کیا پس بعد حصول
اجازت اول یہ خطبہ پڑھین بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اِقْرَارًا بِنِعْمَتِهٖ

لہ متعہ مین دیا مین نے ذات موکلہ اپنی کو واسطے ذات اپنی کے بیچ مدت معلومہ کے مہر معلوم پر ۱۲ ۔ سلہ
قبول کیا مین نے متعہ کو واسطے ذات اپنی کے بیچ مدت معلومہ کے مہر معلوم پر ۱۲ ۔

Marfat.com

وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِخْلَاصًا لِوَحْدَانِيَّتِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ بَرِيَّتِهٖ وَعَلٰى الْاَصْفِيَآءِ مِنْ عِتْرَتِهٖ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ كَانَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَى الْاَنَامِ اَنْ اَغْنَاهُمْ بِالْحَلَالِ عَنِ الْحَرَامِ فَقَالَ سُبْحَانَهٗ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَقَوْلُهُ الْحَقُّ وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَائِكُمْ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ تَنَاكَحُوْا وَتَنَاسَلُوْا تَكْثُرُوْا فَاِنِّيْ اُبَاهِيْ بِكُمُ الْاُمَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَوْ بِالسِّقْطِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اگر مرد و عورت دونون بالغ ہون پہلے وکیل عورت کا مرد کے وکیل کے ساتھ صیغہ جاری کرے اور کہے صورت اول اَنْكَحْتُ[1] مُوَكِّلَتِيْ مُوَكِّلَكَ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وکیل مرد کا بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ[2] النِّكَاحَ لِمُوَكِّلِيْ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت دوسری وکیل عورت کا کہے اَنْكَحْتُ[3] مُوَكِّلَكَ مُوَكِّلَتِيْ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[4] النِّكَاحَ لِمُوَكِّلِيْ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت تیسری وکیل عورت کا کہے اَنْكَحْتُ[5] مُوَكِّلَتِيْ مِنْ مُوَكِّلِكَ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[6] النِّكَاحَ لِمُوَكِّلِيْ هٰذَا عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت چوتھی وکیل عورت کا کہے اَنْكَحْتُ[7] نَفْسَ مُوَكِّلَتِيْ وَكَالَةً عَنْهَا وَعَنْ اَبِيْهَا مُوَكِّلَكَ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[8] النِّكَاحَ لِمُوَكِّلِيْ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت پانچوین وکیل عورت کا کہے

---

[1] نکاح مین دیا مین نے وکیل کرنیوالی اپنی کو وکیل کرنے والے تیرے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [2] قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے وکیل کرنے والے اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [3] نکاح مین دیا مین نے موکل تیرے کو موکلہ اپنی کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [4] قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [5] نکاح مین دیا مین نے موکلہ اپنی کو موکل تیرے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [6] قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے اس موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [7] نکاح مین دیا مین نے ذات موکلہ اپنی کو از روے وکالت کے اسکی طرف سے اور اسکے باپ کیطرف سے موکل تیرے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [8] قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲۔

Marfat.com

زَوَّجْتُ[۱] مُوَکِّلَتِي مُوَکِّلَكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[۲] التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت چھٹی وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ[۳] مُوَکِّلَكَ مُوَکِّلَتِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[۴] التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت ساتوین وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ[۵] مُوَکِّلَتِي مِنْ مُوَکِّلِكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[۶] التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت آٹھوین وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِي بِمُوَکِّلِكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت نوین وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ وَزَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِي مُوَکِّلَكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ وَالتَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر خود مرد عورت صیغہ جاری کرین پہلے عورت کہے اَنْکَحْتُ[۷] نَفْسِي مِنْ نَفْسِكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ مرد کہے قَبِلْتُ[۸] لِنَفْسِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر وکیل عورت کا مرد کے ساتھ صیغہ پڑھے تو وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ[۹] مُوَکِّلَتِي مِنْكَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر مرد کہے قَبِلْتُ[۱۰] النِّکَاحَ لِنَفْسِي عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر عورت اور مرد دونون نابالغ ہون اور باذن ولی یعنی باپ یا دادا کے عقد واقع ہو تو وکیل عورت کے ولی کا کہے اَنْکَحْتُ[۱۱] بِنْتَ مُوَکِّلِي اِبْنَ مُوَکِّلِكَ عَلَی الْمَهْرِ

---

[۱] تزویج مین دیا مین نے موکلہ اپنی کو موکل تیرے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۲] قبول کیا مین نے تزویج کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے [۳] تزویج مین دیا مین نے موکل تیرے کو موکلہ اپنی کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۴] قبول کیا مین نے تزویج کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۵] تزویج مین دیا مین نے موکلہ اپنی کو موکل تیرے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۶] قبول کیا مین نے تزویج کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۷] نکاح مین دیا مین نے اپنے نفس کو ساتھ تیرے نفس کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۸] قبول کیا مین نے تجکو واسطے اپنے نفس کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۹] نکاح مین دیا مین نے موکلہ اپنی کو ساتھ تیرے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۱۰] قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے ذات اپنی کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ [۱۱] نکاح مین دیا مین نے اپنے موکل کی بیٹی کو تیرے موکل کے بیٹے کے ساتھ اوپر مہر معلوم کے

Marfat.com

اَلْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کے ولی کا کہے قَبِلْتُ[1] النِّکَاحَ لِاِبْنِ الْمُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر عورت نابالغہ ہو اور مرد بالغ ہو تو وکیل عورت کے ولی کا کہے اَنْکَحْتُ[2] بِنْتَ مُوَکِّلِیْ مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ[3] النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر عورت بالغہ ہو اور مرد نابالغ ہو تو پہلے وکیل عورت کا یون کہے اَنْکَحْتُ[4] مُوَکِّلَتِیْ مِنْ اِبْنِ مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وکیل مرد کے ولی کا کہے قَبِلْتُ[5] النِّکَاحَ لِاِبْنِ مُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اور اگر مرد و عورت دونون نابالغ ہون اور دونون کے ولی صیغہ پڑھین تو اول عورت کا ولی کہے اَنْکَحْتُ[6] اِبْنَتِیْ وِلَایَۃً عَنْهَا اِبْنَکَ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر مرد کا ولی کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِاِبْنِیْ هٰذَا عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ صیغہ فضولی یہ ہے کہ عورت و مرد کا کوئی ولی موجود نہو اسلیے کہ سوا باپ اور دادا کے اور کوئی ولی شرعی نہین ہے اور عورت و مرد دونون نابالغ ہون تو یہ صیغہ پڑھا جائے اول عورت کی طرف سے ایک شخص کہے اَنْکَحْتُ زَیْنَبَ مُحَمَّدًا عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ دوسرا شخص مرد کی طرف سے کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُحَمَّدٍ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اور اسی نکاح کو مرد و عورت بعد بلوغ قبل مباشرت چاہین بحال رکھین چاہین فسخ کر دین حاجت طلاق کی نہین ہے واضح ہو کہ زینت اور محمد کی جگہ نام اُن مرد و عورت کا لیا جائے جنکا نکاح ہوتا ہے اگر کسی مقام پر صیغہ پڑھنے والے دو شخص ممکن نہون تو ایک ہی شخص دونون کا وکیل ہو کر پہلے بوکالت عورت کے کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِیْ

---

۱ قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے بیٹے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۲ نکاح مین دیا مین نے اپنے موکل کی بیٹی کو تیرے موکل کے ساتھ اوپر مہر معلوم کے ۳ قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۴ نکاح مین دیا مین نے موکلہ اپنی کو تیرے موکل کے بیٹے کے ساتھ اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۵ قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے بیٹے موکل اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۶ نکاح مین دی مین نے بیٹی اپنی کو دلا یۃً تیرے بیٹے کو اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۷ قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے اس بیٹے اپنے کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲ ۸ نکاح مین دیا مین نے اپنی موکلہ کو ساتھ اپنے موکل کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲-

Marfat.com

مِنْ مُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وہی شخص بوکالت مرد کے بلافاصلہ کہے قَبِلْتُ
لِمُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ واضح ہو کہ تکرار صیغون کی نو صورتین جو اول لکھی ہین ان
اَنْکَحْتُ اور زَوَّجْتُ کے ساتھ وہ ہر موقع پر ہو سکتی ہین واسطے اختصار کے ہر جا
طول نہین دیا ہر شخص بجاے خود سمجھ سکتا ہو اور بہتر یہ ہے کہ مہر سنت مقرر کرین کہ ایک
سات یا پانچ روپیہ ہین اور حدیث مین وارد ہے کہ وہ بدترین عورت ہو جسکا مہر بہت
ہو اور واضح ہو کہ اگر عورت اپنے شوہر کو مہر اپنا معاف کر دے تو ثواب عظیم اُسکو عطا
ہوتا ہے روایات صحیحہ مین وارد ہے کہ جو عورت مہر اپنا شوہر کو عفو کر دے عقد دائمی ہو یا
منقطع یعنی متعہ ہو حق تعالیٰ بعوض ہر درہم کے ایک نور اسکو قبر مین عنایت فرماتا ہے اور
بعوض ہر درہم کے ہزار فرشتون کو حکم فرماتا ہے کہ واسطے اس عورت کے نیکیان لکھین
قیامت تک حقوق شوہر عورت پر بہت ہین از انجملہ منقول ہو کہ عورت بے رضاے
شوہر کوئی کام نکرے حتی کہ روزہ سنتی بھی نہ رکھے اور اپنے مال سے بھی بلا اجازت شوہر
تصدق نہ کرے شوہر کو منع نکرے جماع سے اگرچہ پشت شتر پر ہو گھر سے نجاوے بے
رخصت شوہر اور فرمایا بدترین وہ عورت ہے جو لڑکا نہ جنے اور کینہ ور ہو اعمال بد
پروا نہ کرے اپنی آواز شوہر کی آواز پر بلند کرے پیغمبر خدا صلعم فرماتے ہین کہ اگر سواے
خدا کے دوسرے کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو مین حکم کرتا کہ عورتین اپنے شوہرون کو سجدہ کرین
حقوق زن بشوہر یہ ہین کہ شوہر بدخلقی نکرے اسلئے کہ وہ اسکی بمنزلہ اسیر کے
ہے نفقہ دے نادانستگی سے قصور ہو تو بخشدے کم سے کم مہینے مین دو مرتبہ گوشت
اور پندرہ دن روغن کھلاوے اور چار مہینے مین ایک مرتبہ مباشرت واجب ہو
اگر عذر شرعی نہو مثل مرض و سفر کے اور عید وغیرہ کو بہتر دے اور دونون سے اور
میوہ فصل کا دے عورت سے کوئی راز اپنا نہ کہے مشورہ نہ کرے اپنے کامون کا

حقوق شوہر بر زن

حقوق زن بر شوہر

۱؎ قبول کیا مین نے نکاح کو واسطے اپنے موکل کے اوپر مہر معلوم کے ۱۲

عورت کی تدبیر پر نہ رکھے بلکہ اُسکے کہے کے برخلاف کرے

باب چودھوان بیان مین نکاح نامہ کے

باب چودھوان

چاہیے کہ شوہر زوجہ کو سند نکاح و مہر کی لکھدے اسطرح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ جَعَلَ النِّکَاحَ ذَرِیۡعَۃً لِلۡوِصَالِ کَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی
فَانۡکِحُوۡا مَا طَابَ لَکُمۡ مِّنَ النِّسَآءِ مَثۡنٰی وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ فَاِنۡ خِفۡتُمۡ
اَنۡ لَّا تَعۡدِلُوۡا فَوَاحِدَۃً وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوۡلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ
عِتۡرَتِہِ الۡمَعۡصُوۡمِیۡنَ الطَّیِّبِیۡنَ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡنَ
اما بعد بموجب امر حق سبحانہ و تعالیٰ و برطبق حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اَلنِّکَاحُ
مِنۡ سُنَّتِیۡ فَمَنۡ رَغِبَ عَنۡ سُنَّتِیۡ فَلَیۡسَ مِنِّیۡ بحالت صحت نفس و ثبات عقل و نفاذ جوارح
اقرار صحیح شرعی نمودم فلان بن شرافت پناہ نجابت دستگاہ فلان کہ بعقد نکاح دائمی
خود در آوردم بانوے حجلۂ عصمت شمع شبستان عفت فلانہ بنت سلالۂ خاندان سروری
نقاوہ دودمان برتری فلان را بہ مبلغ فلان کہ نصف آن مبلغ فلان میشود صیغۂ عقد نکاح
در جلسۂ واحد واقع شد مابین وکیلان جانبین احدہما بزیور صدق و صفا آراستہ فلان از جانب
منکوحہ موصوفہ و ثانیہما بحلیۂ ورع و اتقا پیراستہ فلان از جانب ناکح مذکور یعنی منمقر نان و نفقۂ
مسماۃ موصوفہ را الاکلام برذمہ خود گرفتم و این وثیقہ را برضا و رغبت خود بلاجبر و اکراہ نوشتم
روبروے جماعت مومنین و زمرہ مسلمین کہ گواہی اکثر آنہا برحاشیۂ قرطاس صدق اساس
ہذا ثبت است نِکَاحًا صَحِیۡحًا شَرۡعِیًّا جَائِزًا نَافِذًا عَلٰی طَرِیۡقِ الشُّہۡرَۃِ
وَالۡاِعۡلَانِ لَا عَلٰی سَبِیۡلِ الۡخُفۡیَۃِ وَالۡکِتۡمَانِ بنا برآن این چند کلمہ بطریق مہرنامہ
نوشتہ شد کہ سند باشد و عند الحاجت بکار آید مرقوم بتاریخ فلان ماہ فلان سنہ فلان

باب پندرھوان بیان مین صحبت وغیرہ کے

باب پندرھوان

جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جب زوجہ کو اپنے گھر مین لاوے

Marfat.com

توشوہر و زوجہ رو بقبلہ کھڑے ہون اور شوہر اپنا ہاتھ پیشانی زوجہ پر رکھکر یہ دعا پڑھے
اَللّٰھُمَّ بِاَمَانَتِكَ اَخَذْتُهَا وَبِكَلِمَاتِكَ اسْتَحْلَلْتُهَا فَاِنْ قَضَيْتَ لِيْ مِنْهَا وَلَدًا
فَاجْعَلْهُ مُبَارَكًا تَقِيًّا مِنْ شِيْعَةِ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْهِ شِرْكًا
وَلَا نَصِيْبًا اور دونون پانوٗن زوجہ کے ایک ظرف مین دھوئے اور اس پانی کو منتہا
خانہ تک چھڑک دے کہ موجب خیر و برکت کا ہوگا اور جاننا چاہیے کہ زوجہ سے مباشرت
کسوقت کرے کہ مضر نہو اولاد جو پیدا ہو تو بے عیب و نقص ہو پس حرام ہی قربت کرنا عورت
سے حیض و نفاس مین اور بنا بر احتیاط استحاضہ مین بھی اور بعد تمام ہوجانے حیض کے
اور قبل غسل جماع کرنا بعضے اسکو بھی حرام جانتے ہین اور اجتناب احوط ہے مگر ضرورت ہو
تو بعد دھونے فرج کے مقاربت کرسکتا ہی اگر اول شب پیٹ بھرا ہو تو قصد نکرے کہ خوف
ہی درد قولنج و فالج و لقوہ و نقرس و سنگ مثانہ و سلس البول و ضعف چشم و بڑھ جانے بضیون
کا اور آخر شب مجامعت کرنا مصلح بدن ہی جب قصد کرے تو تعجیل نکرے زوجہ سے صحبت
کرنے مین پہلے دست بازی و خوش طبعی کرے اور چھپا کے کرے کہ کوئی واقف نہو فرمایا جماع
نہ کرے مرد بدھ کی شب اگر جماع کرے تحت الشعاع مین اور حمل رہے وہ ساقط ہوگا فرمایا اگر
جماع کرے اول ماہ و درمیان ماہ و آخر ماہ حمل ساقط ہوگا اور نزدیک ہی کہ اگر فرزند ہو تو دیوانگی
و خبط دماغ و مرگی و جذام مین مبتلا ہوگا دوسری روایت ہے کہ جو جماع کرے ایام حیض
مین پس اگر فرزند پیدا ہو تو جذام و سفید داغ مین مبتلا ہوگا فرمایا دشمن ہم اہل بیت کا نہین
ہی مگر وہ کہ ولد الزنا ہو یا ماں اسکی حیض مین حاملہ ہوئی ہوگی فرمایا وقت جماع بات نہ کرو اگر
لڑکا پیدا ہوگا تو گونگا ہوگا اور اسوقت فرج کی طرف نہ دیکھے اگر فرزند پیدا ہوگا تو اندھا ہوگا
فرمایا جماع نہ کرو اس جگہ جہان کوئی جاگتا ہو کہ وہ نفس اسکا سنے یا دیکھے کہ اگر فرزند پیدا ہوگا
تو زناکار ہوگا فرمایا مرد کبھی مقاربت نکرے رو بقبلہ و پشت بقبلہ و کشتی مین جماع نکرے
اور سفر مین جس جگہ پانی نہ ملے اور منع فرمایا کہ کوئی شخص محتلم ہو اور بیشتر از غسل جماع کرے

Marfat.com

کہ یہ مکروہ ہے اور اگر فرزند پیدا ہوگا تو دیوانہ ہوگا فرمایا جماع نہ کرو بعد از بیشین اگر فرزند پیدا ہوگا تو احول ہوگا اور شہوت وخواہش کسی اور عورت کے اپنی بی بی سے جماع بعد ظہر نہ کرو اگر فرزند پیدا ہوگا تو مخنث و دیوانہ ہوگا فرمایا وقت طلوع آفتاب جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہوگا چوری کریگا اور رومال علیحدہ اپنا اپنا رکھین واسطے پاک کرنے کے اسواسطے کہ اول دشمنی اور آخر جدائی ہوتی ہو ایک رومال رکھنے سے اور استادہ جماع نہ کرو اگر فرزند ہو تو اُس سے فعل بد ہونگے اور شب عید الفطر مقاربت نہ کرو اگر فرزند ہو تو شر اُس سے ظاہر ہونگے اور شب عید قربان جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو چھ یا چار انگلی ہاتھ مین ہونگی اور درخت میوہ دار کے نیچے مقاربت نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو جلاد و کشندۂ مردم یا رئیس وسرگروہ ظالمون کا ہوگا اور برابر آفتاب کے بے پردہ ڈالے مقاربت نہ کرو کہ فرزند ہمیشہ بدحالی و پریشانی مین رہیگا اور درمیان اذان واقامت کے جماع نکرو اگر فرزند پیدا ہوگا تو راغب ہوگا خون کرنے مین اور جو عورت حاملہ ہو اور بے وضو جماع کرے تو وہ لڑکا کور دل اور بخیل ہوگا اور یہ جو بعضے لوگ کہتے ہین کہ عورت حاملہ سے ساتوین یا آٹھوین مہینہ کے بعد سے جماع حرام ہے یہ بے اصل ہے ہان اگر خوف اسقاط حمل یا ضرر پہونچنے حاملہ کا ہو تو وہ اور بات ہے جب سے یہ خوف ہو احتراز لازم ہے اور شب نیمۂ شعبان جماع نکرو اگر لڑکا ہو تو شوم ہوگا اور داغ سیاہ منہ پر ہوگا اور روز آخر شعبان جماع نکرو اگر فرزند پیدا ہوگا تو ظالمون مین سے ہوگا اُسکے ہاتھ سے ہلاک ہونگے بہت لوگ اور جوانی مین لاغر ہوگا اور پشت بام پر جماع نہ کرو اگر فرزند ہو تو منافق ہوگا اور ریاکنندہ وصاحب بدعت ہوگا اور جس روز سفر کو جاوے اُس شب جماع نہ کرے اگر فرزند پیدا ہوگا تو مال ناحق صرف کریگا۔ اگر ساعت اول شب جماع کرے فرزند پیدا ہو تو ساحر ہوگا دنیا کو آخرت پر اختیار کریگا فرمایا برہنہ مرد وعورت جماع نہ کرین مثل گدھو نکے اسواسطے کہ ملائکہ مقربین دور رہتے ہین فرمایا جماع نہ کرو اُس دن یا اُس شب کہ گہن یا آندھی ہو اور طلوع صبح سے تا نکلنے آفتاب کے اور غروب آفتاب سے تا رفع ہونے سرخی

Marfat.com

مغرب کے یا شب و روز زلزلہ واللہ اگر جماع کرے ان وقتون مین اور فرزند پیدا ہو
نہ دیکھیگا اُس فرزند مین وہ چیز کہ دوست رکھے اسواسطے کہ آیات غضب الٰہی کو سہل
اور لکھا ہے کہ جب مردے کو غسل دے چکے اور غسل مس میت نہ کیا ہو اور جماع کرے پہلے غسل
کرلے فرمایا ہرگاہ کسی کے درد بدن مین ہو یا حرارت غالب ہو تو جماع کرے زوجہ سے
تا دفع ہو فرمایا زن آزاد سے برابر زن آزاد دوسری کے جماع نہ کرو لیکن کنیز سے سامنے دوسری
کنیز کے مضائقہ نہین ہرگاہ جماع کرے اور غسل نہ کیا ہو اور چاہے کہ پھر کرے تو وضو کرلے
فرمایا اگر زوجہ اپنی سے جماع کرے اور وہ آزاد ہو تو منی اپنی باہر فرج کے نہ ڈالے بعضے علماء نے
حرام جانا ہے بے رخصت زوجہ کے منی گرانا باہر فرج کے مگر کنیز سے جماع کرنے مین منی باہر گرانا
جائز ہے اور پیر کی شب جماع کرو اگر فرزند پیدا ہو تو حافظ قرآن و راضی بہ قسمت خدا ہوگا اگر منگل کی
شب جماع کرے لڑکا پیدا ہو تو شہادت اسکو نصیب ہوگی منہ خوشبو دل سخی جوان مرد ہوگا اور زبان
غیبت و بہتان سے پاک ہوگی اگر جماع کرے شب پنجشنبہ کو اور فرزند پیدا ہو عالم احکام شریعت کا
ہوگا اگر جمعرات کے دن وقت دوپہر جماع زوجہ سے فرزند پیدا ہو تو شیطان نزدیک اُسکے
نہوگا جب تک کہ بوڑھا ہو اور سلامتی ہوگی دین و دنیا مین اگر جماع کرے شب جمعہ مین فرزند
پیدا ہو تو خطیب و سخنگو ہوگا اگر روز جمعہ بعد عصر جماع کرے فرزند پیدا ہو تو دانا مشہور ہوگا حدیث
مین وارد ہے اگر چاہے کہ شیطان نزدیک نہو تو کہے بِسْمِ اللّٰهِ اور پناہ خدا سے مانگے شر شیطان
مردود سے فرمایا جبکہ ارادہ کرے جماع کا تو یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ وَلَدًا وَاجْعَلْهُ تَقِيًّا
زَكِيًّا لَيْسَ فِيْ خَلْقِهٖ زِيَادَةٌ وَلَا نُقْصَانٌ وَاجْعَلْ عَاقِبَتَهٗ اِلٰى خَيْرٍ راوی نے پوچھا فرزند
مین کیونکر شرکت ہوتی ہے حضرت نے فرمایا اگر وقت جماع نام خدا لیوے شیطان دور ہوتا ہے
اگر نہ لیوے تو ذکر اپنا اس شخص کے ذکر کے ساتھ داخل کرتا ہے پس جماع دونون سے ہوا اور
نطفہ ایک ہے راوی نے پوچھا کیونکر پہچانا جاوے کہ شیطان کس مین شریک ہوا ہے
فرمایا جو کہ ہمکو دوست رکھتا ہے شیطان اُس مین شریک نہین ہوا ہے بیشک

Marfat.com

باب سولھوان بیان نفقہ

باب سولھوان بیان نفقہ و رضاعت وغیرہ مین

اور اسمین دو فصلین ہین **فصل اوّل** نفقہ مین جان تو کہ اول نفقہ اپنے نفس کا واجب ہے اس سے یہ مراد نہین ہی کہ کوئی شوہر زوجہ کی حق تلفی کے لیے اپنا نفقہ بفراغت کرے تاکہ اسکے لیے کچھ نہ بچے بلکہ تنگدست پر لازم ہی کہ آپ اتنا کھالے جسمین مرے نہین اور اتنا پہنے جسمین ستر عورتین ہوجائے پھر زوجہ کو دے اسیطرح عمدہ کھانا اور اچھا کپڑا یہ سب استطاعت پر موقوف ہی اپنا ہو یا زوجہ کا اس سے بچے تو اسکو نفقہ ازواج مین صرف کرنا واجب ہی خواہ ایک زوجہ ہو خواہ چار مگر سب کو برابر نفقہ دے یہ نہین کہ بوجہ محبت کسی زوجہ کو زیادہ دے اور کسی کو کم اسلیے کہ عدالت کرنا واجب ہے اور اگر عدالت نہ کرسکے تو ایک ہی زوجہ پر اکتفا کرے اور وجوب نفقہ مین شرط ہی کہ زوجہ دائمی ہو خواہ آزاد سے نکاح کیا ہو خواہ کنیز مسلمان سے بشرطیکہ زوجہ بغیر عذر شرعی مثل مرض وغیرہ کے منع نہ کرے شوہر کو اپنی صحبت داری سے نہ کسی وقت مین نہ کسی مکان مین جہان وہ طالب ہو پس ایسی زوجہ کا نفقہ شوہر پر واجب ہے اگرچہ وہ خود صاحب مال و مقدور ہو اور زن متوعہ و صغیرہ اور نافرمان اور مرتدہ اور مطلقہ بائن کا نفقہ ساقط ہی اور جس عورت کو طلاق رجعی دیا ہو اسکا نفقہ زمان عدہ تک واجب ہی اور زن حاملہ کا زمان وضع حمل تک جب اسکو طلاق دے اور نفقہ حاملہ کا بعد وفات شوہر کے بنابر روایات مشہورہ کے کچھ نہین اور بنابر ایک روایت کے حصۂ ولد مین ہوگا پس زن متوعہ کا سوائے زر مہر کے اور کوئی حق ذمہ شوہر کے نہین ہی اور اگر چار منکوحہ ہون تو راتون کی تقسیم مین بھی مساوات رکھے یعنی ایک ایک شب سبکے پاس شب باش ہو اور اگر ایک ہو تو ایک شب اسکی اور تین شبون مین اختیار ہی جہان چاہے بسر کرے اگر دو ہین تو دو شبین انکی اور دو شبون مین اختیار ہی اگر تین ہین تو تین شبین انکی اور ایک شب مین اختیار ہی جہان چاہے رہے اور اگر ایک زوجہ حرہ اور ایک کنیز مسلمان منکوحہ ہو تو دو شبین زوجہ حرہ کی اور ایک کنیز منکوحہ کی اور اگر زن دوشیزہ یعنی باکرہ سے نکاح کرے تو سات شبین ابتدائے عقد سے مخصوص اسکی ہین اور اگر غیر باکرہ سے نکاح کیا ہی تو ابتدائے عقد سے تین شبین اسکی مخصوص ہین اور بعد گذرنے

بیان تقسیم شب

Marfat.com

اُن مخصوصہ راتون کے پھر سب کا حساب برابر ہے اور اُن راتون کی تقسیم مین فقط سونا [illegible]
یا مکان مین اسکے واجب ہی مقاربت واجب نہین ہی البتہ چار مہینے مین ایک دفعہ [illegible]
واجب ہی اور مستحب ہی کہ جس عورت کی رات کی باری ہو صبح بھی وہین کرے اور دن مین
کسی کا حصہ نہین اسلیے کہ دن فکر معاش کے لیے ہی اور جن زنان مذکورۃ الصدر کا نفقہ ذمہ
شوہر سے ساقط ہی انکا حصۂ شب خوابی بھی شوہر پر واجب نہین ہی **فصل دوسری احکام**
رضاعت مین واضح ہو کہ اگر لڑکا اپنی مان کا دودھ نہ پیے بوجہ اسکے کہ مان بیمار ہو یا اُسکے
دودھ نہو یا مان نسبت انّا کے اجرت زیادہ طلب کرے یا اور کسی وجہ سے لڑکا دائی یعنی انّا کا
دودھ پیے تو وہ انّا اس لڑکے کی بمنزلۂ مان کے ہوگئی اور انّا کا شوہر بمنزلۂ باپ کے اور انّا
کی اولاد بمنزلہ بھائی بہن کے اسی طرح اگر وہی انّا اسی شوہر کے دودھ سے جسکے دودھ سے
اس لڑکے کو پلایا ہے دوسرے لوگون کے لڑکون کو دودھ پلائے خواہ اسی حمل سے خواہ
دوسرے حمل سے تو وہ لڑکے بھی اس لڑکے کے آپسمین بہن بھائی ہوگئے مثل بھائی بہن
حقیقی کے ہان اگر وہ انّا ایک شوہر کے دودھ سے کسی لڑکے کو پلاوے اور پھر اس شوہر سے
مفارقت شرعی کرکے دوسرا شوہر کرے اور اسکے دودھ سے کسی کی دختر کو پلاوے تو نکاح
اُن دونون شیرخوارونکا آپسمین حرام نہوگا اور اگر کسی شخص کی چند بیبیان ہون اور علیحدہ علیحدہ
لڑکون کو دودھ پلائین تو سب شیرخوار آپسمین بھائی بہن ہو جائینگے اب واضح ہو کہ دودھ
پلانے مین چند شرطین ہین کہ جبتک وہ سب شرطین متحقق نہونگی رضاعت ثابت نہوگی اور
نشر حرمت نہوگا **اول** دودھ بسبب وضع حمل کے حاصل ہوا ہو خود بخود نہ اترا ہو اسیطرح
اگر قبل وضع حمل کے دودھ اُترا ہو اسکا بھی اعتبار نہین **دوم** اس عورت کو دودھ نکاح[1]
سے حاصل ہوا ہو زنا کے حمل سے نہو ورنہ اسکا اعتبار نہوگا **سوم** لڑکے نے دودھ پستان مین
اپنا منھ لگاکر پیا ہو الگ دودھ کرکے نہ دیا ہو **چہارم** کم سے کم پندرہ مرتبہ پے در پے ایک ہی

---

[1] یعنے بطور جائز کے ہو خواہ نکاح سے یا متعہ سے ۱۲

احکام رضاعت

عورت کا لڑکے نے دودھ پیا ہو اور ہر مرتبہ سیر ہو کر خود پستان کو چھوڑ دیا ہو یا آٹھ پہر کامل متصل دودھ پیا ہو اگرچہ پندرہ مرتبہ سے کم پیا ہو بشرطیکہ اس پندرہ مرتبہ یا آٹھ پہر کے درمیان مین کسی اور عورت کا دودھ نہ پیا ہو اور اگر مثلاً اس آٹھ پہر مین ایک عورت کا دودھ دو تین مرتبہ پیا اور اتفاق سے بعد ازان وہ لڑکا تمام روز و شب مین گرسنہ رہا یا خواب و بیہوشی مین رہا تو نشر حرمت نہوگا ششم لڑکا دو برس کے اندر ہو اور یہ بھی واضح ہو کہ شیرخوار کا باپ نکاح نہین کرسکتا مرضعہ یعنی انا کی دختر سے اسیطرح اور اگر بعد نکاح رضاعت متحقق ہوجائے تو سبب بطلان نکاح سابق کا ہوگا مثلاً اگر نانی نواسا یا نواسی کو بشرائط مذکورہ بالا دودھ پلادے تو بیٹی اسکی اسکے داماد پر حرام مؤبد ہوجائیگی اسلیے کہ اولاد مرضعہ کی رضیع کے باپ پر حرام ہے بخلاف دادی کے کہ اگر پوتا یا پوتی کو دودھ پلائے تو بھی اسکی اسکے پسر پر حرام نہوگی

باب سترھوان بیان طلاق وغیرہ مین

اور اسمین کئی فصلین ہین فصل اول کیفیت طلاق مین چاہیے کہ صیغہ طلاق کا حضور مین دو عادلون کے مجلس واحد مین خود یا وکیل اسکا واقع کرے اور دونون عادل مجلس واحد مین متوجہ ہو کر سنین اور دونون مرد ہون پس اگر غصہ مین یا بیہوشی مین یا بغیر قصد کے یا حضور مین ایک عادل کے یا ایک مجلس مین ایک مرد عادل کے سامنے اور دوسری مجلس مین دوسرے مرد عادل کے سامنے یا حضور مین فقط عورتون کے واقع کرے تو طلاق صحیح نہوگی اور جس عورت کو طلاق دے چاہیے کہ اُسکو معین کردے اور وہ اسکی زوجہ دائمی ہو اور پاک ہو حیض و نفاس سے اور اس طہر مین اسنے مباشرت نہ کی ہو اسلیے کہ اگر مباشرت کرچکا ہے تو پھر جبتک حیض نہ آئے اور وہ پاک نہو طلاق دینا صحیح نہین ہے اسیطرح اگر طلاق دے زن منکوحہ مدخولہ کو ایام حیض و نفاس مین باوجود علم اور اپنی موجودگی کے تو یہ بھی طلاق صحیح نہین ہے اور تمام ہوجانا مدت متعہ کا یا بخشدینا بقیہ مدت متعہ کا زن متوعہ کو بھی بجاے طلاق کے ہو پس صیغہ طلاق کا اگر خود کہے تو یون کہے زَوجَتِی زَینَبُ طَالِقٌ

باب سترھوان

کیفیت طلاق

زوجہ دائمی ہو اور طلاق بنظر بڑی سے وہ

Marfat.com

زینب کی جگہ نام اُس عورت کا لے واضح ہو کہ طالق اسم فاعل کا صیغہ ہے بمعنی رہا
اور اگر وہ عورت موجود ہو تو اُسکی طرف اشارہ کرکے یون کہے زَوْجَتِیْ هٰذِهٖ طَالِقٌ[1]
یا اس عورت کو مخاطب کرکے یون کہے اَنْتِ طَالِقٌ[2] اور اگر وکیل ہو تو یہ کہے زَوْجَۃُ
مُوَكِّلِیْ زَيْنَبُ طَالِقٌ[3] یا بموجودگی زوجہ یون کہے زَوْجَۃُ مُوَكِّلِیْ هٰذِهٖ طَالِقٌ[4] اور مثل
صیغون نکاح کے اسمین بھی شرط ہے کہ بقصد انشا واقع کرے اور قرات ضروری کا خیال رکھے کہ تا و
طا وغیرہ مین فرق معلوم ہو **فصل دوم** اقسام طلاق مین اور اسکی دو قسمین ہین بائن و رجعی بائن
تو وہ طلاق ہے کہ جسمین ابتداءً رجوع نکر سکے اور وہ پانچ عورتین ہین ایک زن غیر مدخولہ دوسری
وہ عورت جو سن یاس کو پہونچی ہو یعنی حیض کے دیکھنے سے مایوس ہوا اور وہ پچاس برس ہین
غیر قریشی مین اور ساٹھ برس ہین قریشی مین تیسری وہ لڑکی کہ سن حیض کو نہ پہونچی ہو چوتھی زن مختلعہ
یعنی جسنے کچھ دیکر شوہر سے طلاق لی ہو پس جبتک کہ وہ اس رقم کو پھیر نہ لے شوہر سے شوہر رجوع
نہین کر سکتا پانچوین وہ عورت کہ جسکو اسکے شوہر نے طلاق دے کر ایام عدہ مین رجوع کی ہو
اور پھر دوبارہ طلاق دیکر رجوع کی ہو پھر تیسری مرتبہ جو طلاق دیگا تو وہ عورت حرام ہو جائیگی
جبتک کہ وہ ایک شوہر اور نکرے کہ اسکو محلل کہتے ہین آزاد ہو یا بندہ اور محلل مین شرط ہے
نکاح دائمی کی اور مباشرت کی پس جب یہ شخص اس عورت کو بلا جبر و اکراہ بشرائط معتبرہ
طلاق دے اور عدہ طلاق گذر جائے تب شوہر اول اس سے نکاح کر سکتا ہے اور طلاق رجعی
وہ ہے کہ جسمین شرعًا رجوع کر سکتا ہے خواہ رجوع کرے یا نہ کرے پس اگر زن مختلعہ نے جو کچھ
دیا تھا پھیر لیا تو وہ طلاق رجعی کہلائیگی اسلیے کہ اب شوہر رجوع کر سکتا ہے اور بائن
بھی ہے اسلیے کہ ابتداءً رجوع نہین کر سکتا تھا اور طلاق رجعی مین درمیان عدہ کے رجوع
کر سکتا ہے اور بعد عدہ کے عقد جدید کر سکتا ہے **فصل سوم** احکام طلاق رجعی مین ہر گاہ

اقسام طلاق

احکام طلاق رجعی

---

[1] زوجہ میری یہ طلاق پانے والی ہے ۱۲ [2] تو طلاق پانے والی ہے ۱۲ [3] زوجہ میرے موکل کی زینب طلاق پانے والی ہے ۱۲ [4] زوجہ میرے موکل کی یہ طلاق پانے والی ہے ۱۲ -

Marfat.com

عورت کو بشرائط مذکورۂ بالا طلاق دے اور وہ عورت غیر ہوان عورتونکی جو طلاق بائن
مین مذکور ہوئین تو اثنائے عدہ مین رجوع کر سکتا ہے اور جبتک وہ عورت عدہ تمام نہ کرے
حکم زوجیت مین ہے یعنی مستحق نان و نفقہ کی ہے اور باہم اُنکے توارث ہوگا اگر اثنائے عدہ مین
کوئی زوجہ و شوہر مین سے مرجاوے یعنی ایک دوسرے کی میراث پائیگا اور رجوع اُسے
کہتے ہین کہ شوہر اثنائے عدہ مین اس سے کہے رَاجَعْتُكِ[له] یا کہے کہ مین نے تجکو طلاق
نہین دی یا اس سے مقاربت کرے یا بوسہ لے یا شہوت سے مس کرے اور رجوع
حالت حیض و احرام مین درست ہے اگرچہ مقاربت بوجہ حیض و احرام کے نہین کر سکتا اور
جس طرح آگاہ کرنا زوجہ کا طلاق مین ضرور نہین ہے اسی طرح رجوع مین بھی اطلاع ضرور
نہین پس اگر زوجہ غائب کو طلاق دے اور عدہ مین رجوع کرے تو یہ دونون فعل درست
ہین اور گواہ کرنا رجوع مین ضرور نہین بلکہ مستحب ہے اور نان و نفقہ بائن کا ایام عدہ مین
نہین ہے مگر جبکہ وہ حاملہ ہو پس نفقہ اسکا وضع حمل تک واجب ہے **فصل چہارم** عدہ مین
پس ایک عدۂ طلاق ہے اور دوسرا عدۂ وفات جو عورت آزاد ہو اور مدخولہ شوہر کی ہو اور صاحب
عادت معینہ ہو یعنی ہر ماہ مین اُسکو حیض آتا ہو تو عدۂ طلاق اسکا علی الاشہر تین طہر ہین اسطرح
کہ ایک طہر تو وہی ہے جسمین طلاق دیگئی ہے اسکے بعد حیض آکے دوسرا طہر شروع ہوگا پھر حیض
آکے تیسرا طہر شروع ہوگا پس جب یہ طہر بھی کامل ہو جائیگا اور حیض دیکھیگی تو عدہ اسکا تمام ہوا
خواہ شوہر اسکا آزاد ہو خواہ غلام اور جو عورت حائض نہوتی ہو باوجودیکہ سن حائض کا رکھتی
ہے تو عدہ اسکا تین مہینے ہین روز طلاق سے اور جو عورت یائسہ یا صغیرہ ہے بنا بر مشہور عدہ
انکا کچھ نہین اور بنا بر قول سید مرتضے وغیرہ کے عدۂ طلاق انکا بھی تین مہینے ہین اور زوجہ
غیر مدخولہ کا عدہ کچھ نہین علی الاتفاق اور عدۂ طلاق زن حاملہ کا وضع حمل ہے خواہ لڑکا سالم
پیدا ہو خواہ ناقص اور زن متمتع بہا یعنی ممتوعہ کی جب مدت متعہ تمام ہو گئی یا شوہر نے بقیہ
مدت اسکو بخشدی تو اسی روز سے عدہ اسکا دو حیض ہے اور اگر حیض نہ آتا ہو باوجودیکہ سن

[له] رجوع کیا مین نے تجھسے ۱۲

بیان عدہ

Marfat.com

حیض کا رکھتی ہو یا عادت حیض کی معین نہو تو پینتالیس روز ہین پس اس عدہ کے
ہونیکے بعد دوسرا شخص اس عورت سے نکاح یا متعہ کر سکتا ہے مگر یہ شخص جسنے پہلے متعہ کیا
تھا اگر یہی دوسرا متعہ اُس سے کرے اسکو حاجت انتظار گذرنے ایام عدہ کی نہین ہے یعنی تمام
مدت متعہ کے بعد یا مدت متعہ بخش دینے کے ساتھ ہی دوسرا متعہ اس سے کر سکتا ہے خواہ اس عورت
کو حمل بھی اس شخص کا رکھیا ہو اور عدہ زنا کا کچھ نہین ہے یعنی اگر کسی عورت نے کسی شخص سے زنا
کیا ہو چاہے اس زنا سے حاملہ ہو گئی ہو یا نہین پس وہی شخص زانی یا دوسرا شخص اس عورت
سے نکاح یا متعہ کر سکتا ہے اور یہ بھی واضح ہو کہ جب کوئی عورت نکاح یا متعہ سے حاملہ ہو تو بعد
دینے طلاق یا مدت متعہ تمام ہونے یا مدت متعہ بخش دینے اسکے شوہر کے بھی دوسرا شخص اس عورت
سے نکاح یا متعہ نہین کر سکتا جبتک کہ وضع حمل نہو جائے اور عدہ طلاق کا روز علم سے ہے یعنی
جس روز زوجہ کو معلوم ہو کہ شوہر نے طلاق دی اور عدۂ[1] وفات کا روز وفات شوہر سے ہے
اور مدت اسکی چار مہینے دس روز ہے اگر عورت حرہ منکوحہ ہو دائمی ہو یا متمتع بہا مدخولہ ہو یا
غیر مدخولہ صغیرہ ہو یا کبیرہ یائسہ ہو یا غیر یائسہ عادت حیض معین ہو یا غیر معین شوہر اس کا غلام ہو یا
آزاد پاس ہو یا برسون سے سفر مین ہو اور وہان سے وفات کی خبر آوے اور اگر زوجہ شخص متوفی
کی حاملہ ہو منکوحہ دائمی ہو یا متوعہ کنیز ہو یا آزاد عدہ وفات انکا ابعد اجلین ہے یعنی اگر وضع حمل
پہلے ہو جاوے تو انتظار عدۂ وفات یعنی چار مہینے دس روز کا کرے اور اگر چار مہینے دس روز
پہلے گذر جاوین تو انتظار وضع حمل کا کرے **فصل پنجم** خلع مین اگر نزاع و بیزاری جانب زوجہ
سے ہو اور زوجہ کچھ بطور فدیہ دے کر شوہر سے طلاق لے اگرچہ زر مہر ہی سے وہ بعوض طلاق
کے دست بردار ہو تو اُسکو خلع کہتے ہین پس اسمین بھی شرط ہے کہ شوہر بالغ و عاقل ہو اور بقصد
واختیار خلع واقع کرے اور عورت حیض مین نہو اور اس طہر مین شوہر نے مباشرت نہ کی ہو

بیان خلع

[1] عورت عدۂ وفات اس دن سے رکھے گی جس دن اسکو اپنے شوہر کے انتقال کی خبر ملی ہو اور عدہ
طلاق اس دن سے شمار ہوگا جس دن اسکی طلاق واقع ہوئی ہے ۱۲۔

Marfat.com

جیسا کہ طلاق مین گذرا اور ضرور ہے کہ دو شاہد عادل نے صیغہ خلع کو وقت واقع کرنے کے
سنا ہو پس پہلے فدیہ مشخص کیا جائے کہ کیا مقدار اسکی ہے یا کیا شے مالیت کی ہے اور حد فدیہ
کی کچھ نہین جسپر تراضی طرفین ہو جائے پس اگر وکیل ہو تو یون کہے زَوجَۃُ مُوَکِّلِی زَینَبُ مُختَلِعَۃٌ
عَلٰی عِوَضِ المَبلَغِ المَعلُومِ زینب کی جگہ نام اُس عورت کا لے اور اگر بعوض زر مہر ہو تو کہے
عَلٰی عِوَضِ المَہرِ المَعلُومِ اور لفظ مُختَلِعَۃٌ بکسر لام و بفتح لام دونون کا احتمال ہے پس احوط
ہے کہ ایک مرتبہ مُختَلِعَۃٌ کے ساتھ کہے اور دوسری مرتبہ مُختَلَعَۃٌ کے ساتھ اور اگر خود شوہر
صیغہ کہے تو یون کہے زَوجَتِی زَینَبُ مُختَلِعَۃٌ عَلٰی عِوَضِ المَبلَغِ المَعلُومِ یا زوجہ
کو مخاطب کر کے کہے خَلَعتُکِ عَلٰی عِوَضِ المَبلَغِ المَعلُومِ یا یون کہے اَنتِ مُختَلِعَۃٌ عَلٰی
عِوَضِ المَبلَغِ المَعلُومِ اور قرات ضروری کا لحاظ اور معنون کا جاننا جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا
ہے اسمین بھی شرط ہے اور بعد صیغہ خلع کے صیغہ طلاق بھی واقع کرے اور اگر درمیان عدہ
کے زوجہ و شوہر مین سے کوئی مرجائے تو میراث انمین ساقط ہے بخلاف طلاق کے کہ
اسمین نسان عدہ تک توارث فیما بین ہوگا **فصل ششم** ظہار مین واضح ہو کہ ظہار کرنا یعنی
اپنی زوجہ کو اپنی مان یا بہن کی پشت سے تشبیہ دینا حرام ہے ہرگاہ ایسا کریگا تو وہ عورت
حرام ہو جائیگی جبتک کہ کفارہ نہ دے پس اسمین شرط ہے کہ زوجہ مدخولہ ہو اور شوہر بالغ
اور عاقل ہو اور اُسنے بقصد و اختیار ظہار کیا ہو اور دو شخص گواہ عادل نے مجلس واحد
مین سنا ہو اور ظہار ایام حیض مین واقع نہو اور اس طہر مین شوہر نے مباشرت نکی ہو اور صیغہ
عربی کے ساتھ ظہار کیا ہو پس اگر شوہر نے حالت غصہ مین یا عدم حضوری دو عادل مین یا بغیر
صیغہ عربی کے ظہار کیا ہوگا تو وہ صحیح نہین اور صیغہ اسکا یہ ہے کہ شوہر زوجہ سے کہے

بیان ظہار

له زوجہ موکل میرے کی زینب خلع پانے والی ہے اوپر عوض مبلغ معلوم کے ۱۲ ۲ له زوجہ میری زینب خلع پانے والی ہے اوپر عوض مبلغ معلوم کے ۱۲ ۳ له خلع کیا مین نے تجکو اوپر عوض مبلغ معلوم کے ۱۲ ۴ له تو خلع پانے والی ہے اوپر عوض مبلغ معلوم کے ۱۲ ۵ له صیغہ خلع کافی ہے اگرچہ یہ احوط ہے کہ بعد صیغہ خلع صیغہ طلاق بھی جاری کر دیا جائے جسطرح یہ بھی احوط ہے کہ جب زوجہ یا وکیل زوجہ صیغہ خلع جاری کر چکے تو زوجہ یا اس وکیل کی طرف سے قبول بھی واقع ہو ۱۲

Marfat.com

اَنۡتِ عَلَیَّ کَظَھۡرِ اُمِّیۡ یا کہے اَنۡتِ عَلَیَّ کَظَھۡرِ اُخۡتِیۡ پس بعد ظہار کے اگر بغیر کفارہ دیے
جماع کریگا تو دو کفارے شوہر پر واجب ہوجائینگے اور کفارہ ظہار کا وہی ہی جو باب ہفتم
فصل اول کفارہ صوم مین تفصیل گذرا اور واضح ہو کہ کیسا ہی وہ شخص نادار ہو مگر بغیر کفارہ
دیے جماع زوجہ حلال نہین ہوتا ہان یہ ترکیب البتہ ہی کہ بعد ظہار کے اگر طلاق دیدے اور
بعد گذرنے عدہ طلاق کے پھر از سر نو عقد جدید کر لے تو بنا بر مشہور کے کفارہ ساقط ہے

فصل ہفتم اُن عورتون کے بیانمین جو بسبب نسب کے خواہ کسی وجہ دیگر سے حرام ہوئی
ہین مخفی نرہے کہ حرام ہین مان اور بہن اور دادی اور نانی اور مائین انکی جہانتک کہ سلسلہ
انکا بڑھتا جائے اور بیٹی اور پوتی اور نواسی اور بھتیجی اور بھانجی اور اولاد انکی خواہ بہن اور
بھائی حقیقی کی اولاد ہون خواہ مادری خواہ پدری کی اور خالہ اور پھوپھی حقیقی ہون خواہ سوتیلی
اور مان زوجہ کی یعنی خوشدامن حقیقی اور اُسکی دادی اور نانی خواہ زوجہ سے ہمبستر ہوا ہو یا نہین البتہ
خسر کی اور بیبیونمین نابر مشہور کے عدم حرمت ہی اور اگر زن مدخولہ کی مان حقیقی سے زنا کرے تو
زوجہ اسپر حرام ہوجائیگی[1] اور بیٹی زن مدخولہ کی اور اولاد اسکی دختر کی خواہ پہلے شوہر سے ہو خواہ
بعد مفارقت اسکے اور شوہر سے پیدا ہوئی ہو حرام ہی بخلاف دختر زن غیر مدخولہ کے کہ قبل
مباشرت اسکو طلاق دیکر اسکی دختر سے نکاح کرسکتا ہی اور جس عورت سے جماع کیا ہو خواہ بنکاح
خواہ بزنا اس عورت کی پوتی اور نواسی بھی اس شخص پر حرام ہی اور اگر معاذ اللہ کوئی شخص اپنی
پھوپھی یا خالہ سے زنا کرے تو انکی بیٹیان اس شخص پر حرام موبد ہوجائینگی یعنی مثل مان کے
کبھی کسی طرح حلال نہونگی ہان اگر جماع دھوکے مین واقع ہوا ہو۔ یا نکاح پھوپھی اور خالہ کی بیٹی
کا بیشتر زنا سے ہوچکا ہو تو حرام نہونگی اور مدخولہ باپ کی بیٹے پر اور بیٹے کی باپ پر حرام موبد ہی اور یہ
حکم کنیز کا ہی اسلئے کہ زوجہ ہر ایک کی انمین سے بمجرد عقد کے دوسرے پر حرام موبد ہوجاتی ہے
چاہے دخول ہوا ہو یا نہین اور بہن زوجۂ مدخولہ کی حقیقی ہو یا سوتیلی آزاد ہو یا کنیز جمعًا حرام ہے

زنان محرم ابدی

[1] زوجہ حرام ہو گئی -

---

[1] تو اوپر میرے مانند پشت مان میری کے ہی ۱۲ [2] تو اوپر میرے مانند پشت بہن میری کے ہی ۱۲ [3] زوجہ حرام نہوگی ۱۲ دام ظلہ

Marfat.com

ہان زوجہ کو طلاق دے کر بعد گذرنے ایام عدہ کے اس سے نکاح کرسکتا ہو اور اگر کوئی زوجہ کی بہن سے زنا کرے گا تو زوجہ اُسپر حرام نہین ہوگی اور زوجہ کی بھانجی یا بھتیجی سے بغیر اجازت زوجہ کے عقد نہین کرسکتا اگر کریگا تو بعض فقہا نے فرمایا ہو کہ زوجہ کو اختیار ہو چاہے ایسے عقد کو برقرار رکھے اور چاہے فسخ کردے اور چاہے اپنے عقد کو فسخ کردے بغیر طلاق کے ہان اگر زوجہ کی پھوپھی یا خالہ سے عقد کرے تو اجازت زوجہ کی درکار نہین اور اگر کوئی شخص زنا کرے ایسی عورت سے کہ وہ صاحب شوہر ہو یا شوہر کے ایام عدہ مین ہو تو وہ عورت اس زانی پر حرام موبد ہوجائیگی اور اگر ایام عدہ مین دانستہ عقد کریگا تو بمجرد عقد حرام موبد ہوجائیگی گو دخول نہ کیا ہو ہان اگر نادانستہ عقد کیا ہوگا تو بعد دخول حرام موبد ہوجائیگی قبل دخول نہین اور اگر کسی طفل یا مرد سے کوئی لواطہ کرے اگرچہ بقدر سر ذکر اسکی دبر مین گیا ہو تو مائین اور بہنین اور بیٹیان اسکی اس وطی کرنے والے پر حرام موبد ہوجاتی ہین ہان اگر نکاح انکا قبل اس لواطہ کے اس شخص سے ہوچکا ہے تو حرام نہونگی اور جو عورت کہ نو برس سے سن کم رکھتی ہو اور اس کا شوہر مقاربت کرے اور اس وجہ سے مخرج بول وحیض یا مخرج حیض و براز اسکا پھٹکر ایک ہوجائے تو وہ بھی اپنے شوہر پر حرام موبد ہوجاتی ہو مگر بعض مجتہدین فرماتے ہین کہ اگر علاج پذیر ہو کر صحت پاجائے تو حلال ہوجائیگی اور سوا انکے اور صورتین بھی حرام موبد ہوجانیکی ہین جو کتب مطولہ مین مذکور ہین اس مختصر مین ضروری احکام پر اکتفا کی جنکا اکثر اتفاق پڑتا ہے

باب اٹھارھوان خلاصہ تجوید یعنی قرأت مین

اٹھارھوان باب

واضح ہو کہ تجوید کے معنی لغت مین خوب کرنا ہین اور اصطلاح مین یہ معنی ہین ۔ ادا کرنا ہر حرف کا اسکے اصلی مخرج سے ۔ اور اسکا جاننا ہر مرد و عورت پر واجب ہو اسلئے کہ بغیر اسکے جاننے اور حروف کو مخارج سے نکالنے کے نماز صحیح نہین ہو ۔ اور نماز وہ چیز ہو کہ ارکان ایمان مین اس سے عمدہ کوئی شے نہین ہو اور اسی سے مومن و کافر مین تمیز کیجاتی ہو کہ کافر نماز نہین پڑھتا حدیث مین وارد ہو کہ بروز حشر اول پرسش نماز کی ہوگی پس جس شخص کی نماز مقبول ہوئی اسکے دیگر

Marfat.com

اعمال بھی قبول ہونگے اور جس شخص کی نماز قبول نہ ہوگی اسکے اور اعمال بھی مقبول نہ ہونگے
صحت نماز کی شرطون مین سے ایک شرط یہ بھی ہو کہ مشتبہۃ الصوت حروف جنکے بعض
سے پڑھنے مین آواز یکسان رہتی ہو اور باہمی فرق معلوم نہین ہوتا جیسے ھ-ہ-ء-ع
اور ح-ہ اور ت-ط اور ذ-ز-ض-ظ اور ث-س-ص اگر مخرج سے نہ
نکالے جائینگے تو آواز مین مشابہ رہینگے ان کو انکے مخرج سے ادا کرے اگر ایسا نکریگا
تو گنہگار ہوگا اور نماز اسکی باطل ہوگی اسلیے کہ تغیر حروف مین معانی لفظون کے بالکل بدل
جاتے ہین مثلاً درود شریف یعنی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اسکے معنی یہ ہین
کہ۔ خداوندا رحمت نازل کر تو اوپر محمدؐ اور آل محمدؐ کے۔ اور اسکی نماز مین پڑھنے کی بڑی تاکید
ہے کہ اگر کوئی تشہد کے آخر مین درود نہ پڑھیگا تو اسکی نماز قبول نہوگی پس اگر کوئی شخص اس
لفظ صَلِّ کو کہ صاد سے ہو سین سے سَلِّ پڑھیگا تو اسکے معنی بدل جائینگے کیونکہ سین سے
سَلِّ کے معنے یہ ہین۔ تلوار کھینچ پس معاذ اللہ یہ دعاے بد ہو جائیگی اور اسی طرح بہت
الفاظ ہین جنکے معانی اختلاف حروف مین بدل جاتے ہین لیکن یہ بھی واضح ہو کہ جسطرح
سے قاری لوگ حرفون کو مخرج سے عمدہ لہجہ سے نکالتے ہین یہ کچھ ضرور نہین ہے بس واجب
اسی قدر ہو کہ ان حرفون کے مخارج جانتا ہو اور اپنی دانست مین اپنے ارادے سے جہانتک
ممکن ہو ان حرفونکو انکے مخارج سے نکالے تاکہ سننے والے کو تمیز ہو جاوے کہ اس شخص نے صاد
پڑھا یا سین۔ باقی اور تمام حروف مثل لام میم۔ نون وغیرہ کے اگرچہ انکے بھی مخارج ہین
مگر انکا مخرج سے نکالنا مستحب ہو واجب نہین ہو۔ اب یہان پر انھین حروف کی کیفیت
بیان کی جاتی ہو جنکا جاننا واجب ہو اور جنکو مخرج سے ادا نہ کرنے مین نماز باطل ہو جاتی
ہو اور وہ کل تیرہ حرف ہین۔ اور ظاہر انکا صاف کر لینا چندان مشکل نہین ہو۔ جو مرد و عورت
دل سے قصد کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ یا دو ہفتہ مین یہ حروف صاف ہو جائینگے
اور نماز اسکی صحیح اور درست ہو جائیگی یہ بھی جاننا چاہیئے کہ الف اور ہمزہ کی تحقیق مین چند قاعدے

ضرورت درود

Marfat.com

بیان الف ہمزہ

ہین مگر صحیح یہ ہو کہ یا تو وہ اپنی شکل پر ہو جیسے (۶) اس صورت مین چاہے وہ متحرک ہو جیسے ھٰؤُلَآءِ
مین اور چاہے وہ ساکن ہو جیسے بِئْسَ مین ہر حال مین وہ ہمزہ ہی اور مخرج ہمزہ سے نکالا جائیگا - اور
اگر بصورت الف لکھا ہو تو اسکی دو قسمین ہین اگر الف پر حرکت ہو یعنی زبر - زیر - پیش - تو وہ بھی حکم ہمزہ
مین ہے جیسے اَلْحَمْدُ اور اِیَّاکَ اور اُولٰٓئِکَ مین سرے والے تینون الف حکم ہمزہ مین ہین
اور مخرج ہمزہ سے نکالے جائینگے اور جو الف ہو گا وہ ہمیشہ ساکن ہوگا اور اپنے پہلے والے حرف
سے ملا کر پڑھا جائیگا جیسے عَالَمِیْنَ مین عین کے بعد الف ہی پس اسی جہت سے الف کو
شمار نہین کیا اب واضح ہو کہ اُن تیرہ حروف مشتبہۃ الصوت کی چھ قسمین ہین پہلی (ھمزہ - ہ)

حروف قراءت اور حروف مشتبہۃ الصوت

انکا ایک مخرج ہی ابتداے حلق جانب سینہ سے نکالو - مگر ہمزہ مین آواز پر زور دیکے جھٹکے کے ساتھ
اور ہ مین آواز کو نرم کر کے آسانی کے ساتھ دوسری (ح - ع) انکا ایک مخرج ہی حلق کے بیچ
مین سے نکالو بھری ہوئی آواز کے ساتھ تیسری (ت - ط) انکا ایک مخرج ہی - زبان کی نوک
کو سامنے والے اوپر کے دونون دانتون کی نوک سے لگا کے نکالو مگر ط مین زبان کے پیٹ
کو بھی تالو سے چپکا لو اور ت مین نہین چوتھی (ث - ذ - ظ) انکا ایک مخرج ہے - زبان کی
نوک کو سامنے والے اوپر کے دونون دانتون کی نوک سے لگا کے نکالو مگر ظ مین زبان
کے پیٹ کو بھی تالو سے چپکا لو اور ث - ذ مین نہین پانچوین (ز - س - ص) انکا ایک مخرج
ہے - زبان کی نوک کو سامنے والے نیچے کے دونون دانتون کی نوک سے لگا کے نکالو مگر
ص مین زبان کے پیٹ کو بھی تالو سے چپکا لو اور ز - س مین نہین چھٹی (ض) زبان کے
پہلو کے کنارہ کو نیچے کی داڑھونکی جڑ سے لگا کے نکالو چاہو دہنی جانب چاہو بائین جانب
جسکو سہل معلوم ہو - یہ بھی معلوم رہے کہ ان تیرہ حرفون کو مخارج سے نکالنے مین بھی
مشکلات تھین مثل دانتون کے نام اور ص - س کی صفیر وغیرہ کے لیکن انکو ترک کر دیا کہ
پھر مشکل پڑ جاتی اور عوام کو خصوصاً عورتون کو یاد نہ ہو سکتا اور یہ باتین زائد و غیر ضروری
بھی تھین - پس نماز کے صحیح ہونے کے واسطے اسی قدر ضروری تھا جو لکھا گیا فقط

Marfat.com

التماس بخدمت برادران ایمانی از طرف خاکسار عقیدت اذل الکونین سید تصدق حسین رضوی متخلص عاشقِ ملازم قدیم مطبع

بعد حمد کردگار و نعت رسول مختار و منقبت حیدر کرار و مداح ائمہ اطہار علیہم التحیۃ والثنا کے
یہ رذالخلائق عرض رسا ہو کہ یہ کتاب مستطاب جب سے کہ تالیف ہوئی آج تک اکثر
مطابع مین طبع ہوئی لیکن اُسی اختصار کے ساتھ جیسی کہ تالیف ہوئی تھی — اور اس
مطبع مین بھی ۱۸۷۹ء تک اُسی قدر بکرات و مرات طبع ہوتی رہی لیکن چونکہ اُس مین
مسائل اور احکام دین اور اعمال باوجود ضروری ہونے کے بہت کم تھے اور اکثر
حضرات اور احباب بروقت کرنے اعمال یا ملاحظہ کرنے کسی مسئلہ ضروری کے
پریشان خاطر ہوتے تھے لہذا کمترین نے ۱۸۸۰ء مین جب یہ کتاب شریف طبع
ہونے لگی تو حسب استبداد حضرات شائقین آقائے نامدار مالک مطبع اودھ اخبار
دام اقبالہ سے خواہش احباب کو ظاہر کرکے اسکا اہتمام اضافہ و صحت وغیرہ اپنے
متعلق کیا اور بڑی بڑی کتابوں ستند مثل زاد المعاد و سفینۃ النجات و جامع عباسی و
اعمال الصالحین و حدیقۃ المتقین و بیاض مطبوعہ طہران و صحیفہ کاملہ وغیرہ وغیرہ سے
عمدہ عمدہ اعمال ضروری دوازدہ ماہ اور مسائل بکار آمد انتخاب کرکے اور فتولے
حال علمائے خاندان اجتہاد سے مطابق کرکے کتاب کو زیادہ کیا اور صحت کاپی
و پروف مین وہ مشقت کی جس سے حضرات ناظرین بہت خوش ہوئے اور
کمترین کی محنت کی داد مل گئی اور آج تک وہ مطبوعہ ہر دل عزیز ہے اسکے بعد
کمترین کربلائے معلےٰ گیا اور تین برس کامل وہان رہا اور خدمت بابرکت
نائب امام حجۃ الاسلام مستجمع شرائف ملکیہ فقیہ عدیم النظیر فی البریہ جناب شیخ
زین العابدین المازندرانی الحائری اعلی اللہ مقامہ فی اعلی علیین مین اکثر حاضر رہا

Marfat.com

ور شرف استفادہ سے مشرف ہوا کیا - اس عرصہ مین بار دوم یہ کتاب کمترین کی نسبت مین بھی طبع ہوئی مگر اسی قدر جسقدر اضافہ ہوچکی تھی - آب کہ یہ دعاگو حسب اقتضائے آب وخواب یہان پھر واپس آیا اور آقائے نامدار ممدوح نے مجکو میرے عہدہ پر سرفراز فرمایا تو پھر احباب نے اصرار کیا کہ اب جو مطبع مین تحفۃ العوام طبع ہو تو کچھ ضروری اضافہ جو رہگیا ہے وہ بھی کردینا خصوصًا دعاے جوشن کبیر اور جوشن صغیر ضرور درج ہو اور نیز دیگر اعمال ضروری مین بھی خیال رہے کہ جن جن دعاؤن کا حوالہ صحیفہ کاملہ وغیرہ سے دیا ہے وہ سب اسی مین داخل ہون تاکہ بروقت اعمال دوسری کتابون کی طرف رجوع کرنے کی حاجت باقی نرہے اور نیز مسائل مین بھی فلان فلان مقام پر اضافہ ہو کہ پھر ضروری اور روزمرہ کے کارآمد مسائل مین یہ کتاب جامع ہوجائے اور کتابت مین بھی کسیقدر وضاحت کردی جائے کہ شب کے پڑھنے مین چندان دقت نرہے کمترین نے عذر کیا کہ پھر اس صورت مین کتاب کا حجم زیادہ ہوجائیگا اور قیمت بڑھجائیگی مگر ان حضرات نے نہ مانا اور بڑے اصرار سے اپنے شوق کو ظاہر فرمایا تا اینکہ اس مرتبہ کے طبع مین پھر کمترین نے بحضور آقائے نامدار کوشش کی اور بعد حصول اجازت بڑی محنت ومشقت سے از سرنو اصل کی نظر ثانی کی اور ہر ہر مقام مناسب پر بہت کچھ اضافہ کیا اور ایسی ایسی چیزین عمدہ اور ضروری زیادہ کین کہ یقین ہے حضرات ناظرین نہایت خوش ہونگے اور مالک مطبع کے حق مین دعاے خیر فرمائین گے تفصیل کل چیزون کی فہرست مطالب نفس کتاب ملحقۂ عنوان سے واضح ہوگی کہ کن کن عمدہ فوائد کا اسمین انتخاب مندرج ہے :: ❊

عرض ضروری اکثر ناواقف حضرات سے سنا گیا کہ منشی صاحب کے مطبع مین بوجہ اہتمام اہل سنت وجماعت کے مذہب شیعہ کی کتابون مین تصرف ہوجاتا ہی اور مخصوص باتین نکال ڈالی جاتی ہین - بس واللہ باللہ وکفیٰ باللہ شہیدا کہ یہ سب

Marfat.com

غلط محض ہو - الک ...
مذہب شیعہ کی کتاب کی صحت بلا ...
الفاظ نا ملائم کا نکال ڈالنا جس سے ...
نہین ہو سکتا اور نہ اس سے نفس مطلب ...
ایسا مطبع ہو جو ان امور متذکرہ کا پابند نہین ہے
الی آخرہ اس کمترین نے بلا شرکت غیرے ...
مستطاب کی کاپی و پروف کی صحت کی ہے ...
کوزہ مین بند ہوا ہے یعنی اسقدر زیادتی انجام ...
انشاء اللہ تعالی سب حضرات بعد ملاحظہ کتاب نہایت ...
مین کن کن مطول کتابون کا خلاصہ کس عمدگی و صحت سے ...
ارذالخلائق حضرات ناظرین سے دست بستہ ملتجی ...
کو بھی دعائے خیر عاقبت سے محروم نفرمائین اور اگر ...
پر محمول فرما کے خطاپوشی کو کام مین لائین - لان ال...
من اخیار ہم ماموں - یہ بھی واضح ہو کہ اس کمترین سے ...
نولکشور کو بخوشی خاطر اپنی ہبہ کر دیا -

Marfat.com

غلط محض ہو۔ مالک مطبع
مذہب شیعہ کی کتاب کی صحت بلا
الفاظ نا ملائم کا نکال ڈالنا جس سے
نہین ہوسکتا اور نہ اس سے نفس مطلب
ایسا مطبع ہو جوان امور متذکرہ کا پابند نہین ہے
الی آخرہ اس کمترین نے بلا شرکت غیرے
مستطاب کی کاپی و پروف کی صحت کی
کوزہ مین بند ہوا ہے یعنی اسقدر زیادتی انجام
انشاء اللہ تعالی سب حضرات بعد ملاحظہ کتاب نہایت
مین کن کن مطول کتابون کا خلاصہ کس عمدگی وصحت سے
ارذالخلائق حضرات ناظرین سے دست بستہ ملتجی
کو بھی دعائے خیر عاقبت سے محروم نفرمائین اور اگر
پر محمول فرما کے خطاپوشی کو کام مین لائین۔ لان ال
من اخیارہم مامول۔ یہ بھی واضح ہو کہ اس کمترین سے
نولکشور کو بخوشی خاطر اپنی ہبہ کر دیا۔

Marfat.com